تذکرہ دسویں شیخ خواجہ خواجگان

حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمہ اللہ

مؤلف

مولانا عبدالقیوم حقانی

تذکرہ وسوانح خواجۂ خواجگان حضرت مولانا

خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ

نام کتاب ------- تذکرہ وسوانح خواجۂ خواجگان

حضرت مولانا خواجہ خان محمدؒ

تالیف ------- مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہ

کمپوزنگ ------- جان محمد جان، مولانا افضل حمید چترالی

ضخامت ------- ۲۵۶ صفحات

تاریخ طباعت ------- شوال المکرم ۱۴۳۲ھ اکتوبر ۲۰۱۱ء

ناشر ------- القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ

برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ

ملنے کے پتے

☆ موتمر المصنفین جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ

☆ صدیقی ٹرسٹ صدیقی ہاؤس المنظر اپارٹمنٹس ۴۵۸ گارڈن ایسٹ نزد لسبیلہ چوک کراچی

☆ مکتبہ رشیدیہ سرداد پلازہ تقی روڈ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ

☆ کتب خانہ رشیدیہ، مدینہ کلاتھ مارکیٹ، راجہ بازار، راولپنڈی

☆ مکتبہ سید احمد شہید، ۱۰ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

☆ مکتبہ عمر فاروق شاہ فیصل کالونی کراچی

☆ مولانا خلیل الرحمن راشدی صاحب جامعہ ابوہریرہ نول موہ ضلع سیالکوٹ

اس کے علاوہ پشاور کے ہر مکتبہ تدبر میں یہ کتاب دستیاب ہے

تذکرہ و سوانح خواجہ خواجگان

حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ

تالیف

مولانا عبدالقیوم حقانی

[illegible]

القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ خیبر پختونخواہ پاکستان

فہرست عناوین

باب : (۴)

باب : (٥)

باب: (۲)

اخلاق حسنہ، توکل واخلاص، عادات واطوار

باب (۷)

احسان و تصوف تزکیۂ قلوب و مقام تصوف

باب: (۱۰)

باب: (۱۱)

☆ ☆ ☆

جلے ہیں شمع کی صورت مگر یہ کیا کم ہے
بڑھی ہے رونقِ محفلِ وطن ہم سے

☆ ☆ ☆

ہم اہل عشق ہیں اے آسمان ہمیں نہ مٹا
وفا و مہر و محبت کا ہے چلن ہم سے

☆ ☆ ☆

انتساب

مولانا مفتی عطا محمد رحمہ اللہ ... ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے دور افتادہ گاؤں چودھوان کے باشندے، متقدکاتہ مدت دراز، گمشدہ زمانوں کے راست باز علماء کی ایک جیتی جاگتی تصویر، قرن اول کی سادگی کا نمونہ، طبیعت میں حلم، مزاج میں انکسار وانکسار، زبان میں شیرینی، علم وعمل کا مرقع، حضرت مولانا عبداللہ لدھیانوی کے خلیفہ مجاز، حضرت خواجہ خان محمدؒ کے معتمد دوست، علم کے رسیا، قرآن وسنت اور فقہ حنفی کے شیدا، مبلغ، کم سخن، کم آمیز، عیب بینی اور نکتہ چینی سے بیزار، مرنجاں مرنج۔

جب بھی اپنے آبائی گاؤں چودھوان جانا ہوتا ان کی زیارت وملاقات سے مشرف ہوتا۔ وہ بزرگ بھی تھے، دوست بھی تھے، شفیق بھی تھے، مہربان بھی تھے، ہم نوا اور ہم خیال بھی تھے۔ اپنے گاؤں چودھوان کی مرکزی جامع مسجد میں عیدین پر لوگوں کا اجتماع ہوتا، ہزاروں کا مجمع، مجھ جیسا گناہ گار خطیب ہوتا۔ میں بول رہا ہوتا اور مفتی صاحب اشکبار، ان کی نورانی داڑھی پر آنسوؤں کے موٹے موٹے قطرے بہہ رہے ہوتے اور کس کس ادا سے وہ دعا کیا کرتے۔

تقدیم

الحمد للہ و کفٰی والصلوٰۃ والسلام علٰی اشرف الانبیاء اجمعین!

اللہ تعالیٰ نے جو فرائض نبوت رسول اللہ ﷺ کو تفویض فرمائے تھے، ان میں سے دو کی کیفیت اس طرح بیان فرمائی ہے:

(۱) یُعَلِّمُہُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ۔ (انہیں کتاب (قرآن مجید) و حکمت (حدیث طیبہ) کی تعلیم سے سرفراز فرماتے ہیں)

(۲) وَیُزَکِّیْہِمْ۔ (اور ان کا تزکیہ باطن بھی فرماتے ہیں)

حضور انور ﷺ نے اپنے جاں نثار، فدا کار صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو کتاب کے علوم و معارف سے کماحقہ آگاہ فرمایا۔ اور احسان و سلوک میں بھی انہیں کندن بنا دیا۔

پھر صحابہ کرامؓ سے یہ فیوضات امت میں منتقل ہوئے، جس کا تا حال مقدس سلسلہ جاری و ساری ہے۔ حضور اقدس ﷺ کی قدسی صفات جماعت کو "محنت شاقہ" کی جاں گداز گھاٹیوں سے گزرنا نہیں پڑا، بلکہ آپ کی محض "نظر کیمیا اثر" سے وہ روحانی مدارج حاصل ہو گئے جو بعد میں پوری امت کے اولیاء و اقطاب بھی حاصل نہ کر سکے۔

اللہ تعالیٰ کی جانب سے "تعلیم کتاب" کا تفویض کردہ فریضہ امت کے

"علماء" نے اپنے ذمے لیا اور اسے "علیٰ منہاج نبوت" کماحقہٗ نبھایا، یا اس زمرۂ علماء میں ائمۂ مذاہب، محدثین، فقہاء، مفسرین اور دیگر علومِ نبوت کے حاملین شمار ہوتے ہیں۔

جبکہ "اولیاء اللہ" کی قدسی صفات جماعت میں اُمت کے اتقیاء، اصفیاء، زہاد، غوث، قطب اور ابدال جیسے نقباء و نجباء پائے جاتے ہیں۔

اگرچہ مذکورہ اوصاف کے حامل علماء بھی "تزکیہ" کی صفت سے متصف ہوتے ہیں، مگر ان کا یہ وصف اس قدر نمایاں نہیں ہوتا، جتنا کہ "اولیاء اللہ" کی یہ صفت آشکارا ہوتی ہے۔ گویا کہ "علماءِ اُمت" علومِ ظاہری میں مہارت کاملہ وتامہ کے مالک ہوتے ہیں، جبکہ "اولیاء اللہ" علومِ ظاہری و باطنی دونوں کے "مجمع البحرین" ہوتے ہیں اور "شریعت و طریقت" دونوں کے رمز شناس ہوتے ہیں۔

حضرت اقدس خواجہ خواجگان مولانا خان محمد قدس سرہ العزیز نہ صرف خود بلکہ ان کا "خانوادہ" "اولیاء اللہ" کی مقدس جماعت سے وابستہ ہیں، جو علومِ ظاہری و باطنی کا مجمع اور آفتاب و ماہتاب رشد و ہدایت ہیں۔

نذرانۂ عقیدت :

حضرت اقدس خواجہ خواجگان مولانا خان محمد نور اللہ مرقدہٗ کی جامع کمالات ہستی ظاہری و باطنی خوبیوں کا پیکر، شریعت و طریقت کے شہسوار، عظیم مربی و شیخ اور علم و عرفان اور رشد و ہدایت کا آفتاب عالم تاب تھے۔

حضرت اقدس عبادت و ریاضت میں بے حد مستقل مزاج تھے۔ لیکن بالخصوص صیام میں حضور انور ﷺ کے اتباع میں خصوصی اہتمام اور قابلِ رشک کردار ہوتا تھا۔ شب خیزی دائمی عمل تھا۔ لیکن رمضان المبارک کی پُر کیف لیالی میں ذکر و اذکار، نوافل اور تلاوت قرآن کی روح پرور بہاریں جوبن پر ہوتی تھیں۔

احسان و سلوک اور تلقین و ارشاد کا حلقہ بے حد وسیع تھا، وہ صحرا نشین مرد درویش

جود وسخا، فیاضی اور مہمان نوازی میں "حاتم طائی" سے بھی سبقت لے گئے، ان کے دستر خوان پر خواص وعام کا ہمہ وقتی ہجوم رہتا تھا۔

خانقاہ سراجیہ کے روح رواں

"خانقاہ سراجیہ ایک ایسی خانقاہ ہے جہاں کی فضا ہر قسم کی معنوی دلکشی اور برائی سے پاک صاف ہے، یہ دینی مرکز، یہ رشد وہدایت کا مقام، یہ ویرانہ دل کو آباد کرنے کی جگہ، یہ تزکیہ نفس کے لئے مثالی خانقاہ ہے۔

یوں محسوس ہوتا تھا کہ خانقاہ کا ذرہ ذرہ صبح وشام حمد وثنا کرتا رہتا ہے یہ پوری کائنات اور ہر شے اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے، موجودات کا ہر ذرہ اپنے خالق حقیقی کی پاکی بیان کرتا رہتا ہے اور اس کے قادر مطلق ہونے کا اعلان کرتا رہتا ہے۔

مگر خانقاہ سراجیہ میں یہ احساس متشکل ہو کر سامنے آتا ہے، جب خلائق کی گرد واس دل سے جھڑ جاتی ہے، تو ذہن روحانیت کے اثرات قبول کرنے، انہیں اپنے اندر جذب کرنے اور پاکیزہ ماحول سے اکتساب فیض کرنے کا اہل ہو جاتا ہے۔

یہ روحانی فضا، یہ پاکیزہ ماحول از خود پیدا نہیں ہو جاتا، اس کیلئے ایک خدا رسیدہ بزرگ کے مقدس وجود کا ہونا ضروری ہے۔

حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب (نور اللہ مرقدہٗ) کی ذات بابرکات نے اس فضا، اس ماحول کو پرکشش بنا دیا ہے، سینکڑوں میل دور بیٹھے ہوئے لوگ اس مرکز رشد وہدایت، اس مصدر فیوض وبرکات کی کشش محسوس کرتے ہیں۔

یہ کشش اینٹ پتھر سے تعمیر شدہ عمارت کی کشش نہیں، یہ کشش دنیوی نوادرات اور عجائبات کی کشش نہیں، یہ تو ایک وجود گرامی، ایک فقیر خدامست، ایک

درویشِ حق آگاہ ایک مردِ باکمال ایک برگزیدہ ہستی کی کشش ہے جس کی صحبت میں تپتے ہوئے دلوں کو راحت اور مضطرب روحوں کو آسودگی میسر آتی ہے"۔

([illegible])

"آپ نورِ باطن سے آراستہ حلم و بردباری اور اخلاق و تقویٰ سے پیراستہ ہیں۔ علم و فضل اور اخلاص و محبت کے حسین امتزاج سے مزین ہیں۔ دور سادگی قناعت جمالِ روحانیت اور کمالِ جاذبیت کی بلند صفات کے مظہر ہیں۔ عالم سکوت میں اہلِ مجلس کو ہمت و توجہ سے نوازیں تو وہ سر جھکائے بیٹھے بیٹھے بحر معرفت و حقیقت میں غوطہ زن ہو جاتے ہیں اور پل بھر میں صدق و صفا اور تزکیہ و تصفیہ کے گوہر ہائے گراں بہا سے اپنا دامنِ مراد بھر لیتے ہیں۔ جب آپ اہلِ مجلس سے خطاب فرمائیں تو آپ کی زرنگاری شیریں بیانی اور معارف نوازی کے اپنے پرائے سب ہی شیدا و والہ ہو جاتے ہیں"۔ ([illegible])

وَلَوْ كَانَتِ النِّسَاءُ تَعُدُّ مِثْلَهُ ... فَكَانَ رَسُولُ اللهِ فِيهِ مُمَثَّلَا

زبدۃ العارفین، قدوۃ الکاملین، رئیس الاتقیاء، پیکر تقدس و تقویٰ، کوہِ استقامت و وجاہت، شیخ المشائخ حضرت اقدس مولانا خواجہ خان محمد صاحب برّد اللہ مضجعہٗ ۲۲ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ / ۵ مئی ۲۰۱۰ء بروز بدھ جو پوری صدی کے فیوض و برکات کی تمام وسعتوں کو اپنے دامن تابدار میں سمیٹ کر خلد بریں میں رونق افروز ہو گئے۔ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

"اَلْعَيْنُ تَدْمَعُ وَالْقَلْبُ يَحْزَنُ وَمَا نَقُوْلُ إِلَّا مَا يَرْضَى بِهِ رَبُّنَا"۔

"آنکھوں سے آنسو بہہ رہے ہیں اور دل پارہ پارہ ہے اور ہم صرف وہی بات کہیں گے جس سے ہمارا رب راضی ہو"۔

اہل نظر تصویر حیرت ہیں کہ متاع دین و دانش لٹ گئی۔ علماء و مدرسین علوم نبوت کی بساط الٹ گئی۔ دانشوروں کو غم ہے کہ فضیلت و سیادت کی مسند خالی ہوگئی۔ شمع ختم نبوت کے پروانے گریاں ہیں کہ ان کا ہادی چل بسا۔ اہل حق سراسیمہ ہیں کہ ان کی ڈھال چھن گئی۔ سالکین راہ و رہروان صفا کو صدمہ ہے کہ ان کا مشفق و مربی اٹھ گیا اور عالم اسلام مغموم و محزون کہ ملت ایک دیدہ ور اور پاسبان سے محروم ہوگئی ہے ......

وَمَا كَانَ قَيْسٌ هُلْكُهُ هُلْكَ وَاحِدٍ ۔ وَلٰكِنَّهُ بُنْيَانُ قَوْمٍ تَهَدَّمَا

وہ شمع کی طرح خود پگھلتے رہے، مگر خلق خدا پر ضوفشانی کرتے رہے، خود جلتے رہے، مگر دوسروں کو جلا بخشتے رہے، خود بے چین و بے قرار رہ کر دوسروں کے لئے راحت و سکون عطا کرتے رہے، ان کے آئینہ رخ زیبا میں یاد خدا کی تصویر جھلکتی نظر آتی تھی۔ ذکر اللہ ان کے دیدۂ دل کو سرور اور آنکھوں کو نور عطا کرتا تھا۔

مگر اس فرمان خداوندی کو وہ بھی در جہاں اور عزیز جہاں ہوتے تغیر نہ دے سکے۔

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ .. كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ

مگر وہ دنیا سے جاتے ہیں تو اس شان سے جاتے ہیں کہ چہار سو صف الم بچھ جاتی ہے، ان کے فراق میں زمین و آسمان نوحہ کناں ہیں۔ انسانیت کا پرچم سرنگوں ہو جاتا ہے۔ زمانہ کروٹ بدل لیتا ہے اور قصر ملت میں زلزلہ بپا ہو جاتا ہے۔

حضرت خواجہ خواجگان قدس سرہ العزیز کی ذات والا صفات تو شاداں و فرحاں و خنداں اس دنیا سے تشریف لے گئے، اور ہماری صرف آنکھیں ہی نہیں بلکہ قلب و جگر بھی گریہ کناں ہیں۔ سارا عالم سوگوار ہے اور دنیا کے گوشے گوشے سے حضرت اقدس رحمۃ اللہ علیہ کے لئے خراج عقیدت و ارادت پیش کیا جارہا ہے۔ کسی

عارف باللہ نے اس کیفیت کی ترجمانی اپنے حسین الفاظ میں یوں فرمائی ہے۔۔۔

یاد داری کہ وقت زادن تو — ہمہ خنداں بوند تو گریاں
آن چناں زی کہ بعد مردن تو — ہمہ گریاں بوند تو خنداں

بہرحال حضرت اقدس قدس سرہ العزیز کے تقدس علمی اور روحانی رفعت شان کے پیش نظر ہر طبقہ کے لوگ مغموم و محزون ہیں۔ قلم و زبان تحریر و تقریر ہر طرح سے ان کی تعریف و توصیف میں ہمہ جہت مختلف مکاتب کے افراد شامل ہیں۔ لیکن سب سے بڑھ کر حیرت و استعجاب کی بات یہ ہے کہ ان قابل قدر اظہار جذبات کا دور ان خاصان بندگان خدا کی طرف سے زیادہ ہو رہا ہے۔ جو خود شریعت و طریقت کے نیر تاباں اور آفتاب و مہتاب ہیں۔

دو شیخ طریقت کا عظیم جنازہ

بحمد اللہ راقم کو مشائخ عظام اور علماء کرام کے متعدد نماز جنازہ میں شمولیت کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ قطب الزمان سیدنا و مولائی و مرشدی شیخ التفسیر مولانا احمد علی لاہوری نور اللہ مرقدہٗ امام لاہوری جانشین شیخ التفسیر مولانا عبید اللہ انور قدس سرہ العزیز، حضرت اقدس شیخ الحدیث مولانا عبدالحق نور اللہ مرقدہٗ، اکوڑہ خٹک، مجاہد اسلام حضرت مولانا مفتی محمود قدس سرہ العزیز، شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خان نور اللہ مضجعہٗ اور حافظ الحدیث والقرآن حضرت مولانا عبداللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ وغیرھم۔

لیکن جو روحانی کیفیات، اہل اللہ کی کثرت، اور عوام الناس کے بے پناہ اجتماع دو نابغۂ روزگار شخصیات کی نماز جنازہ میں دیکھنے میں آئیں اس کی مثال نہیں ملتی۔

سیدی و مرشدی شیخ التفسیر حضرت اقدس لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال بمطابق ۱۹۶۲ء میں ہوا تھا۔ ان کے وصال کی اندوہناک خبر نشر کرنے میں میڈیا کا کردار انتہائی افسوسناک تھا۔ ٹی وی تو اس وقت تک حد بلوغ کو بھی نہیں پہنچا تھا۔ ریڈیو پاکستان نے بھی کردار ادا نہیں کیا۔ روزنامہ جنگ کی ایک کالمی سرخی ''مولانا احمد علی انتقال کر گئے'' اور چند سطری خبر آج بھی میری آنکھوں کے سامنے رقص کر رہی ہے۔ علمائے کرام اور عوام و خواص اور دیندار طبقہ مالی مشکلات کا شکار تھا۔ پبلک ٹرانسپورٹ کے علاوہ سفر کا اور کوئی ذریعہ نہیں تھا اور سب روزہ دار بھی تھے۔ اس کے باوجود حضرت اقدس کی نماز جنازہ میں عدیم المثال اجتماع لاہور ہی نہیں بلکہ پاکستان کی تاریخ بے مثل و بے مثال تھا۔

شیرانوالہ سے یونیورسٹی گراؤنڈ تک کئی میل کی مسافت حضرت کے محبین نے پیادہ طے کی اپنے کندھوں پر جنازہ اٹھا کر انتہائی عقیدت و احترام سے گراؤنڈ جنازہ گاہ پہنچایا۔ چارپائی کے ساتھ لمبے لمبے بانس باندھ دیے تھے کہ جنازے کو کندھا دینے کی سعادت ہر آدمی حاصل کر سکے، لیکن شدید ہجوم کے باعث کتنے ہی بانس ٹوٹ گئے تھے۔ جنازہ کی کیفیت حضرت لدھیانوی کی زبانی ملاحظہ ہو:

''اللہ اکبر! انسانی نفوس کے اس تلاطم کی سوگواری میں موجزن ہے: عجیب دعا تاثرات معلوم ہوتی تھی۔ میانی صاحب کے مبارک قبرستان ... جنازے کی فضا گویا شمر لا یرون فیھا شمساً ولا زمھریرا (لوگ وہاں نہ دھوپ دیکھتے ہیں اور نہ سردی کی شدت محسوس کرتے ہیں) کا مقدس سماں نظر آتا تھا۔ چند لمحے ... سرد آگیا ... اور ... طرح بادل نے عقیدت کے آنسو بہائے مگر جنازے کے اہتمام میں

قدرت کے یہ خدام مدد و معاون ثابت ہوئے۔

بازار انسانوں کے سروں سے سیل رواں بنے ہوئے تھے اور چھتوں اور منڈیروں پر بے شمار مرد و زن اپنے اُم القریٰ کے ہادی کے آخری دیدار کے لئے جمع ہو گئے تھے۔ یونیورسٹی کی پہنائیاں اس وقت تک معلوم ہوئی تھیں، جب اسلامیان پاکستان نے اپنے روحانی باپ کے وجود مسعود کو وہاں جا کر رکھا اور صفیں سیدھی ہوئیں"۔ (انوار ولایت ص ۷۷)

آج جبکہ فلک ولایت کے بدر منیرؒ سلطان الاولیاء خواجۂ خواجگان حضرت مولانا خان محمد قدس سرہ العزیز کا سانحۂ ارتحال پیش آیا ہے تو عقل کو خیرہ کرنے والے برق رفتار ذرائع نشر و اشاعت معرض وجود میں آ چکے ہیں۔ موبائل سروس اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ خبریں شہروں، دیہاتوں، صحراؤں، بیابانوں اور کہساروں میں پل بھر میں گونج جاتی ہیں۔

بنابریں اس سانحۂ جاں گداز سے ہر شخص مطلع ہو گیا۔ پھر جنازہ میں شرکت کے لئے ملک کے طول و عرض سے آنے والے اکثر حضرات اپنی گاڑیوں پر تشریف لائے، اور گرد و نواح کے لوگوں نے موٹر سائیکل کے ذریعہ بھی سفر کیا، جس کی وجہ سے خانقاہ سراجیہ کے چاروں طرف گاڑیوں کی لمبی لائنیں حد نظر تک لگی ہوئی تھیں اور یہی کیفیت موٹر سائیکلوں کی تھی۔

میانوالی اور گرد و پیش کے پٹرول پمپ اور سی این جی اسٹیشن خالی ہو گئے۔ شیخ طریقت و شریعت خواجہ خواجگان کی رہائش گاہ سے متصل جنازہ گاہ اپنی وسعتوں کے باوجود تنگی داماں کی شکایت کر رہی تھی، لوگوں کے ہجوم کی وجہ سے کہیں تل دھرنے کو جگہ نہ ملتی تھی۔

یہ فیصلہ کرنا تو بے حد دشوار ہے کہ شیخ التفسیر حضرت لاہوریؒ کے جنازہ کے شرکاء کی تعداد شمار سے فزوں تر تھی۔ یہ تو طے ہے کہ خواجگان کا جنازہ افرادی اعتبار سے لاتعداد تھا، وسائل و ذرائع کے فقدان کے ... شیخ التفسیر حضرت لاہوریؒ کے جنازہ میں بے مثل و بے مثال تھا، جبکہ موجودہ سفری سہولیات کو مدنظر رکھا جائے تو حضرت خواجہ خواجگان کے شرکاء جنازہ عددی اعتبار سے بہت زیادہ تھے۔

حضرت اقدس خواجہ خواجگان رحمۃ اللہ "سکوت" آپ کی عادتِ ثانیہ کی حیثیت رکھتا تھا، ... ہو یا ... کسی عظیم الشان کانفرنس کی کرسی صدارت پر رونق افروز ہوں یا علماء ومشائخ کی کسی ... میٹنگ میں تشریف فرما ہوں، ذکر قلبی میں مشغول، زبان پر سکوت کی حالت ... ہمیشہ کا معمول تھا۔ استغراق کے عالم میں اپنے محبوب حقیقی کی یاد میں مگن ہیں اور زبان پر مہر خاموشی ہے .... ع لبوں پہ مہر خاموشی دلوں میں یاد کرتے ہیں

گویا آپ رحمۃ اللہ ... کے ارشاد گرامی کی مجسم تصویر تھے:

مَنْ صَمَتَ نَجَاہ ... اور غیر ارشاد گرامی ہے: مَنْ صَمَتَ نَجَاہ ... اَوْ لِيَصْمُتْ ... فَلْيَقُلْ خَيْرًا

یہی حضرت اقدس کی ذاتی صفت تھی جو دوسرے ہمعصر مشائخ سے ممتاز کرنے والی تھی۔

یہ ہے اجمال اور مختصر متن پیش نظر کتاب تذکرہ وسوانح حضرت خواجہ خان محمد کا، جسے مصنف علام مولانا عبدالقیوم حقانی نے مرتب کرکے اُمت کے حضور پیش کر رہے ہیں، حقانی صاحب کا انداز طرز تصنیف اور انتخاب ہر لحاظ سے دلچسپ، نافع الوکھا بلکہ البیلا ہے۔ کتاب شروع کرو تب اٹھو گے جب کتاب ختم ہوجائے گی بلکہ دوبارہ پڑھنے کو جی چاہے گا۔

سیرت و سوانح اور تذکرہ و تاریخ کے حوالے سے مولانا حقانی ایک نئے انداز کے موجد ہیں، نہ خاندانی طویل پس منظر، نہ رشتہ داری اور برادریوں کے تذکرے، نہ اولاد و امجاد کے ابواب، نہ آباء و انساب کا افتخار اور نہ طویل طویل القابات کے لاحقے اور سابقے .....

اصل ہدف سیرت و کردار کے روشن اور مؤثر واقعات، مشاہدات، حکایات اور حالات کا اظہار ہے کہ پڑھنے والے پڑھتے جائیں اور دل میں عمل صالح کے جذبات کی انگیخت ہوتی جائے۔ اللہ کا شکر ہے کہ حضرت خواجہ خواجگان کے تذکرہ میں وہ اپنے اسلوب میں کامیاب رہے۔

میری دلی دعا ہے کہ باری تعالیٰ مولانا حقانی کی جدید علمی اور تاریخی کاوش کو ان کی دیگر علمی کتابوں کی طرح مقبول خاص و عام بنائے اور اُمت کو زیادہ سے زیادہ نفع ہو۔

اللہ رب العزت حضرت اقدس کو اپنی جوارِ رحمت میں بلند مراتب مرحمت فرمائے، علامہ حقانی کو ان کا تذکرہ و سوانح لکھنے اور ان کے خلف الرشید حضرت مولانا خلیل احمد مدظلہم کو ان کے مشن کو جاری رکھنے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ (آمین)

محمد عبدالمعبود عفا اللہ عنہ

۱۶ / رمضان المبارک ۱۴۳۲ھ

پیش لفظ

الحمد لحضرة الجلالة والصلوٰة والسلام على خاتم الرسالة۔

بادشاہوں کے پاس حکومت ہوتی ہے، دولت کے انبار ہوتے ہیں، اقتدار کا نشہ ہوتا ہے، نوکر چاکر ہوتے ہیں، فوج اور پولیس ہوتی ہے۔ اس کے باوجود ان کی حکومت لوگوں کے دلوں پر نہیں گردنوں پر نظر آتی ہے۔ بسا اوقات ان کی حکومت لوگوں کی گردنوں سے آگے نہیں بڑھنے پاتی، ان کے سطوت وجبروت کے سامنے بظاہر لوگوں کی گردنیں جھکی ہوئی نظر آتی ہیں مگر بہت کم ایسے خوش قسمت سلاطین ہوتے ہیں جن کی حکومت گردنوں کی حدود سے آگے بڑھ کر دل کی مملکت تک پھیل جائے اور لوگ خلوص نیت سے ان کی حکومت کو تسلیم کر لیں۔

اس کے مقابلے میں علماء، اولیاء، صلحاء اور درویشان خدا مست قسم کے لوگ، جن کو ایک وقت کے کھانے کا سامان بھی کبھی میسر ہوتا ہے اور کبھی نہیں، وہ اپنے حال میں مست رہتے ہیں، نہ نوکر نہ چاکر، نہ مال نہ منال، مگر دنیا کے بڑے بڑے ارباب اقتدار، صاحبان ثروت اور عام مسلمان ان کے سامنے جانے سے گھبراتے ہیں اور ان کی زبان مبارک سے نکلا ہوا ایک ایک لفظ اپنے حق میں نوشتہ تقدیر سمجھا کرتے ہیں۔

لوگ از خود ان تاج داران بے تاج اور سلاطین بے سلطنت کے سامنے پورے خشوع و خضوع کے ساتھ جھکتے ہیں، ان کے ہر حکم کو سر آنکھوں پر قبول کرتے ہیں اور ان کی ایک جنبش ابرو پر اپنی جان و مال کا متاع گراں بہا نچھاور کر دیتے ہیں۔

روحانی تاجداروں کے سربلند طبقے کے ایک فرد حضرت خواجہ خان محمدؒ بھی تھے۔ جن اہل علم کو حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کو قریب سے دیکھنے اور ان کے مزاج کو سمجھنے کا اتفاق ہوا ہے انہوں نے اپنی آنکھوں سے ان کی اپنی پر دلآویز شخصیت میں ان کے اپنے مخصوص رنگ کے ساتھ اس عجیب و غریب جامعیت اور اسلام اور امت مسلمہ کے مختلف شعبوں میں ان میں لگے ہوئے باتوفیق اکابر واصاغر کے بارے میں اس حیرت انگیز اور بے مثال بے تاج شاہی اور سیادت عظمیٰ کی کارفرمائی دیکھی ہے جو اب خدا جانے کب اور کہاں دیکھنے کو ملتی ہے۔ وہ ایک طرف علوم شریعت کے امین و محسن تھے تو دوسری طرف مسائل تصوف کے بلند پایہ شارح، دینی مدارس اور دینی جماعتوں کے سب سے بڑے پشت پناہ اور شیخ الشیوخ تھے۔ ہر علمی اور دینی کام کی اور اس کے انجام دینے والے کی جس طرح وہ ہمت افزائی اور تائید فرماتے تھے وہ انہی کا حصہ تھا، وہ دین کے فروغ اور خلق خدا کی عمومی اصلاح کے لئے ہر وقت بے چین و مضطرب رہتے، اس سلسلے میں ہر اس کام کی قدر کرتے اور اس کے لئے دعا گو رہتے، جس کا رخ اور مزاج کم از کم ان کی دانست میں صحیح ہوتا۔

خواجہ صاحبؒ سے پہلی ملاقات ڈیرہ اسماعیل خان کے مدرسہ نعمانیہ صافیہ میں ہوئی۔ میری اسکول کی طالب علمی کا زمانہ تھا، غالباً ۱۹۷۰ء کی بات ہے، یہ وقت مولانا مولانا مفتی محمودؒ، مفکر اسلام مولانا غلام غوث ہزارویؒ نے ڈیرہ اسماعیل خان

کے حق نواز پارک میں جلسہ عام سے خطاب کرتا تھا، میں دسویں جماعت کا طالب علم
تھا، حضرت قائد ملت مولانا مفتی محمودؒ کی تقریر سننے کے لئے اپنے آبائی گاؤں چودھوان
سے ڈیرہ اسماعیل خان پہنچا۔ عصر کی نماز دارالعلوم نعمانیہ صاحبیہ میں پڑھی، عصر کی نماز
کے بعد مسجد کے صحن میں قائد ملت مولانا مفتی محمودؒ نے پریس کانفرنس سے خطاب کیا،
ان کی سیاسی اور قومی و ملی امور سے متعلق گفتگو میری سمجھ سے بالاتر تھی، صحافیوں کے
سوالات اور قائد ملت کے جوابات بھی ہوئے مگر میری نظر ایک شخصیت پر لگی رہی جو
حضرت مفتی صاحبؒ کے ساتھ بائیں جانب رکھی گئی کرسی صدارت پر جلوہ افروز تھی،
لمبی داڑھی، سفید پگڑی، رنگ میں ملاحت، نگاہیں شرم و حیا سے جھکی ہوئی اور پر وقار انداز
نشست، پوچھ پاچھ سے معلوم ہوا کہ یہ کندیاں شریف کی عظیم علمی اور روحانی شخصیت
حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ ہیں۔

چودھوان کے حضرت مولانا مفتی عطا محمدؒ میرے استاد تھے، مراقی میں نے
ان سے پڑھی، خانقاہ کندیاں شریف میں ان کا قیام رہا، درس و تدریس اور افتاء کی
خدمت کرتے رہے۔ حضرت خواجہ صاحب رحمہ اللہ کا اپنے پیشرو کی جانشینی کے لئے
نام بھی حضرت مفتی صاحبؒ نے پیش کیا تھا اور تائید کنندگان میں بھی وہ پیش پیش
تھے، حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کو ان پر سب سے زیادہ اعتماد تھا، فقہی مسائل میں ان سے
رجوع کرتے تھے، تحفۂ سعدیہ اور دیگر متعدد کتب پر ان کے حواشی بھی ہیں، ان کی
مجلس میں خانقاہ کندیاں شریف اور حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کا خصوصیت
واہتمام سے ذکر ہوا کرتا تھا اور قدرت نے میرے قلب کی معصوم سرزمین میں اہل اللہ
اور اولیاء اللہ کے طفیل حضرت خواجہ صاحبؒ سے محبت کی تخم ریزی کا یوں اہتمام

رؤیا تھا۔

جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں تقرری کے آٹھ دس سال بعد جامعہ اشرفیہ حسن ابدال میں سالانہ جلسہ دستار بندی میں مجھے بطور مہمان خصوصی کے مدعو کیا گیا، جب میں وقت موعود پر پہنچا تو انتظامیہ نے میری علیحدہ ایک کمرے میں نشست رکھی کہ ہجوم اور ازدحام خلق سے علیحدہ رہوں، چائے وغیرہ سے فارغ ہوا ہی تھا کہ سامنے نظر اٹھی، دیکھا ایک بوڑھے بزرگ، سر پہ پگڑی، صورت وہیئت ایک دیہاتی زمیندار کی، وضع قطع متواضعانہ، میری ابھی نظر ان سے ہٹی نہیں تھی کہ ایک صاحب دوڑتے ہوئے میرے پاس آ کر کہنے لگے کہ حضرت خواجہ صاحب آپ سے ملنے تشریف لا رہے ہیں میں پانی پانی ہو گیا، دوڑ کر حضرتؒ سے ملا، مصافحہ کیا، حضرتؒ میرے کمرے میں تشریف فرما ہوئے، میں نے اپنا گاؤ تکیہ حضرت کو بڑھا دیا، چند لمحے خاموشی رہی، قدرے طویل سکوت توڑ کر حضرت رحمہ اللہ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا:

''حضرت مولانا مفتی عطا محمد صاحبؒ کا کیا حال ہے؟''

ان کی خیر و عافیت، صحت، مشاغل وغیرہ دریافت کرتے رہے، پھر ارشاد فرمایا:

''تمہاری کتاب ''دفاع امام ابوحنیفہؒ'' اپنے موضوع پر جامع اور مکمل کتاب ہے، دعوت نے بلا استیعاب مطالعہ کی ہے، میں نے آتے ہی تمہارا دریافت کیا، معلوم ہوا کہ آپ تشریف لا چکے ہیں، میں نے کہا پہلے ملاقات کر لیتے ہیں پھر دیگر مشاغل۔ ایک تو اس لئے کہ ''دفاع امام ابوحنیفہؒ'' سے بہت فائدہ پہنچا۔ دوسرا اس لئے

بھی کرم مولانا مفتی عطاء محمد صاحبؒ کے شہر کے ہو، اور وہ میرے
محسن ہیں، تو ان دونوں نسبتوں کے حوالے سے میرا حق بنتا تھا کہ
میں تمہارے پاس آکر تم سے مل لوں"۔

عشاء کے بعد حضرت کی سرپرستی تھی اور میرا بیان تھا، میرا آغاز کار تھا، جوانی
تھی اور کچھ نادانی بھی، اپنی تقریر میں بہت سی ایسی باتیں کہہ گیا جو حضرت کی موجودگی
میں نہ کرنے کی تھیں، بیان سے فراغت کے بعد حضرت کی شفقت، مشفقانہ گفتگو،
عنایت اور بھرپور توجہ حاصل رہی۔ میں سمجھا حضرت کے وسعت ظرف نے میری
نادانیوں کو کھلے دل سے برداشت کر لیا۔

حضرت خواجہ خان محمدؒ اپنی ذاتی ڈائری میں تحریر فرماتے ہیں :

"۲۵ مارچ ۱۹۸۹ء : ہم لوگ حسن ابدال کے لئے روانہ
ہوئے، پہلے مولوی شمس الدین مرحوم کے مزار پر حاضری دی، پھر
مدرسہ آئے، مغرب کی نماز پڑھی پھر کھانا کھانے گئے، واپسی پر
(عبدالقیوم) حقانی صاحب اکوڑہ خٹک والوں سے ملاقات ہوئی۔
عشاء کی نماز پڑھی، پھر جلسہ شروع ہوا، تلاوت اور نعت خوانی کے
بعد پہلی تقریر حقانی صاحب کی ہوئی پھر دستار بندی ہوئی۔ دعا کے
بعد ۱۱ بجے جلسہ ختم ہوا"۔ (خواجہ خان محمد کی ڈائری ص ۸ ۱۵)

چنہ داون خان کے بزرگ عالم دین، مدرس ومصنف، خطیب اسلام کے
ہاں ایک جلسہ میں حاضری کے موقع پر حضرت خواجہ صاحبؒ سے ملاقات ہوئی۔

" حضرت مولانا قاری قیام الدین مدظلہ کے ہاں ان کے

مدرسے کا سالانہ جلسہ دستار بندی تھا، حضرت مولانا علامہ خالد محمود
صاحب بھی تشریف فرما تھے، خواجہ صاحب بھی مدعو تھے، حضرت
خواجہ صاحبؒ کی سرپرستی اور صدارت میں جلسہ و بیان سے
فراغت کے بعد علیحدہ خلوت میں حضرت خواجہ صاحبؒ سے
دوبارہ ملاقات ہوئی، بار بار نظر شفقت فرماتے رہے، مشاغل کا
پوچھا، میرے بیان پر خوشی و مسرت کا اظہار فرمایا اور تحسینی کلمات
سے نوازتے رہے۔ بات بہت مختصر، جملہ بہت چھوٹا مگر جو ارشاد
فرمایا دریا بکوزہ تھا''۔

پانچ چھ سال قبل تعلیم القرآن دیبہ ضلع اٹک میں سالانہ ختم بخاری کی تقریب
تھی اور بیرون شہر سے ادارے کو سنگ بنیاد رکھنا تھا، جب مجھے خطاب کی دعوت دی
جانے لگی تو حضرت خواجہ صاحبؒ اسٹیج پر مرکزی صدارت پر جلوہ افروز ہوئے، میرا بیان
مکمل ہوا تو حضرت کے رفقائے سفر خدام نے فرمایا کہ حضرت نے فرمایا:

''جب حقانی کے بیان کا وقت ہو تو مجھے اسٹیج پر لے جانا۔ حضرت
تمہارے بیان کے لئے خصوصیت سے منتظر تھے۔ یہ میرے لئے
اس قدر توجہ اور حضرت کی بھی عنایت دنیا میں اعزاز اور آخرت میں
نجات کا وسیلہ ہے''۔

دو تین سال قبل برادر مکرم حضرت مولانا حسین احمد مدظلہ کی دعوت پر بھکر اور
دریا خان کے دینی مدارس کے اجتماعات میں شرکت کا پروگرام بنا، میری درخواست پر
مولانا حسین احمد نے پروگراموں کی ترتیب میں خانقاہ سراجیہ کندیاں شریف میں

حاضری اور حضرت خواجہ صاحبؒ سے ملاقات کے پروگرام کو بھی شامل کرلیا، چنانچہ ان کے والد صاحبؒ، خود مولانا حسین احمد اور ان کے بھائی بھی ہمارے ساتھ حضرت خواجہ صاحبؒ کی ملاقات کے لئے حاضر ہوئے، گاڑی کی ڈرائیونگ عزیزم گل رحمن کر رہے تھے، خانقاہ میں قدم رکھتے ہی بڑا سکون حاصل ہوا، گاڑی سے اترے تو سیدھے حضرات کے مزار پر فاتحہ پڑھی۔ واپسی پر حضرت کے خادم خاص نے مجھے ہاتھ سے پکڑ کر عام لنگر کے بجائے خاص دارالاضیاف میں ٹھہرایا اور خصوصی ضیافت کا انتظام کیا۔ حضرت سے ملاقات کے لئے ان کے دورِ وقت کدہ پر حاضری ہوئی، احباب نے ابھی تک میرا تعارف نہیں کرایا تھا، مگر حضرت کے سرہانے "جمالِ یوسف" پڑی تھی، ارشاد فرمایا:

"بیٹے! "جمالِ یوسف" کا مطالعہ کرو، مولانا عبدالقیوم حقانی نے لکھی ہے، علماء و مدرسین کے لئے نفع کی چیز ہے"۔

احقر نے عرض کیا حضرت! عبدالقیوم حقانی تو آپ کے قدموں میں بیٹھا ہے، بہت خوش ہوئے اور دعاؤں سے سرفراز فرمایا۔

حضرت خواجہ صاحبؒ مسندِ ارشاد کے شہ نشین تھے اور اپنے اسلاف کی خصوصیات و کمالات کے وارث و امین تھے، تزکیہ و ارشاد کا جو کام اللہ تعالیٰ نے ان سے لیا وہ بلاشبہ اس آخری دور میں ان ہی کا حصہ تھا، وہ حقیقی معنوں میں فقیر منش انسان تھے۔ ہمیشہ نام کے ساتھ فقیر لکھتے اور لکھواتے تھے۔

ایک شاعر کے اشعار کا مفہوم کچھ یوں ہے: میں نے شاہوں کے دستر خوانوں سے کام و دہن کی لذتیں حاصل کیں۔ امراء کی صحبت میں بیش قیمت صوفی چنے اور تہذیب کے نقش و نگار سے جی بہلایا، علماء سے تو اوراتِ علم کو اخذ کیا، ادیبوں کے

دامن سے پھول اکٹھے کیے اور شاعروں کے جیب و دامن سے جواہر پارے...... مگر گوہر ڈھونڈنے اور محفل محفل گھومنے کے بعد سکون کی نعمت صحبتِ فقر میں ملی ......

نہ تخت و تاج میں نہ لشکر و سپاہ میں ہے
جو بات مردِ قلندر کی بارگاہ میں ہے

مطالب بار بار دماغ میں اترتا رہا لیکن حضرت خواجہ صاحبؒ کی صحبت میں پہلی دفعہ یہ راز کھلا کہ مردِ قلندر کی بارگاہ کیا ہوتی ہے؟ بس اب میں گناہ گار درمیان سے ہٹ رہا ہوں، ورق پلٹیے اور ہمارے حضرت خواجہ صاحبؒ کے سیرت و کردار کے رخِ زیبا کا دیدار کیجیے۔ اللہ گواہ ہے مقصود شخصیت کی مدح سرائی نہیں بلکہ فکر و عمل کی انگیخت اور جذبۂ عمل کو زندہ کرنا ہے کہ ہمیشہ یہی ہمارا مشن رہا ہے۔ تذکرہ و سوانح کے حوالے سے جتنی سوغاتیں بھی ہم نے قارئین کی خدمت میں پیش کی ہیں سب کا ہدف یہی تھا، ان شاء اللہ یہی رہے گا۔ ہماری پکار، ہمارا پیغام اور ہمارے وظیفے کا خلاصہ بھی یہی ہے......

دلِ مردہ دل نہیں ہے اسے زندہ کر دوبارہ
کہ یہی ہے امتوں کے مرضِ کہن کا چارہ

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

عبداللطیف عنانی

۲۰ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ / ۲۶ / مارچ ۲۰۱۱ء

باب : ۱

سلسلۂ نسب، تذکرہ والدین
ابتدائی تعلیم اور حلیہ مبارک

قرآن مجید نے تمام انسانوں کو ایک ہی ماں باپ یعنی سیدنا آدم علیہ السلام اور سیدہ حوا علیہا السلام کی اولاد قرار دیا ہے اور ان کے شعوب و قبائل میں تقسیم ہونے کو محض ایک فطری ذریعہ تعارف و شناخت قرار دیتے ہوئے تقویٰ کو معیار فضیلت کے طور پر تسلیم کیا ہے۔ رنگ و نسل اور ذات پات کا تصور اسلام کے مزاج سے کوئی مناسبت نہیں رکھتا۔ اقبالؒ نے بڑی دردمندی سے فرمایا تھا ....

فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں
کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

کفر و شرک کے پجاریوں نے انسان اور انسانیت کے درمیان تفریق اور تفوق کے لئے طرح طرح کے بت تراش رکھے ہیں اور ان بتوں کی پرستش نے انسانی معاشرے کو ہر نوع انتشار و افتراق سے دوچار کر دیا ہے۔ لاہوری قلندر فرماتے ہیں ....

نسل، قومیت، کلیسا، سلطنت، تہذیب، رنگ
خواجگی نے خوب چن چن کر بنائے مسکرات

اسلام کا مزاج آفاقی ہے اللہ کرے مسلم معاشرہ ذات پات کے جھنجٹ سے آزاد ہو کر اس منزل کو اپنا ہدف اور مشن بنائے جو علامہ اقبال کی خواہش آرزو اور دلی تمنا تھی ......

پرے ہے چرخ نیلی فام سے منزل مسلماں کی
ستارے جس کی گرد راہ ہوں وہ کارواں تو ہے

سلسلہ نسب :

ہمارے حضرت خواجہ خان محمد صاحب نسباً صدیقی تھے آپ کا سلسلہ نسب خواجہ عثمان دامانی اور حضرت خواجہ مظہر جان جاناں رحمہ اللہ کے واسطے سے ہوتا ہوا (۳۷) واسطوں کے بعد سیدنا ابوبکر صدیقؓ سے جا ملتا ہے۔

صدیقی فطرت، صدیقی نسبت :

اللہ تعالیٰ نے اپنے بعض بندوں کی فطرت میں ترحم اور نرمی ودیعت کر رکھی ہے اور بعض کی فطرت میں شدت اور سختی۔ اس کا بہترین نمونہ صدیق اکبر اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہما ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ میں دونوں کے اس مزاجی فرق کا بار بار ظہور ہوا۔ ہر موقع پر صدیق اکبرؓ کی طرف سے "اَرْحَمُ اُمَّتِی بِاُمَّتِی اَبُوبَکْر" کی شان ظاہر ہوئی لیکن جب محمد عربی ﷺ کی وفات کے بعد بعض قبائل نے جو اسلام قبول کر چکے تھے زکوٰۃ دینے سے انکار کیا تو صدیق اکبرؓ نے اس کو دین میں فتنہ اور تحریف
بھی فرمایا :

''میری زندگی میں دین میں کمی پیشی ہو اور میں زندہ رہوں یہ ناممکن بات ہے''۔

اور ان کے خلاف اپنا متفقہ فیصلہ فرمایا کہ شروع میں حضرت عمر فاروقؓ نے بھی اس سے اتفاق نہ کیا تو صدیق اکبرؓ کو ان پر ایسا غصہ آیا فرمایا:

'' یہ کیا ہے تم کفر کی حالت میں تو بڑے بہادر تھے اور اسلام میں آکر بزدل ہو گئے''۔

حضرت خواجہ خان محمدؒ نسباً بھی صدیقی تھے اور مزاجاً بھی۔ جس چیز کو انہوں نے دین میں فتنہ سمجھا اس کے بارے میں ان کے اندر وہی شدت پیدا ہوئی جو ان کے جد امجد حضرت صدیق اکبرؓ میں پیدا ہوئی تھی۔

بہر حال حضرت خواجہ صاحبؒ کے بزرگوں کا تعلق راجپوتوں کی قوم گکھڑ سے تھا۔ یہ لوگ زمیندار اور علاقے کے ملک شمار ہوتے تھے۔ حضرت خواجہ صاحبؒ کے دادا کا نام ملک مرزا خان تھا اس لئے آپ کا قبیلہ مرزا خیل کے نام سے بھی مشہور تھا۔

حضرت خواجہ صاحب کا سلسلۂ نسب یہ ہے، خان محمد بن ملک خواجہ عمر بن ملک مرزا خان بن ملک غلام محمد بن ملک فتح محمد۔

والدین :

حضرت خواجہ صاحب کے والد گرامی کا نام خواجہ عمر تھا یہ خانقاہ سراجیہ کے بانی حضرت اقدس ابوالسعد احمد خان کے چچا زاد بھائی تھے، بہت نیک اور خدا ترس انسان تھے، موصوف حضرت خواجہ سراج الدینؒ موسیٰ زئی شریف کے مرید تھے۔ خواجہ سراج الدین آپ کو ''بگا'' مرید کے نام سے پکارتے تھے، بگا سرائیکی زبان میں چھوٹے

کرتے تھے۔ حضرت خواجہ خان محمد کی والدہ محترمہ بھی بہت نیک اور صالحہ خاتون تھیں پچاس سال کی عمر میں ان کا انتقال ہوا۔

ولادت :

حضرت خواجہ خان محمد ۱۹۲۰ء میں قریب محمد عمر کے ہاں بستی ڈنگ (میانوالی) میں پیدا ہوئے ضلع میانوالی میں کندیاں شریف کے قریب دریائے سندھ کے کنارے پر "ڈھیرو" نامی ایک قصبہ تھا جو دریا برد ہوا تو اس قصبہ کے لوگوں نے مختلف بستیاں آباد کر لیں۔ ان بستیوں میں ایک بستی ڈنگ کے نام سے مشہور ہوئی اور یہی بستی حضرت کا مولد و مسکن تھی۔

فقیر کی وجہ تسمیہ :

حضرت خواجہ خان محمد اپنے نام کے ساتھ فقیر لکھا کرتے تھے۔ راقم الحروف نے ایک بار حضرت خواجہ صاحب سے پوچھا:

بابا جی! "آپ اپنے اسم مبارک کے ساتھ فقیر کیوں لکھتے ہیں؟"

فرمایا :

"ہمارے حضرات سے ایسے ہی چلا آ رہا ہے لفظ فقیر سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا میں ہے :

"فَقَالَ رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ" القصص (۲۴)

ترجمہ : بولا اے رب! تو جو چیز اتارے میری طرف اچھی میں اس کا محتاج و فقیر ہوں۔ (پارہ نمبر ۲۰)

مولانا ابوالسعد احمد خانؒ کے دامن تربیت میں :

حضرت خواجہ صاحبؒ کو ابتداء عمر میں کھولہ شریف ضلع میانوالی کے مڈل سکول میں داخل کرایا گیا۔ آپ نے چھٹی کلاس تک یہاں تعلیم حاصل کی ابھی آپ سکول میں زیر تعلیم تھے کہ آپ کو حضرت ابوالسعد احمد خانؒ خلیفہ مجاز حضرت خواجہ سراج الدینؒ نے اپنے دامن رشد و ہدایت میں لے لیا۔ جناب نذیر رانجھا صاحب لکھتے ہیں :

"مولانا ابوالسعد احمد خان قدس سرہ نے ایک مرتبہ آپ کے والد گرامی حضرت خواجہ عمر صاحبؒ سے فرمایا کہ آپ کے پاس تین چیزیں ہیں کہ میرے پاس اس قسم کی ایک بھی نہیں۔ آپ ان میں سے ایک مجھے دے دیں (اس وقت حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کے ہر دو برادران گرامی شیر محمد صاحبؒ اور فتح محمد صاحبؒ حیات تھے اور آپ تینوں میں چھوٹے تھے اور محترم ملک محمد افضل صاحبؒ ابھی تولد نہ ہوئے تھے۔ اتفاق کی بات کہ ان دنوں لنگر کی بھینس دار (دودھ دینے والی) بھینس خشک ہوگئی تھی اور حضرت خواجہ محمد عمر صاحبؒ کے پاس تین بھینسیں تھیں چنانچہ انہوں نے خیال کیا کہ حضرت اقدس قدس سرہ اپنے لنگر کے دودھ کے لئے ایک بھینس طلب فرما رہے ہیں لہٰذا فرمایا : آپ میری تینوں شیر دار بھینسیں لے لیں"۔

اس پر حضرت قدس سرہ مسکرائے اور فرمایا :

"خواجہ عمرا ہمیں کسی جنس کی احتیاج نہیں، اپنا ایک بیٹا ہمیں دے دو"۔

حضرت خواجہ محمد عمر صاحبؒ نے جواب دیا کہ آپ جونسا لڑکا پسند فرمائیں وہ آپ کی خدمت کے لئے حاضر ہے۔ چنانچہ حضرت اقدس قدس سرہ کے ارشاد کے مطابق حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کو سکول کی تعلیم سے ہٹا کر آپ کی خدمت میں خانقاہ شریف بھیج دیا گیا"۔ (شیخ المشائخ نمبر: ص ۱۱)

ابتدائی تعلیم :

حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ نے قرآن مجید اور فارسی کی ابتدائی کتابیں خانقاہ میں پڑھیں۔ آپ بچپن ہی سے انتہائی سنجیدہ، بردبار، متین، خاموش طبع اور صلح جو طبیعت کے حامل تھے، مزاج خاموشانہ تھا۔

پروفیسر علامہ میاں منظور احمد صاحب مدظلہ شیخ الحدیث دارالعلوم شہابیہ سیالکوٹ کچھ عرصہ حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کے ہمراہ دارالعلوم دیوبند میں پڑھتے رہے، فرماتے ہیں کہ دارالعلوم (دیوبند) کے تمام اساتذہ کرام حضرت خواجہ صاحب کا زمانہ طالب علمی میں بھی احترام فرماتے تھے اور دارالعلوم میں تو ہر خورد وکلاں (چھوٹے بڑے) کی زبان پر یہی تھا کہ یہ پنجاب کی بہت بڑی گدی کے سجادہ نشین ہوں گے۔ یہاں یہ کہاوت برموقع معلوم ہوتی ہے کہ زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو۔

خدمت کا اہتمام :

چنانچہ بزمانہ قیام دارالعلوم ہمیں کھانے میں بڑی سہولت رہی، جب بھی

ادھر ادھر جانا ہوتا تو حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ ہمارے لئے لنگر خانہ سے کھانا لے کر سنبھال رکھتے اور روٹیاں گرم رکھنے کے لئے لحاف میں چھپا دیتے پھر ہمارے آنے کا انتظار کرتے، جب ہم پہنچے تو آپ دسترخوان بچھا کر کھانا لگا دیتے۔ (لولاک ص ۴۰)

آج ہم اپنے بزرگوں اور قائدین کی کامیابی پر نظر ڈالتے ہیں اور یہ خواہش کرتے ہیں کہ ہمیں بھی ان کی طرح قدر و منزلت حاصل ہو لیکن ان بزرگوں کے بچپن کے حالات اور محنت و مجاہدہ کی طرف ہماری نگاہ نہیں جاتی۔ حقیقت یہ ہے کہ آج جن علماء، خطباء، مصنفین اور مدرسین کی شہرت ہے، عزت ہے اور معاشرے میں ایک مقام ہے تو پس منظر میں ان کی محنت، جد و جہد، کوشش اور مساعی ہے.....

بے کوشش و بے جہد ثمر کس کو ملا ہے
بے غوطہ زنی گنج گہر کس کو ملا ہے
بے خاک کے چھانے ہوئے زر کس کو ملا ہے
بے جہد کشی تاج ظفر کس کو ملا ہے
جو رتبہ بالا کے سزاوار ہوئے ہیں
وہ پہلے مصیبت کے طلبگار ہوئے ہیں

حضرت خواجہ خان محمد، حضرت مولانا ابوالسعد احمد خان کی خدمت میں کافی مدت رہے حضرت احمد خان کے تمام خانگی امور کی انجام دہی آپ کے سپرد تھی۔ اس زمانے میں خانقاہ سراجیہ کے تعمیری کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے اور خانقاہ کے درویشوں اور زائرین کی خدمت اور پاپ خاطر میں بھی مصروف رہتے۔

گوشے گوشے، گلی گلی، اور قریہ قریہ میں عشق رسول اور عقیدہ ختم نبوت کے علم کو بلند کیا اور لاکھوں بندگان خدا کو خدا سے جوڑا۔

اقبال کا مشہور شعر ہے ...... ؎

نہیں فقر و سلطنت میں کوئی امتیاز ایسا

وہ سپاہ کی تیغ رانی یہ نگاہ کی تیغ بازی

☆ ☆ ☆

باب : ۲

تذکرہ واحترامِ اساتذہ

حضرت خواجہ خان محمدؒ نے درج ذیل اساتذہ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا۔

1 .. حضرت مولانا پیر سید عبداللطیف احمد پوری سیالوی رحمہ اللہ

2 .. حضرت مولانا محمد عبداللہ لدھیانوی رحمہ اللہ

3 مولانا عبدالحق رحمہ اللہ کیمل پوری رحمہ اللہ

4 ... مولانا قاسم ہزاروی رحمہ اللہ

5 مولانا حافظ عبدالرحمن امروہی رحمہ اللہ

6 مولانا بدر عالم میرٹھی رحمہ اللہ

7 . حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ

8 . مولانا اعزاز علی رحمہ اللہ

9 .. مولانا ابراہیم بلیاوی رحمہ اللہ

10 مولانا محمد ادریس سکروڈھوی رحمہ اللہ

11 ... مولانا عبدالعزیز کیمل پوری رحمہ اللہ

1..... حضرت مولانا پیر سید عبداللطیف احمد پور سیالوی رحمہ اللہ:

مولانا عبداللطیف احمد پور ضلع جھنگ کے رہنے والے تھے حضرت مولانا عبداللہ لدھیانویؒ کے پہلے خلیفہ تھے۔ نسبی تعلق سید مخدوم جہانیاں اوچ شریف سے تھا۔ آپ نے عربی، فارسی کی ابتدائی تعلیم پنجاب کے مختلف مدارس میں حاصل کی اور تکمیل حضرت انور شاہ کشمیریؒ اور مولانا شبیر احمد عثمانیؒ کی خدمت میں رہ کر جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت میں کی۔ سلوک کے مراحل طریقہ نقشبندیہ میں حضرت مولانا عبداللہ لدھیانویؒ کی صحبت میں طے کیے اور پھر مجاز ہوئے۔ دیگر سلاسل کی نسبتوں سے فیض یاب ہو کر تمام سلاسل میں اجازت مطلقہ سے مشرف ہوئے۔

حضرت خواجہ خان محمدؒ نے قرآن مجید اور چند ابتدائی کتابیں آپ سے پڑھیں۔

(ذکر الخیر ص ۱۶۳)

۲..... حضرت مولانا عبداللہ لدھیانویؒ:

مولانا عبداللہ لدھیانوی حضرت خواجہ خان محمدؒ کے شیخ بھی تھے اور استاذ بھی، محسن بھی تھے اور مربی بھی۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے اپنے پیر و مرشد مولانا عبداللہ سے فارسی نظم و نثر اور صرف و نحو کی کتابیں پڑھیں۔ آپ نے اپنے مربی و محسن حضرت مولانا ابوالسعد احمد خان قدس سرہ کے وصال کے بعد چند برس تک اپنے شیخ و مرشد حضرت مولانا محمد عبداللہ لدھیانوی قدس سرہ کی خدمت میں رہ کر باطنی علوم و فیوض کی تکمیل پائی۔ آپ کو اسی بعد دیگر سے دو بلند مرتبہ شیوخ سے فیض یاب ہونے کی سعادت نصیب ہوئی جس کی بدولت آپ کو اس راہ میں کمال نصیب ہوا۔

جناب نذیر احمد رانجھا صاحب لکھتے ہیں:

"ایک مرتبہ حضرت مولانا محمد عبداللہ قدس سرہ نے حضرت قاضی شمس الدین سے فرمایا: "حضرت شیخ الہند جب مالٹا میں نظر بند تھے تو معارف قرآن کریم پر ایک کتاب لکھنے کا ارادہ فرمایا، چند صفحات لکھنے کے بعد اسے ترک کر دیا، استفسار پر فرمایا کہ میں نے کتاب کی بجائے ایک آدمی (حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی) پر محنت شروع کر دی ہے تاکہ خلق خدا کی ہدایت کے لئے ایک چلتا پھرتا نسخہ تیار ہو جائے"۔

حضرت اقدس (مولانا محمد عبداللہ درخواستیؒ) نے یہ واقعہ بیان کرنے کے بعد فرمایا کہ میں بھی ایک آدمی تیار کر رہا ہوں، بعد ازاں قرائن سے پتہ چلا کہ وہ آدمی مخدوم زمان حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب رحمہ اللہ ہیں، جو آپ کے خلیفہ و جانشین قرار پائے۔ (حوالہ بالا، ص ۲۵۱)

مولانا عبداللہ لدھیانوی کے والد کا نام میاں نور محمد تھا آپ موضع سلیم پور ضلع لدھیانہ کے رہنے والے تھے، ابتدائی تعلیم اپنے علاقے میں حاصل کی ۱۹۲۳ء میں دارالعلوم دیوبند تشریف لے گئے، وہیں تقریباً کے وسطانات سے دورۂ حدیث تک تمام علوم و فنون کی کتابیں دارالعلوم دیوبند میں پڑھیں۔ ۱۹۲۷ء میں دورۂ حدیث شریف سے فارغ ہوئے۔ مولانا ابوالسعد احمد خان نقشبندی خانقاہ سراجیہ سے بیعت ہوئے اور پھر خانقاہ کے ہو رہے۔ پوری زندگی آستانہ شیخ کی خدمت کے لئے وقف کر دی اور یہیں دفن ہوئے۔

مولانا ابوالسعد احمد خانؒ نے اپنی زندگی میں حضرت مولانا عبداللہ لدھیانوی

کو اپنا جانشین مقرر کر دیا تھا۔ حضرت خواجہ خان محمدؒ نے آپ سے بیعت کا تعلق قائم کیا
اور سولہ سال حضرت لدھیانویؒ کی خدمت میں گزارے۔ حضرت پیر و مرشد کے ادب
کا یہ عالم تھا کہ جب کبھی انہوں نے یاد کیا تو حضرت خواجہ صاحبؒ کا رنگ زرد پڑ جاتا
تھا۔ حضرت لدھیانویؒ نے مجددی نصاب سلوک کی ساری تعلیم دی تین مرتبہ امام ربانی
شیخ احمد سرہندیؒ کے مکتوبات کو سبقاً سبقاً پڑھایا حضرت شاہ دہلویؒ کے مکتوبات،
مکتوبات معصومیہ اور شاہ ابوسعید کی ہدایت الطالبین بھی پڑھائی۔

حضرت خواجہ خان محمدؒ نے مولانا لدھیانویؒ کے سامنے اپنے آپ کو مٹا دیا۔
ہر وقت خدمت میں مصروف رہتے، خانقاہ سراجیہ کے تینوں کمرے مہمان خانہ، تسبیح
خانہ اور کتب خانہ کی تعمیرات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ خانقاہ کے لنگر کی ضروریات کی
فراہمی، مہمانوں اور زائرین کی خاطر مدارات، گھوڑوں اور مویشیوں کی دیکھ بھال اس
پر مستزاد تھی۔ فارغ اوقات میں مدرسہ سعدیہ میں طالبان علوم نبوت کو اسباق بھی
پڑھاتے۔ حضرت مولانا عبداللہ لدھیانویؒ کی وفات کے بعد حضرت خواجہ خان محمدؒ
ان کے جانشین قرار پائے۔ حضرت خواجہ صاحبؒ اپنے پیر و مرشد اور استاذ حضرت
مولانا عبداللہ لدھیانویؒ کا احترام تو ساری زندگی کرتے ہی رہے، ان کی وفات کے
بعد بھی احترام کا یہ سلسلہ ان کی اولاد کے ساتھ بھی جاری و ساری رکھا۔ حضرت خواجہ
صاحبؒ کے صاحبزادے مولانا نجیب احمد صاحب رقم طراز ہیں:

"باباجی نے اپنے شیخ کی بیٹی اور بیٹے کا جس طرح ادب و احترام
کیا ہے ناممکن ہے کہ کوئی شیخ اس دور میں کر سکے۔ اپنے مرشد زادہ
لالہ حافظ محمد عابد مرحوم و مغفور کا بہت زیادہ احترام کیا کرتے تھے۔

سفر میں لالہ حافظ محمد عابد کو ساتھ رکھتے، لالہ حافظ محمد عابد خادم کے طور پر ہمیشہ آپ کی خدمت کے لئے تیار رہتے لیکن باباجی نے ہمیشہ یہ بات پیش نظر رکھی کہ میرے مرشد زادہ ہیں۔ باباجی نے لالہ حافظ محمد عابد کی ہر بات کو حکم کے طور پر قبول کیا۔ لالہ حافظ محمد عابد خانقاہ شریف آتے تو آپ کو دیکھ کر احتراماً کھڑے ہو جاتے۔ لالہ حافظ محمد عابد جو بھی حضرت کو کہتے حضرت نے کبھی انکار نہ کیا۔ حج پر لالہ حافظ محمد عابد کو ساتھ لے کر جاتے اور اس میں کبھی ناغہ نہ کیا۔ (لولاک نمبر ص ۱۵۵)

حضرت خواجہ خان محمدؒ جب دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ تعلیم کے لئے تشریف لے گئے تو اس وقت دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ طالبان علوم نبوت کی تشنگی مٹانے کے لئے مرکزی درسگاہ تھی آپ نے درجہ وسطی تک کتب وہیں پڑھیں ان ہی سالوں میں حضرت مولانا قاضی مظہر حسین خلیفہ مجاز حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی بھی یہیں زیر تعلیم تھے۔ بھیرہ کے حضرات خانقاہ سراجیہ سے بیعت و ارادت کا تعلق رکھتے تھے اس لئے حضرت خواجہ صاحبؒ کو اس نسبت کی وجہ سے شفقتوں سے مالا مال کیا۔ آپ کی تعلیم و تربیت پر خصوصی نظر رکھی، دارالعلوم کی انتظامیہ نے آپ کی انتظامی صلاحیتوں کو بھانپ کر دوران تعلیم ہی حضرت خواجہ صاحبؒ کو دارالعلوم کے مطبخ کا انچارج بنا دیا۔

دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ میں آپ نے مولانا عبدالحق کیمبل پوریؒ اور مولانا قاسم ہزارویؒ سے قدوری، کنزالدقائق، نحو میر اور شرح مائۃ عامل پڑھیں۔

۳...... حضرت مولانا عبدالحق ؒ:

آپ موضع پیزئی کیمل پور (اٹک) میں ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام مولانا شیر محمد تھا۔ مولانا عبدالحق ؒ ایک جید عالم دین تھے۔ نہایت سادہ زندگی بسر کرتے تھے اور علماء سلف کا بہترین نمونہ تھے آپ نے امروہہ (ہندوستان) کے مقتدر علماء سے سند حدیث حاصل کی تھی۔ تحریک ختم نبوت کے سلسلہ میں ۱۹۵۳ء میں گیارہ مہینے جیل کاٹی۔ آپ کی وفات ۴ نومبر ۱۹۸۵ء کو سوموار کے دن ہوئی۔

(اکابر پاکستان ص ۳۲۳)

۴...... مولانا قاسم ہزاروی ؒ:

آپ ۱۸۹۹ء کو جناب مولانا عزیز اللہ کے گھر بانکوٹ ہزارہ میں پیدا ہوئے۔ قومیت کے لحاظ سے راجپوت تھے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی پھر علاقہ کے علماء سے استفادہ کیا بعد ازاں مولانا محمد اسحاق مانسہروی کے مدرسہ میں مولانا عبدالمجید صاحب سے پڑھتے رہے۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے ہندوستان کا قصد کیا۔ ۱۳۴۲ھ میں مدرسہ امینیہ دہلی میں داخلہ لیا موقوف علیہ کی تکمیل کے بعد ۱۳۴۳ھ میں حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلوی، مولانا وحید حسنؒ اور حضرت مولانا عبدالغفور مہاجر مدنیؒ سے دورہ حدیث پڑھ کر سند الفراغ حاصل کی۔ فراغت کے بعد مزید ایک سال وہاں رہ کر علم تفسیر کی تحصیل کی۔ پھر اسی مدرسہ میں بطور معاون مفتی ایک سال تک کام کرتے رہے۔ ۱۹۲۶ء کو وطن واپس لوٹے تو دارالعلوم محمدیہ محلہ چیراں بھیرہ ضلع سرگودھا میں بطور مدرس کئی سال تک تدریس کی۔

سے ۱۹۳۶ء تا ۱۹۳۹ء مولانا ظہور احمد بگویؒ کے مدرسہ دار العلوم اسلامیہ عزیزیہ بھیرہ میں بطور صدر مدرس تدریسی خدمات انجام دے رہے تھے۔ ۳ دن کی مختصر علالت کے بعد آپ کا نومبر ۱۹۳۹ء کو انتقال ہوا۔ (مشاہیر علماء، ج ۳ ص ۱۰۴)

۵...... مولانا حافظ عبدالرحمٰن امروہیؒ:

آپ کا سال ولادت تقریباً ۱۲۷۷ھ ہے۔ بمبئی میں پیدا ہوئے، مکہ مکرمہ میں قرآن شریف حفظ کیا، ابتدائی تعلیم بھی مکہ مکرمہ میں پائی۔ مولانا احمد حسن امروہی سے شرف تلمذ پایا۔ آخر میں دیوبند آکر تفسیر و حدیث کے کچھ اسباق حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ سے پڑھے۔ حضرت نانوتویؒ کے آخری شاگردوں میں سے تھے۔ مدرسہ شاہی مراد آباد، جامعہ اسلامیہ ڈابھیل اور جامعہ اسلامیہ امروہہ میں ساٹھ (۶۰) سال تک علوم دینیہ کی تدریس کرتے رہے۔ آخر میں جامعہ اسلامیہ امروہہ کے شیخ الحدیث والتفسیر ہو گئے تھے۔ تفسیر بیضاوی پر آپ کا ایک حاشیہ ہے۔ مطول اور مختصر المعانی پر بھی حواشی لکھے۔ شیخ المشائخ حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ سے اجازت بیعت حاصل تھی۔ ۹۰ سال کی عمر میں ۲۲ / جمادی الثانیہ ۱۳۶۷ھ کو واصل بحق ہوئے۔ (تاریخ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل، ص ۲۰۳)

حضرت خواجہ خان محمدؒ نے مولانا عبدالرحمٰن امروہیؒ اور مولانا بدر عالم میرٹھیؒ سے مشکوٰۃ شریف، مقامات حریری پڑھیں۔ ذیل میں مولانا بدر عالم میرٹھیؒ کا تعارف نذر قارئین ہے:

۶...... مولانا بدر عالم میرٹھیؒ:

آپ ۱۹۰۱ء کو "بداؤن" ضلع میرٹھ میں پیدا ہوئے۔ والد صاحب کا نام حافظ

ہو رہی تھا۔ آپ حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ کے ممتاز شاگردوں میں سے تھے۔ مظاہر العلوم سہارنپور سے دورۂ حدیث پڑھ کر سند الفراغ حاصل کی۔ فراغت کے بعد مظاہر العلوم میں تدریس پر مامور ہوئے اور دو سال تدریس دینے کے بعد دار العلوم دیوبند تشریف لے گئے اور دوبارہ حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ سے دورۂ حدیث پڑھ کر دوسری سند حاصل کی۔ مظاہر العلوم سہارنپور، دار العلوم دیوبند میں تدریس کے بعد آپ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل تشریف لے گئے جہاں سترہ سال تک تدریس حدیث میں مشغول رہے۔ ”ترجمان السنۃ“ آپ کا ایک عظیم تصنیفی اور علمی شاہکار ہے۔ تقسیم ہندوستان کے بعد کراچی آ گئے پھر جامعہ اسلامیہ ٹنڈو الہ یار میں تدریس حدیث کرتے رہے۔ ایک عرصہ تک اس جامعہ کے ناظم اعلیٰ رہے۔ پھر یہاں سے مدینہ منورہ ہجرت کی اور دیارِ رسول کو اپنا مسکن بنایا۔ ۵؍ رجب ۱۳۸۵ھ/ ۲۹ اکتوبر ۱۹۶۵ء کو جمعہ کی شب انتقال فرمایا۔ (ملخص: مشاہیر علماء دیوبند ص ۱۱۱)

۷..... محدث العصر مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ:

مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ ۱۹۰۸ء میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام حضرت مولانا سید محمد زکریا تھا۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد گرامی، ماموں اور علاقہ کے علماء سے حاصل کی۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے ۱۳۴۵ھ میں دار العلوم دیوبند میں داخلہ لیا۔ علامہ سید محمد انور شاہ کشمیریؒ سے دورۂ حدیث پڑھ کر سند حاصل کی۔ فراغت کے بعد علامہ انور شاہ کشمیریؒ کی معیت میں جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں تدریس کا آغاز کیا۔ حضرت شاہ صاحبؒ کے انتقال کے بعد جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کے صدر مدرس اور شیخ الحدیث

منصب۔

بعد ازاں جامعۃ العلوم الاسلامیہ کی نیو ٹاؤن (علامہ بنوری ٹاؤن) کراچی میں بنیاد رکھی۔ آج آپ کا لگایا ہوا یہ گلشن پھل پھول رہا ہے اور طالبان علوم نبوت کا مرجع ومرکز ہے۔ مولانا محمد یوسف بنوریؒ بڑے جید عالم دین تھے۔ ۱۷ اکتوبر ۱۹۷۷ء کو انتقال فرمایا۔ محدث کبیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ اکوڑہ خٹک نے نماز جنازہ پڑھائی۔ آپ کو بنوری ٹاؤن کی جامع مسجد کے ایک جانب سپرد خاک کر دیا گیا۔ (احقر نے موصوف کے سوانح "جمال یوسف" کے نام سے لکھی جس کے اب تک تین ایڈیشن نکل چکے ہیں)

حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ کے متعلق حضرت خواجہ خان محمدؒ فرماتے ہیں:

"استاذ العلماء حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ فقیر کے مشفق استاذ تھے اور شفقت ومحبت سے اپنا خادم اور ساتھی بھی تصور فرماتے تھے۔ وہ ہنس مکھ نورانی چہرہ اور میٹھی رس بھری باتیں جو کانوں میں شیرینی گھول رہی تھیں اور دل ودماغ کو تروتازگی بخشتی تھیں، جب یاد آتی ہیں تو ان کو "رحمۃ اللہ علیہ" لکھتے ہوئے دکھ ہوتا ہے لیکن جب سب نے اسی راستے پر چلنا ہے تو پھر اس شعر میں کوئی جدت اور ندرت باقی نہیں رہ جاتی کہ:

ہر آنکہ زاد بہ ناچار بایدش نوشید
ز جام دہر مے "كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ"

بہرحال دعا ہے کہ رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ۔

فقیر کو شوال ۱۳۶۰ھ سے شعبان ۱۳۶۱ھ تک جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت میں حضرت مولانا مرحوم سے سبعہ معلقہ، مقامات حریری اور ادبی متوسطات پڑھنے کا اتفاق ہوا تھا۔

۱۳۸۵ھ/۱۹۶۵ء میں حضرت سیدی و مرشدی مولانا محمد عبداللہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ جانشین حضرت مولانا ابو سعد احمد خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ بانی خانقاہ سراجیہ کندیاں ضلع میانوالی کے وصال کے بعد خانقاہ سراجیہ کی خدمت کا بوجھ جب فقیر کے کندھوں پر آپڑا تو اس کے بعد ایک دفعہ خانقاہ شریف کے غائبانہ تعارف کی وجہ سے حضرت مولانا صاحب مرحوم خانقاہ سراجیہ رونق افروز ہوئے۔ سوئے قسمت سے فقیر ہری پور ہزارہ کے سفر پر تھا خانقاہ شریف سے واپسی پر حضرت مولانا بھی اپنے محترم داماد مولانا محمد طاسین صاحب کو ملنے ہری پور ہزارہ تشریف لے گئے تو وہاں ہری پور کے متصل موضع درویش میں قاضی شمس الدین صاحب کے مکان پر فقیر کو ملے تشریف لانے اور بڑی محبت اور دلچسپی سے خانقاہ شریف کے پرسکون ماحول اور عظیم کتب خانے کا ذکر فرمایا اور پھر فرمایا کہ جی چاہتا ہے کہ علمی کام کے لئے آدمی خانقاہ شریف آجائے کیونکہ ہر طرح کا سکون اور یکسوئی جس طرح وہاں میسر ہے کراچی جیسے مصروف شہر میں اس کا تصور بھی نہیں ہوسکتا پھر اتنا عظیم اور جامع کتب خانہ بھی ہر وقت دسترس میں ہو۔"

(ماہنامہ "بینات" خصوصی اشاعت بیاد حضرت بنوری ص ۳۳۳، ۳۳۴)

حضرت بنوری ؒ کی زیارت و ملاقات :

علم و معرفت میں ترقی کی منازل طے کرنے کیلئے ادب و احترام ایک لازمی امر ہے، حضرت خواجہ صاحب کو اللہ تعالیٰ نے ادب و احترام کا بھی اعلیٰ ذوق عطا فرمایا تھا آپ مجسم ادب تھے۔ چنانچہ نذیر رانجھا صاحب لکھتے ہیں :

"۱۹۷۴ء کی ختم نبوت کی تحریک کے دوران جامع مسجد کچہری بازار فیصل آباد میں ختم المرسلین ﷺ کے پروانوں کا جلسہ تھا، حضرت بنوری کراچی سے تشریف لائے، مفتی زین العابدین صاحب کی رہائش گاہ پر قیام پذیر تھے۔ حضرت مخدوم زمان خواجہ خواجگان خان محمد اپنے استاذ مکرم کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے۔ حضرت بنوری نے کھڑے ہو کر ان کا استقبال کیا، آپ حضرت بنوری کے سامنے دو زانو ہو کر بیٹھ گئے، امام المحدثین حضرت بنوری نے آپ سے فرمایا: آپ ایسا نہ کریں، لیکن حضرت خواجہ دو زانو ہی بیٹھے رہے۔ گفتگو کے بعد مجلس برخاست ہوئی، حضرت علامہ سید بنوری مجلس سے جانے کے لئے اٹھے، آپ نے حضرت بنوری کا جوتا اٹھایا اور ان کے سامنے رکھا، دونوں حضرات ایک دوسرے کو الوداع کہنے کے لئے باہر تشریف لائے، بوقت رخصت حضرت بنوری نے آپ سے دعا کی درخواست کی"۔ (تاریخ تذکرہ، ص ۲۳۴)

استاذ زادے کا احترام :

حضرت خواجہ صاحب کے صاحبزادے جناب مولانا نجیب احمد صاحب فرماتے

ہیں :

"محدث العصر حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ کے بیٹے صاحبزادہ محمد بنوری جب بھی تشریف لاتے باباجی ان کے احترام میں کھڑے ہوجاتے، ان کے سامنے دوزانو ہوکر بیٹھے رہتے۔ حضرت مولانا اسعد مدنیؒ سے جب ملاقات ہوتی، ان کے احترام میں فوراً کھڑے ہوجاتے۔ جب تک وہ نہیں بیٹھتے تھے، باباجی بھی کھڑے رہتے تھے۔ حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ کی اولاد کا بہت ہی زیادہ احترام کرتے تھے، حالانکہ ان کی اولاد حضرت مولانا انظر شاہ صاحب آپ سے بیعت تھے۔ خلافت کے معاملہ میں بہت زیادہ احتیاط کرتے تھے، لیکن جب دارالعلوم دیوبند کے صد سالہ جلسے پر دیوبند گئے اور حضرت مولانا انظر شاہ صاحب کے گھر گئے تو انظر شاہ صاحب کی والدہ نے عرض کی کہ انظر شاہ کو خلافت دے دیں تو انکار نہ کیا اور بغیر سلوک طے کرائے، خلافت دے دی۔ اتنا ادب واحترام یہ صرف اور صرف اپنے شیوخ کی محبت کا نتیجہ تھا"۔

(لولاک نمبر: ص ۷۵)

نسبتِ خدمت کا احترام :

مولانا صاحبزادہ عزیز احمد راوی ہیں کہ لاہور کے جناب محمد صادق صاحب تھے جنہیں ہم چچا صادق کہتے تھے وہ حضرت خواجہ صاحب کے مخلص خادم تھے۔ ایک دفعہ حضرت خواجہ صاحب نے حج کے لئے سفر کیا، اس سفر میں حضرت خواجہ صاحب

کے ساتھ صاحبزادہ عزیز احمد صاحبزادہ حافظ محمد عابد، سردار فضل محمود خان، کویت سے
کوثر صاحب اور دوسرے حضرات شامل تھے، کویت سے روڈ کے ذریعے حجاز مقدس کا
سفر ہوا، مدینہ طیبہ پہنچے تو آگے چچا محمد صادق گلی میں دیوانہ وار گویا جھومتے نظر آئے
تعجب ہوا کہ ان کو تو خانقاہ سراجیہ چھوڑ آئے تھے یہ مدینہ طیبہ کیسے آگئے؟ ہم گاڑی سے
اترے تو وہ ملے۔ حضرت خواجہ صاحب نے پوچھا، میاں صادق! تم یہاں کیسے آئے؟
تو انہوں نے کہا کہ آپ کے خانقاہ شریف سے سفر حج کے لیے چلے جانے کے بعد میں
نے زمین سے سفر کیا، کراچی آیا، حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری جو آپ کے استاد
ہیں ان سے ملا اور ان کی خدمت میں عرض کیا میں حضرت خواجہ خان محمد کا مرید ہوں وہ
حج پر چلے گئے ہیں مجھے چھوڑ گئے ہیں، میری طبیعت سخت بے چین ہے، اس بے چینی
میں کراچی کا سفر کیا۔ آپ (حضرت یوسف بنوری) مجھے حج پر بھجوائیں۔ حضرت بنوری
نے میرا پاسپورٹ بنوایا، فون کر کے کراچی کے سعودی سفارت خانے سے ویزا منگوا
دیا اور اپنی جیب خاص سے میرے لئے ٹکٹ خریدا اور کراچی ایئر پورٹ پر خود چھوڑ گئے
اس واقعہ سے اندازہ لگائیے کہ حضرت شیخ بنوری حضرت خواجہ صاحب کے خدام پر
اتنے شفیق تھے تو خود حضرت خواجہ صاحب کیلئے آپ کے دل میں کتنی قدر، عزت و محبت
اور احترام ہوگا۔ (لولاک نمبر ص ۴۳)

۸.....مولانا اعزاز علیؒ:

فقہ وادب آپ کا خاص فن تھا۔ آپ جب ابتداء میں دارالعلوم دیوبند
تشریف لائے تو عربی کی ابتدائی کتابیں علم الصیغہ اور نورالایضاح وغیرہ آپ کو
تدریس کے لئے دی گئیں مگر آپ کے درس نے بالآخر وہ مقبولیت حاصل کی کہ شیخ

الادب والفقہ کے نام سے مشہور ہوئے۔ عمر کے آخری دور میں کئی سال ترمذی جلد ثانی اور تفسیر کی بلند پایہ کتابیں بھی پڑھائیں۔ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی کی عدم موجودگی میں متعدد مرتبہ آپ کو بخاری شریف پڑھانے کا موقع ملا۔ غرض علم فقہ، علم حدیث، علم ادب اور علم تفسیر وغیرہ ہر فن کی کتابوں پر ان کو عبور حاصل تھا۔ بے نفسی اور تواضع میں اپنی مثال آپ تھے۔ آپ نیک بے نظیر استاد، ایک متبحر عالم دین اور ایک جامع شخصیت تھے۔ دارالعلوم دیوبند میں آپ کی علمی خدمات کا دور ۳۳ برس تک ممتد رہا۔

۹......مولانا ابراہیم بلیاویؒ:

حضرت علامہ بلیاویؒ ہر علم وفن ۔۔۔ سے علم کلام وعقائد میں یگانہ روزگار شخصیت تھے۔ ساٹھ (۶۰) سال تک تدریس سے وابستہ رہے۔ تدریس میں انداز ایسا تھا کہ طلباء ان کے درس میں بڑے شوق، ولولے، جذبے اور انہماک سے شریک ہوتے تھے۔ کیونکہ آپ دوران درس لطائف وظرائف، دقیقہ سنجی اور اختصار سے مسائل کو یوں چٹکیوں میں حل کرتے کہ طلباء پر مسئلہ کے تمام پہلو روشن ہو جاتے اور طلباء محظوظ ہوئے بغیر نہ رہتے۔ حضرت نانوتویؒ کے علوم ومعارف پر گہری نظر رکھتے تھے۔ حضرت مولانا محمود حسن دیوبندیؒ سے تلمذ کی نسبت اور بیعت کا شرف بھی حاصل تھا۔

۱۰......مولانا محمد ادریس سکروڈھویؒ:

مولانا سعید احمد اکبرآبادی لکھتے ہیں:

"افسوس ہے کہ پچھلے دنوں مولانا محمد ادریس سکروڈھوی کا مظفرنگر

میں انتقال ہو گیا مرحوم دارالعلوم دیوبند کے قدیم اساتذہ میں سے

تھے یوں پڑھانے کو تو سب کچھ پڑھا سکتے تھے لیکن ہیئت ان

کا خاص فن تھا جس میں اس فن کے اہم نکات بیان کر جاتے تھے

بہ ظاہر بڑے بھولے بھالے اور سیدھے سادے لیکن درحقیقت

نہایت ذی فہم اور بڑی سوجھ بوجھ کے انسان تھے، درس کے شغل

کے ساتھ تھوڑا بہت کوئی نہ کوئی تجارتی کام بھی کرتے تھے"۔

(برہان دہلی نومبر ۱۹۵۱ء)

مشاہیر علمائے دیوبند میں مولانا ادریس صاحب کا تعارف وتذکرہ درج

ذیل الفاظ میں موجود ہے، مولانا ادریس سکروڈھ نامی بستی کے باشندہ تھے، دیوبند

پڑھنے کیلئے آئے تو حضرت مولانا حبیب الرحمٰن نے حضرت مولانا انور شاہ کشمیری کی

خدمت میں پہنچا دیا پھر انہوں نے ایسی جم کر خدمت کی کہ چالیس سال کے طویل

عرصہ میں کبھی جدا نہ ہوئے۔ دارالعلوم دیوبند میں بھی مدرس رہے اور ڈابھیل میں

بھی۔ عمرہ کا آخری حصہ دہلی کے مدرسہ "حسین بخش" میں مدرسی کرتے ہوئے

بتایا، یہیں دہلی میں گھنٹہ گھر کے قریب ایک مسجد میں امامت کرتے، مرض الوفات میں

مبتلا ہوئے تو ان کے داماد مظفر نگر لے گئے وہیں کی خاک میں آسودہ خواب

ہوئے۔ (مشاہیر علمائے دیوبند ص ۲۹۳)

۱۱.....مولانا عبدالعزیز کیمل پوری:

مولانا عبدالعزیز دامان علاقہ چھچھ کے تھے۔ حصول تعلیم کیلئے مظاہر العلوم

سہارنپور گئے۔ پھر دارالعلوم دیوبند میں پڑھتے رہے۔ گجرات میں مولانا غلام رسول

اور مولانا ولی اللہ سے پڑھتے رہے، دورۂ حدیث جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں پڑھا۔
فراغت کے بعد ڈابھیل میں مدرس ہو گئے تھے، تین چار سال کے بعد مولانا بدر عالم کی
معیت میں مدرسہ عیدگاہ بہاولنگر چلے گئے یہاں پڑھاتے رہے اسی دوران مولانا
بدر عالم مدینہ شریف چلے گئے۔ مولانا عبدالعزیز نے عیدگاہ بہاولنگر میں چند سال
تک تدریس کی پھر فوت ہو گئے۔ (مشاہیر علماء، ص۳۳۳، ج۳)

قاری رحیم بخشؒ سے تلمذ کی نسبت :

حضرت صوفی احمد یار صاحب مدظلہ بتاتے ہیں کہ حضرت خواجہ خان محمد
صاحبؒ کی تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء میں گرفتاری عمل میں آئی، پانچ، چھ ماہ بورسٹل
جیل میں گزارے، ایام اسارت میں آپ حضرت قاری رحیم بخش صاحب رحمۃ اللہ
علیہ سے قرآن پاک کی مشق کرتے رہے۔ قاری عبدالرحمٰن ضیاء صاحب راوی ہیں کہ:

> ''ایک مرتبہ حضرت قاری صاحب رحمہ اللہ کے فرزند مولانا قاری
> محمد عبداللہ صاحب رحیمی (رحمہ اللہ) خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ
> شریف میں ملاقات کی غرض سے حاضر ہوئے۔ جب قاری صاحب
> کے بارے میں عرض کیا گیا تو آپ کھڑے ہو گئے اور ارشاد فرمایا
> کہاں ہیں؟ قاری صاحب کو گلے لگایا اور اپنی مسند پر ساتھ بٹھایا،
> قاری صاحب کو جاتے ہوئے حضرت خواجہ صاحبؒ نے ایک مصلّٰی
> اور ایک عطر کی شیشی عنایت فرمائی، کچھ عرصہ بعد قاری صاحب نے
> بتایا: ''میں جب مارکیٹ میں خالی شیشی دکھا کر عطر خریدنے گیا تو پتہ
> چلا کہ یہ عطر ہمارے ملک کی مارکیٹ میں دستیاب ہی نہیں ہے، ہاں

البتہ یہ جان کر حیرانی ہوئی کہ اس خالی شیشی کی قیمت پاکستانی ہزار

روپیہ ہے''۔(لولاک نمبر۔ ص ۲۱۰)

حضرت مدنیؒ سے نسبت :

حضرت خواجہ صاحبؒ نے جب دورۂ حدیث شریف کی تکمیل کے لئے دارالعلوم دیوبند میں داخلہ لیا اس وقت حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ دیوبند میں صحیح بخاری پڑھاتے تھے۔ حضرت خواجہ صاحب فرمایا کرتے تھے جس سال ہم نے دیوبند میں داخلہ لیا تو پہلے دن حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ نے سبق کا آغاز فرمایا لیکن اسی رات ان کی گرفتاری عمل میں آگئی اس بنا پر حضرت مدنیؒ سے صرف ایک دن شرف تلمذ حاصل ہوسکا۔

حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ اور دیگر بزرگانِ ملت کی سیرت وسوانح کا مطالعہ کرنے سے اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ طالب علم کی کامیابی دو چیزوں پر منحصر ہے۔ اول محنت اور جدوجہد۔ دنیا کا دستور ہے کہ ہمیشہ محنت کش لوگ کامیاب وکامران ہوتے ہیں محنت ایک ایسی خوبی اور صفت ہے جس کو محنت کا شوق اور جذبہ نصیب ہوگیا۔ اس کے ہاتھ میں کامیابی کی کنجی آگئی۔ تاریخ انسانی میں ایسی ہزاروں مثالیں موجود ہیں کہ غبی اور کند ذہن افراد اپنی محنت اور کوشش کے بل بوتے پر ترقی کے اس روشن مینار پر پہنچ کر رشکِ ملائکہ بن گئے اور زمین پر زبانیں ان کے تذکرے سے لطف اندوز ہوئیں۔

کامیابی کے لئے دوسری چیز اساتذہ کی دعائیں ہیں۔ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ استاد کی دعا شاگرد کے حق میں سریع القبول ہوتی ہے اور اساتذہ کی دعاؤں کے

بغیر طالب علم کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا اور اساتذہ کی دعائیں بغیر ادب واحترام کے ہاتھ نہیں آتیں۔ ادب واحترام اور خدمت اساتذہ طالب علم کو بلندیوں پر پرواز کراتی ہے۔ خادم مزاج طالب علم درخشندہ ستارہ اور روشن چراغ بن کرامت کی رشد و ہدایت کا سامان بنتا ہے اور اس کے علم وعمل سے ہدایت کے چشمے پھوٹتے ہیں۔

حضرت خواجہ خان محمدؒ اپنے اساتذہ کی خدمت اور اپنے شیخ ومربی مولانا عبداللہ لدھیانویؒ کی دعاؤں کی برکت سے اس مقام پر پہنچے جہاں تک پہنچنا ہر کس وناکس کے بس کی بات نہیں۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے کامیابی کے زینے یوں طے کیے کہ قیامت کی صبح تک ان کا نام روشن اور تابندہ رہے گا۔

باب : ۳

درس و تدریس، فروغِ علم اور ذوقِ مطالعہ

مصعب بن زبیرؓ نے اپنے صاحبزادے سے فرمایا: اے میرے لختِ جگر! علم حاصل کرو اگر تمہارے پاس مال ہو تو یہ علم تمہارے لئے باعثِ زینت اور شانِ افتخار ہے اور اگر تمہارے پاس مال و دولت نہ ہوئی تب بھی یہ علم تمہارے لئے کسی متاعِ بے بہا سے کم نہیں۔ قرآن و سنت نے جابجا حصولِ علم کی ترغیب و تشویق دے کر یہ امر واضح کر دیا ہے کہ ایک عالم و عارف بھی بھی کسی جاہل و ناداں کے برابر نہیں ہو سکتا، یہ شرفِ علم ہی ہے جس کی طرف محمد عربی ﷺ نے اپنی نسبت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ..... "میں معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں"۔

آج کے اس پُرفتن دور میں بھی جو حضرات درس و تدریس سے منسلک اور وابستہ ہیں ان کی شان، مقام اور اہمیت مسلّم ہے۔

حضرت خواجہ خان محمدؒ جب دارالعلوم دیوبند سے سندِ فراغ حاصل کر کے خانقاہ سراجیہ پہنچے تو خانقاہ شریف کے مدرسہ سعدیہ میں آپ نے کچھ عرصہ تک تدریسی خدمات انجام دیں، یہاں آپ نے گلستان، بوستان، منیۃ المصلی، قدوری، اصول الشاشی اور کئی دوسری کتابیں پڑھائیں۔

زمانہ تدریس کا ایک دلچسپ واقعہ :

حضرت مولانا عبدالرشید ارشد اپنی شہرہ آفاق کتاب بیس مردان حق کے صفحہ ۱۳۸ پر تحریر فرماتے ہیں :

''حضرت خواجہ خان محمد کو لنگر شریف کی مصروفیات سے فرصت میسر نہ تھی پھر بھی چند دینی کتب پڑھایا کرتے تھے۔ ایک روز حافظ ظفر احمد نے جو مظفر گڑھ کے رہنے والے تھے حضرت مولانا عبداللہ لدھیانویؒ سے عرض کیا کہ میں بعض کتب حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ سے پڑھنا چاہتا ہوں۔ اس پر حضرت لدھیانوی نے فرمایا وہ عدیم الفرصت ہیں ان سے علم حاصل کرنے کا بس ایک ہی طریقہ ہے کہ کتاب لے کر ان کے پیچھے لگے رہو جہاں انہیں فرصت ملے سبق پڑھ لیا کرو۔ ہوا یوں کہ ایک دن حضرت مولانا خواجہ خان محمدؒ گھوڑے پر سوار ہو کر کندیاں سے خانقاہ شریف پہنچے سورج غروب ہو چکا تھا۔ آپ نے گھوڑے کو تھان پر باندھا اور نماز مغرب ایک کونے میں ادا کی نماز مغرب سے فارغ ہوئے تو دیکھا حافظ محمد ظفر صاحب کتاب لیے بیٹھے ہیں۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے پوچھا کیا کام ہے؟ حافظ صاحب نے جواب دیا سبق پڑھنا چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا سبق پڑھنے کا یہ کونسا وقت ہے پھر انہیں چند اسباق پڑھائے تو وہ مطمئن ہو گئے۔'' (بیس مردان حق ص ۱۳۹)

تدریس مشکوٰۃ :

حضرت مولانا مفتی عظمت اللہ جوئی راوی ہیں :

جب بندہ موقوف علیہ کو پہنچا تو مشکوٰۃ المصابیح اپنے ساتھ لے کر خانقاہ سراجیہ حاضری ہوئی، حضرت قبلہ خواجہ خان محمد صاحبؒ ان دنوں صحت مند تھے روزانہ

فجر کی نماز کے بعد اشراق تک خانقاہ کی جامع مسجد میں مراقبے میں مشغول رہتے۔ اشراق کے بعد تھوڑی دیر کیلئے گھر تشریف لے جاتے اور پھر مسجد کے برآمدے میں حاجی عبدالرشید ارشد کو تصوف کی کچھ کتابیں پڑھاتے، مجھے یاد ہے کہ کتاب کی عبارت خود حضرت حاجی عبدالرشید پڑھتے، جہاں کہیں معمولی غلطی آجاتی فوراً حضرت خواجہ صاحبؒ درست کراتے۔

ہم بھی قریب بیٹھ جاتے، جب پہلی مرتبہ بیٹھنے کا موقع ملا تو میں نے حضرت خواجہ صاحب سے مشکوٰۃ المصابیح پڑھنے کی درخواست کی، حضرت خواجہ صاحب نے تبسم فرما کر مسجد کے ساتھ والے کمرے کی طرف اشارہ کیا، یہ کمرہ حضرت خواجہ صاحب کی حیات تک ان کے لئے خاص کیا گیا تھا۔ ویسے تو اللہ جل جلالہٗ نے حضرت خواجہ صاحب کو جامع الصفات بنایا تھا، مگر چند صفات ان میں نمایاں تھیں: خاموشی، توجہ الی اللہ، ہر کسی کی بات سننا، تواضع وانکساری، طلباء کرام کے ساتھ خصوصی محبت اور شفقت۔

میری گزارش حضرت خواجہ صاحب نے قبول فرما کر کمرے میں مشکوٰۃ المصابیح شروع کرادی، کتاب الایمان کے اختتام تک حضرت خواجہ صاحب عبارت خود ہی پڑھتے تھے، مجھے فرماتے کہ: ”آپ میرے پیچھے پڑھ لیا کریں۔ کچھ احادیث پر حضرت تقریر بھی فرماتے، جس کو مشکوٰۃ المصابیح پر پنسل سے حاشیہ پر رقم کر چکا ہوں، حسب ارشاد یہ معمول کتاب الایمان کے اختتام تک چلتا رہا، علمی اعتبار سے حضرت خواجہ صاحب کو راسخ فی العلم پایا، جب مدرسہ عربیہ دائرے وٹہ کی چھٹیاں ختم ہوگئیں تو بندہ نے مدرسہ جانے کی اجازت طلب کی، اس دوران سرگودھا کے چند

طالب علم آئے تھے، حضرت خواجہ صاحب سے اپنے داخلے کے بارے میں مشورہ طلب کیا تو حضرت نے بنوری ٹاؤن کراچی اور خیر المدارس میں پڑھنے کا ارشاد فرمایا۔

دورانِ تعلیم حضرت خواجہ صاحبؒ

طالب علموں کو بیعت نہیں فرماتے تھے۔

ان طالب علموں نے حضرت سے بیعت ہونا چاہا مگر حضرت خواجہ صاحبؒ نے ان کو شفقت اور محبت کے ساتھ منع فرمایا کہ دل لگا کر پڑھو، فراغت کے بعد تمہیں اجازت ہے۔

ایک طالب علم نے کہا کہ باباجی! میرے پاس پیسے نہیں، حضرت خواجہ صاحبؒ نے کاپی نکالی جس میں نوٹ تھے ... تم ہو ... جب نکال کر ان کو دیے انہیں بھی جرأت ہوئی کہ باباجی سے برکت کے لئے ... تسبیح وغیرہ سے لینا چاہیے، میں نے بھی عرض کیا، حضرت خواجہ صاحب نے کاپی میں سے ایک لفافہ نکال کر مجھے عنایت فرمایا، جس میں تقریباً پانچ صد روپے تھے۔ اس سے حضرت خواجہ صاحب کا طالب علموں کے ساتھ محبت و اکرام کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اتنی بلند شخصیت کا حامل علم و عرفان کی بلندیوں کو عبور کیے ہوئے پھر بھی طالب علموں سے ایسے پیش آتے کہ گویا طالب علم استاذ ہے اور حضرت خواجہ صاحب ان کے شاگرد ہیں۔ جن لوگوں نے حضرت خواجہ صاحب کو قریب سے دیکھا ہے وہ بخوبی واقف ہیں۔ شاعر نے کیا ہی خوب کہا ہے۔

نہیں موتِ عالِم یہ ہے موتِ عالَم کہ ہر غم میں جسم بھی دیکھتا ہوں

شریعت طریقت ریاضت میں یکتا — فضائل بروں از بیاں دیکھتا ہوں
علم میں ماہر تصوف میں کامل — میں ثانی تیرا اب کہاں دیکھتا ہوں
خلا ہو گیا جو تیرے بعد پیدا — میں تجھ سا کسی کو کہاں دیکھتا ہوں

چنانچہ جب حضرت خواجہ صاحب نے اجازت دیدی اور میں مدرسہ چلا گیا۔

مطالعہ و درس میں کمال کی دعا:

کچھ عرصہ کے بعد پڑھائی سے میرا دل اچاٹ ہو گیا۔ وہاں سے حضرت خواجہ صاحب کو مدرسے ایک خط ارسال کیا جس میں اپنے بارے میں تفصیل لکھی تھی۔ کہ میں نے لکھا تھا کہ مطالعہ کرنا میرے لئے مشکل ہو رہا ہے۔ استاد کے سامنے سبق (یعنی استاد کی تقریر) بالکل سمجھ نہیں آرہی۔ اور کچھ مزید باتیں خط میں، میں نے لکھی تھیں۔ تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ حضرت خواجہ صاحب کا جواب آیا وہ دن میرے لئے انتہائی خوشی و فرحت کا دن تھا یوں محسوس ہوا گویا میدان حشر میں اعمال نامہ دائیں ہاتھ میں ملا۔

حضرت خواجہ صاحب کا جواب تحریر نہایت جامع اور مختصر ہوتا تھا۔ حضرت خواجہ صاحب نے تحریر فرمایا تھا کہ مطالعہ دل چسپی سے کرو۔ مزید لکھا تھا کہ استغفار کثرت سے پڑھو اور یہ دعا دائیں ہاتھ بدن پر دم کر کے ہاتھ کو دل پر رکھو وہ یہ ہے۔

"اللھم نور قلبی بعلمک واستعمل بدنی بطاعتک"۔

چنانچہ جب میں نے یہ سلسلہ شروع کیا تو اللہ جل جلالہ نے میرا مسئلہ حل کر دیا اب بھی جب تدریس کیلئے بیٹھتا ہوں تو یہ دعا پڑھ کر دل کو اطمینان اور کتاب

پڑھانا آسان ہو جاتا ہے۔

صحیح بخاری کا درس :

جب درجہ موقوف علیہ سے کامیاب نمبروں کے ساتھ فراغت ہوئی، رجب المرجب کے اخیر میں چھٹیاں ملیں، گھر پہنچا تو حضرت خواجہ صاحب کی خواب میں زیارت ہوئی، صبح والد ماجد کو بتایا، چونکہ والد صاحب کی حضرت خواجہ صاحب سے قلبی عقیدت تھی، والد صاحب نے کہا کہ چھٹیاں حضرت خواجہ صاحب کے پاس گزارو۔ میں اگلے دن صحیح البخاری بازار سے خرید کر جلد اول حضرت خواجہ صاحب کے پاس لے کر حاضر ہوا۔

چونکہ ان کا رعب لوگوں پر بہت حاوی تھا، خانقاہ سراجیہ میں صرف نواز خان کی مروت پشتو زبان والے بہت جرأت کے ساتھ حضرت قبلہ سے درخواست کرتے تھے، حضرت خواجہ صاحبؒ بھی ان سے دلچسپی سے بولتے تھے، میں نے نواز خان صاحب کو بتایا کہ حضرت خواجہ صاحبؒ سے کتاب شروع کرانے کی درخواست کریں چونکہ علاقے کی قربت اور زبان کی قربت کی وجہ سے انہوں نے مجھے آگے کر دیا، حاضرین مجلس کو کہا کہ ان کو آگے بیٹھنے کی جگہ دو، اور خود حکیم صاحبؒ جو حضرت خواجہ صاحبؒ کے خادم خاص رہے ہیں ان کو فرمایا کہ صحیح البخاری کتب خانے سے لے آؤ۔ چنانچہ جس کتاب میں حضرت خواجہ صاحبؒ نے اسباق پڑھے تھے، وہ لے کر آئے، حضرت خواجہ صاحبؒ نے بلا تکلف کتاب کے اوراق پلٹے یوں محسوس ہو رہا تھا کہ حضرت خواجہ صاحبؒ کو کتاب سے کافی مناسبت حاصل ہے۔ حضرت خواجہ

صاحبؒ نے باب بدء الوحی کی پہلی حدیث شروع کی، خود ہی عبارت پڑھنی شروع کی، مجھے کہا کہ میرے پیچھے پڑھتے رہنا اس پر تمام حاضرین عبارت پڑھتے رہے۔ حدیث پر مختصر بحث کی، بعد ازاں نواز خان صاحب نے اجازت طلب کی، چند اشعار حضرت خواجہ صاحب کے بارے میں پڑھنا شروع کیے اور زار وقطار روتے رہے، وہ اشعار جن کے چند مصرعے مجھے یاد ہیں کہ: ''اے پیر دستگیر ہاتھ میرا گیر'' کہا کہ حضرت! حضرت اعلیٰ کی موجودگی میں، میں نے آنجناب کی بہت بے ادبی کی، مجھے معاف کر دیں اور کہا کہ اعلیٰ حضرت اور آپ کے ساتھ ایک عرصہ گزرا مگر ابھی تک کچھ حاصل نہ ہوا بس حضرت ابھی خاص توجہ فرما دیں۔ حضرت خواجہ صاحب برابر مسکرا رہے تھے۔

مدنی تو ایک ہی تھے:

میں نے حضرت خواجہ صاحب سے عرض کیا کہ سلسلۂ سند (صحیح بخاری) آنجناب نے کس سے پڑھی ہے فرمایا کہ جس دن ہم نے دارالعلوم دیوبند میں بخاری شریف حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی صاحبؒ سے شروع کی تھی اس سے اگلے دن مولانا مدنی صاحبؒ کو انگریز حکومت نے گرفتار کیا، تو حضرت مولانا محمد ابراہیم بلیاوی صاحبؒ سے ہم نے بخاری شریف پڑھی۔ یہ کہتے ہی حضرت خواجہ صاحب بے اختیار رو پڑے کہ دارالعلوم دیوبند تو دیکھنے کا ہے کہ بندہ دیکھتا ہی رہے اور فرمایا کہ لوگ اپنے ناموں کے ساتھ ''مدنی'' لکھتے ہیں ''مدنی'' تو ایک ہی تھے، ''مدنی'' تو ایک ہی تھے، یہ جملہ کئی دفعہ دہرایا، اس سے حضرت خواجہ صاحبؒ کا دلی تعلق جو دارالعلوم دیوبند اور

حضرت مدنی سے تھا اندازہ لگایا جا سکتا ہے اراکین مجلس کے لئے یہ بڑا اچھا منظر تھا کہ حضرت خواجہ صاحب کلام فرما رہے ہیں وہ منظر جب یاد آجاتا ہے تو خون کے آنسو بہتے ہیں ۔

مجلس کے ادعیہ مسنونہ کا ورد :

جب سبق ختم ہوا تو نواز خان صاحب کی درخواست پر حضرت خواجہ صاحب نے دعا شروع فرمادی جس میں سے چند کلمات مجھے یاد ہیں :

"اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا ۔ الخ ۔

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا نَافِعًا ۔ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا" ۔ (لولاک نمبر ص ۵۵)

کتب تصوف کی تدریس :

حضرت خواجہ صاحب درس نظامی کی کتابیں تو مصروفیات کی وجہ سے نہ پڑھا سکے لیکن تصوف کی کتابیں پڑھاتے رہے ماہنامہ لولاک ذی القعدہ ۱۴۲۳ھ سے ایک رپورٹ ملاحظہ ہو :

"رمضان المبارک میں صبح سحری کا وقت ختم ہوتے ہی اذان ہوتی تھوڑی دیر بعد حضرت خواجہ صاحب گھر سے فجر کی سنتیں ادا کر کے مسجد تشریف فرما ہوتے ۔ آپ کی تشریف آوری پر جماعت کھڑی ہو جاتی ، جماعت سے فارغ ہوتے ہی ختم خواجگان پڑھا جاتا ۔ اس کے بعد شمائل ترمذی کا درس ہوتا ۔ حاضرین اس میں شریک ہوتے

شمائل نبوی ﷺ کے بیان کے وقت حضرت خواجہ صاحبؒ سمیت
پوری مجلس آنحضرت ﷺ کے عشق میں درجہ محویت کے عروج پر
ہوتی، پوری جماعت پر وجد کی ایک خاص کیفیت طاری ہوتی۔
شمائل ترمذی کے درس کے بعد مراقبہ شروع ہوتا جو اشراق کے وقت
تک جاری رہتا، اشراق سے فراغت کے بعد حضرت خواجہ صاحب
اپنے حجرہ میں تشریف لاتے، گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ تک قیام کرتے،
نوواردین کا استقبال اور جانے والے رخصت حاصل کرتے، اس
دوران میں وظائف و اسباق تصوف لینے والے رفقاء استفادہ
کرتے، اس کے بعد حضرت خواجہ صاحب قبلہ گھر تشریف لے
جا کر تلاوت میں مشغول ہو جاتے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تلاوت کا عمل
جاری رکھتے اور پھر آرام فرماتے۔ ظہر کی اذان سے قبل نماز کی تیاری
میں مشغول ہو جاتے، ظہر کی سنتیں گھر ادا کر کے ظہر کی نماز کیلئے مسجد
میں تشریف لاتے، آپ کی تشریف آوری پر جماعت کھڑی ہو جاتی
پورا رمضان المبارک سری نمازوں کی امامت آپ خود کرتے
سنتوں کی ادائیگی کے بعد ختم خواجگان ہوتا بعدہ مکتوبات امام ربانی
مجدد الف ثانی، مکتوبات شاہ غلام علی دہلوی اور شاہ ابو سعید
دہلوی کی زاد الطالبین دورہ کا ترتیب کا درس ہوتا۔ شمائل ترمذی اور عصر
کے بعد درس کی ترتیب یہ ہوتی کہ چار پانچ کتابیں لائی جاتیں۔
ایک کتاب حضرت خواجہ صاحب خود کھول لیتے دوسری کتاب پر

پڑھنے والے صاحب تلاوت شروع کردیتے۔ جہاں پڑھنے والے سے غلطی ہوتی حضرت خواجہ صاحب تصحیح فرمادیتے یا کہیں کہیں وضاحت کے لئے چند جملے ارشاد فرمادیتے جو انگوٹھی میں نگینے کی طرح ہوتے تھے۔ ایک دو ساتھی بھی ساتھ ہی کتابیں کھول کر گویا درس میں طالب علم کے طور پر شریک ہوتے، باقی سامعین صرف سماع کرتے تھے۔ ظہر کے بعد تصوف کی کتابوں کی خواندگی کا شرف ہمیشہ کی طرح اسباق بھی حضرت خواجہ صاحب کے بڑے صاحبزادے حضرت مولانا صاحبزادہ عزیز احمد صاحب مدظلہ نے حاصل کیا۔ شمائل کے سنانے کا شرف مولانا حافظ رحمان صاحب اسلام آبادی کو حاصل رہا۔ دعا کے بعد حضرت خواجہ صاحب پھر حجرہ میں تشریف لاتے، ملاقاتی شرف زیارت حاصل کرتے، اس دوران میں زیادہ تر تصوف کے اسباق لینے والے حضرات اپنی کیفیات بتلاتے۔ حضرت خواجہ صاحب ان میں اصلاح فرمادیتے جس کے لئے مناسب خیال کرتے اسے اگلا سبق دے دیتے۔ عصر سے کچھ دیر قبل گھر تشریف لے جاتے۔ معمول استراحت کے بعد وضو کر کے اذان کے بعد عصر کی سنتیں گھر ادا فرماتے۔ آپ مسجد تشریف لاتے تو آپ کی امامت میں عصر ادا ہوتی اس کے بعد پھر ختم خواجگان ہوتا۔ اس کے بعد مکتوبات حضرت مجدد کا درس ہوتا۔ مکتوبات سنانے کا شرف حضرت حافظ عبدالرشید صاحب کو حاصل

([illegible] ۲۰۰۲ء)

ذوقِ مطالعہ :

حضرت خواجہ صاحبؒ مطالعہ کے رسیا تھے۔ مطالعہ کی اہمیت اور اس کی ضرورت سے کوئی باشعور انسان ہرگز انکار نہیں کر سکتا۔ تاریخ میں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ جو شخص بھی علم اور تحقیق کے اعلیٰ مراتب پر فائز ہو کر دنیا پر اپنا لوہا منوا چکا اس کی کامیابی اور ترقی کی بنیادی وجہ کثرت مطالعہ ہے۔ حضرت خواجہ صاحبؒ جب مطالعہ کرتے تو بھی اوقات مریدوں کے تزکیہ کا ہوتا۔ حضرت مطالعے میں مصروف رہتے۔ ملک بھر سے ہفت روزہ رسالے اور ماہنامے آپ کے پاس پہنچتے تھے۔ آپ مطالعہ بھی فرماتے اور مریدوں کی طرف توجہ بھی۔

انہماکِ مطالعہ :

مولانا عبدالرحیم جو خانقاہ سراجیہ میں مدرس ہیں وہ آنکھوں دیکھا حال بیان کرتے ہیں :

> ""آپؒ مجلس میں کبھی نہ کبھی کتاب کا مطالعہ بھی فرماتے تھے اور اتنے انہماک سے مطالعہ فرماتے کہ مکمل کتاب کے ہو کر رہ جاتے تھے۔ ماسوا کی کوئی خبر نہ ہوتی تھی۔ بعض اوقات تو لگاتار گھنٹوں مطالعہ فرماتے۔ خادم کو وقت کے بارے میں بتانا پڑتا تھا۔ کبھی ایسا بھی ہوتا تھا کہ حاضرین مجلس کو کتاب یا رسالے سے کوئی واقعہ خود سنانا شروع فرما دیتے تھے اور پھر پڑھتے پڑھتے خود بھی رو پڑتے اور

حاضرین مجلس کو رلاتے تھے، آنسو موتیوں کی طرح گرتے تھے، کبھی
حضرت والا مجلس میں کسی بات پر مسکرا بھی دیتے تھے، آخر آپ
خاموش رہتے تھے اور متوجہ الی اللہ رہتے تھے"۔

تصور میں تجھے لا کر ہمہ تن گوش رہتا ہوں
مثل شمع جلتا ہوں مگر خاموش رہتا ہوں

حوالہ کی تلاش میں مشقت:

حضرت مولانا شیخ رشید الحق عابد نقشبندی رقمطراز ہیں:

"بندہ جب بھی مجلس میں ہوتا تو تصوف کے کسی موضوع پر ضرور
پوچھ گچھ کرتا رہتا اور حضرت بھی شفقت فرماتے ہوئے اچھا سا
جواب ضرور مرحمت فرماتے۔ اتفاق سے بندہ نے تصوف کی کوئی
بات پوچھی تو حضرت بات سنتے ہی فوراً خلافِ معمول اٹھ کر باہر
تشریف لے گئے، ساری مجلس میری طرف دیکھنے لگی۔ بندہ خود ابھی
تک پریشان کہ خدانخواستہ کوئی گستاخی مجھ سے ہوئی ہے کیا؟ لیکن
مجلس کے ایک حاضر باش مزاج شناس نے میری طرف اشارہ کیا
کہ آپ بھی حضرت کے پیچھے چلے جائیں۔ بندہ لرزتی ٹانگوں سے
حضرت کے پیچھے چل پڑا۔ چنانچہ حضرت کشاں کشاں خانقاہ کی
لائبریری میں تشریف لے گئے اور کتب خانہ کے شعبۂ تصوف کے
سامنے قیام فرما ہوئے۔ بندہ پیچھے کھڑا رہا۔ حضرت نے کچھ دیر کی

تلاش کے بعد تصوف کی مشہور کتاب "لوائح جامی" نکال فہرست دیکھی اور پھر کتاب بندہ کے ہاتھ میں تھمادی، فرمایا: کہ اس کا فلاں جملہ سے مطالعہ کرلو۔ چنانچہ واپس ہم دونوں حجرہ شریف پہنچے۔ دوپہر کی فرصت میں بندہ نے کتاب کا مطالعہ کیا اور ظہر کی مجلس میں عرض کیا کہ: میں نے کتاب کا مطالعہ کرلیا لیکن اس میں چند باتیں غلط ہیں: حضرت نے فرمایا کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے؟

بندہ نے وہ مقام کھول کر آگے کر دیا، حضرت دیکھ کر مسکرائے ، فرمایا کہ:

"ہاں کتابت کی غلطی سے مضمون غلط ہوگیا ہے"۔

پھر رات کی مجلس میں جس میں ساتھی نسبتاً کم ہوتے تھے بندہ نے وحدۃ الوجود کی بحث شروع کی، حضرت نے کافی معلومات افزا جوابات عنایت فرمائے۔ ایک جواب پر بندہ نے اشکال ظاہر کیا اس کا جواب باحوالہ دکھانے کیلئے حضرت نے فرمایا کہ: اپنے پیچھے موجود الماری سے فلاں کتاب دے دو، حضرت نے وہ حوالہ تلاش کرنے کی کافی کوشش فرمائی لیکن پندرہ منٹ کی جستجو کے باوجود حوالہ نہ مل سکا۔ آخر بندہ نے عرض کیا کہ: چلو پھر کسی موقع پر تلاش کر لیں گے۔ لیکن حضرت نے میری بات کی ان سنی کر دی اور حوالہ کی تلاش جاری رکھی۔ جبکہ بندہ کو پہلے سے علم تھا کہ حضرت خواجہ صاحب شیخ المشائخ شاہ غلام علی مجددی کا قول مجھے دکھانا چاہتے

ہیں۔ چنانچہ جب تلاش کو پون گھنٹے کے قریب وقت ہو گیا اور تمام ساتھی میری طرف بار بار دیکھنے لگے کہ حضرتؒ کو تم نے کیسے مشکلات میں ڈال رکھا ہے، بندہ نے دوبارہ عرض کیا کہ حضور! صحیح تلاش کرتے ہیں گے لیکن حضرت بدستور ورق گردانی فرماتے رہے۔ بالآخر مجبوراً بندہ کو آخری پتہ پھینکنا پڑا کہ میرے خیال میں حضور مجھے شاہ غلام علی کا ارشاد دکھانا چاہتے ہیں وہ پہلے سے میرے علم میں ہے، حضرت نے مسکرا کر کتاب بند فرمادی فرمایا کہ میں وہی دکھانا چاہتا تھا۔ حضرت نے مجھ ناچیز کے وسعت مطالعہ کی تعریف بھی فرمائی، نیز شکر ادا کرنے کا حکم فرمایا۔ (دوانے خیر ص ۲۷)

☆ ☆ ☆

باب : ۴

تحفظِ ختمِ نبوت

اور جذبۂ عشق و محبت رسول ﷺ

ربّ ذوالجلال نے جب گلشنِ ہستی کو آباد کیا تو اس میں ہنگامۂ زندگی برپا کرنے کے لئے اپنی سب سے احسن تخلیق انسان کو اس میں بسایا اور اس کے ساتھ ساتھ انسانوں کی تعلیم وتربیت اور رشد وہدایت کے لئے انبیاء کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا۔ نبوت کا یہ روشن سلسلہ سیدنا آدم علیہ السلام سے شروع ہو کر محمد عربی ﷺ پر ختم ہو گیا۔ اس بزمِ جہاں میں سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور سب سے آخری نبی محمد عربی ﷺ ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے کوئی نبی نہیں اور حضرت محمد ﷺ کے بعد بھی کوئی نبی نہیں۔ دین اسلام میں اس عقیدہ کو عقیدہ ختم نبوت کہا جاتا ہے۔ دین اسلام کی عظیم اور رفیع الشان عمارت اس عقیدہ کی بنیاد پر کھڑی ہے۔ دین اسلام کا مرکز ومحور یہی عقیدہ ختم نبوت ہے۔

محمد عربی ﷺ کے دورِ نبوت میں اس عقیدہ میں نقب لگانے کی جو کوششیں شروع ہوئیں وہ آج بھی جاری وساری ہیں۔ آج عقیدہ ختم نبوت پر ڈاکہ ڈالنے والوں میں انگریز کے خود ساختہ پودے مرزا غلام احمد قادیانی کی ذریت پیش پیش ہے۔

قادیانیت کیا ہے؟ قادیانیت محمد عربی ﷺ سے بغاوت کا نام ہے، قادیانیت محمد عربی ﷺ کے خلاف بغاوت وعناد کا ایک دھکتا ہوا آتش فشاں ہے، قادیانیت شافع محشر ﷺ کی ختم نبوت پر ڈاکہ زنی اور قذاقی کا نام ہے، قادیانیت یہودیت کا چربہ ہے، قادیانیت مسیلمہ کذاب کے غلیظ اور پلید مشن کا نجس اور منحوس نام ہے، قادیانیت کذب وافتراء ہے جعل سازی ہے۔

ہمارے مخدوم حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ پوری زندگی قادیانیت کے خلاف لڑتے رہے اور دنیا والوں کو بتاتے رہے اے ایمان والو! قادیانیت ایک عفریت ہے جو اسلام اور محبت مصطفیٰ ﷺ کو نگلنا چاہتا ہے، اگر جناب محمد عربی ﷺ سے تمہارا عشق ومحبت کا رشتہ ہے تو ختم نبوت کے ان چوروں رہزنوں اور ڈاکوؤں کے شر کو ختم کرنے کے لئے اپنے سارے وسائل اور ساری صلاحیتیں صرف کردو اس حوالے سے حضرت خواجہ صاحبؒ کی طویل اور ان تھک داستان کی چند جھلکیاں نذر قارئین ہیں:

مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر کا انتخاب:

حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب رقم طراز ہیں:

''خطیب پاکستان حضرت مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ کی وفات کے بعد حضرت جالندھریؒ ان کے بعد مولانا لال حسین اخترؒ اور ان کے بعد مولانا محمد حیاتؒ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر رہے۔ ۹/اپریل ۱۹۷۴ء میں مجلس کے سربراہ (امیر کے لئے) انتخاب ہونا تھا ختم نبوت کے تمام اکابر کی رائے یہ تھی کہ امارت کے لئے حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ کو آمادہ کیا جائے کہ وہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی امارت قبول کرلیں۔''

خواجہ خان محمدؒ کی آمد یقینی بنائی جائے :

ان حالات میں روز بروز مجلس عمومی کے اجلاس کی تاریخیں قریب سے قریب تر ہو رہی تھیں۔ اجلاس میں شرکت کے لئے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ آمادہ تو ہو گئے لیکن آپ نے حکم فرمایا کہ اجلاس میں بطور خاص حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحبؒ کو میرے حوالہ سے دعوت دے کر ان کی آمد کو یقینی بنایا جائے۔ اب یاد نہیں کہ حضرت خواجہ صاحبؒ کے پاس کون گئے؟ کیا ہوا؟ بہرحال حضرت خواجہ صاحب نے اپنے استاذ حضرت شیخ بنوریؒ کے حکم پر اجلاس میں شریک ہونے کا وعدہ فرمایا، جس کی حضرت بنوریؒ کو اطلاع کر دی گئی۔ آپ نے بھی انشراح صدر کے ساتھ اجلاس میں شرکت کا یقینی وعدہ فرمالیا۔

اس موقع پر راقم اپنا تاثر اس طرح بیان کر سکتا ہے کہ غالباً حضرت بنوریؒ اپنی مصروفیات اور مجلس کی امارت کی اہمیت دونوں میں تطبیق اس طرح فرمانا چاہتے ہوں گے کہ ایسی معتمد اور جامع شخصیت جو مجلس کی امارت کے بوجھ کو اٹھا سکے، وہ ان کو امیر بنا کر اور خود اپنی رہنمائی و تعاون کے ساتھ پیچھے رہ کر ان دونوں کاموں کی تقسیم کار کرنا چاہتے ہیں، تاکہ جامعہ اور مجلس کے کام، دونوں کما حقہٗ چلتے رہیں۔ اس لئے آپ کی نظر انتخاب حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحبؒ پر پڑی۔ چنانچہ آپ سے بطور خاص اجلاس میں ملتان تشریف لانے کا پختہ وعدہ لیا گیا۔ قرائن بتاتے ہیں کہ اس کے لئے انہوں نے مفکر اسلام مولانا مفتی محمودؒ کو بھی اعتماد میں لیا ہوگا۔ یہ دونوں بزرگ اس زمانے میں ہر اہم کام میں ایک دوسرے کے مشورے کو ضروری سمجھتے تھے۔ لیکن جب مجلس عمومی کا اجلاس ہوا تو صورتحال یکسر تبدیل ہو گئی۔

اور ٹرین چھوٹ گئی:

اس کی تفصیل یہ ہے کہ حضرت خواجہ صاحبؒ نے جس ٹرین کو کندیاں سے پکڑنا تھا اس سے رہ گئے جو صبح ملتان پہنچتی ہے دوسری ٹرین جو صبح کندیاں سے چلتی ہے اس نے ملتان اجلاس کے اختتام پر پہنچنا تھا اس لئے آپ کندیاں سے واپس خانقاہ آ گئے اور اجلاس کے وقت پر نہ پہنچ سکنے کے باعث سفر ملتوی کر دیا۔ مولانا محمد عبداللہ صاحبؒ بھکر والوں کو بھی آپ نے فرمایا تھا کہ وہ رات کی ٹرین سے ملتان کا سفر کریں۔

حضرت خواجہ صاحبؒ خود تو رہ گئے مولانا محمد عبداللہؒ بروقت پہنچ گئے۔ حضرت شیخ بنوریؒ بھی صبح کے جہاز پر کراچی سے ملتان تشریف فرما ہو گئے اجلاس شروع ہونے کا وقت ہو گیا اب حضرت خواجہ صاحبؒ موجود نہیں تو مولانا عبداللہؒ نے کہا کہ پروگرام پختہ تھا ممکن ہے کہ ٹرین چھوٹ گئی ہو تو اب دوسری ٹرین سے دوپہر تک تشریف لائیں گے۔ حضرت بنوریؒ نے فرمایا کہ صبح دس بجے کے بجائے اجلاس مؤخر کر دیا جائے۔ اس زمانے میں ڈائریکٹ ڈائلنگ کا نظم نہ تھا۔ ہوتا بھی تو خانقاہ سراجیہ میں فون کی سہولت موجود نہ تھی۔ اس زمانہ میں چشمہ کالونی کے ایک ارادت مند کے ذریعے رابطہ ہوتا تھا کال بک کرائی جاتی تو بھی گھنٹوں باری کا انتظار کرنا پڑتا تھا۔ اس تگ و دو میں ظہر کے بعد اجلاس شروع ہوا جب دوسری ٹرین آ گئی اس پر حضرت خواجہ صاحب تشریف نہ لائے۔ جب حضرت خواجہ صاحب بھی تشریف نہیں لا سکے حضرت شیخ بنوریؒ آپ سے مشورہ بھی نہیں کر سکے۔ ادھر اجلاس حضرت بنوریؒ کی صدارت میں شروع ہوا تلاوت کے بعد سابقہ اجلاس عمومی کی کارروائی پڑھی گئی۔ اس کی توثیق ہوتے ہی حضرت بنوریؒ کا نام پیش ہوا تمام حاضرین نے یک

زبان ہوکر نہ صرف تائید کی بلکہ ہاتھ بھی بلند کر دیئے۔

آپ امارت قبول فرمائیں:

حضرت بنوری کچھ فرمانا چاہتے تھے کہ حضرت امیر شریعتؒ کے ساتھی، مفتی کفایت اللہ کے شاگرد، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے بانی رکن اور سرائیکی زبان کے نامور خطیب مولانا محمد شریف بہاولپوریؒ نے کہا کہ:

''حضرت! (حضرت بنوری) ختم نبوت کا کام آپ کے استاد حضرت انور شاہ کشمیریؒ نے حضرت امیر شریعتؒ کے ذمہ لگایا تھا۔ ہم سب نے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر حضرت امیر شریعتؒ کے ساتھ امکانی حد تک جو بن پڑا تھا، یا نبیت کو لگام دی۔ حضرت امیر شریعتؒ اور ان کے رفقاء حضرت قاضی صاحبؒ، حضرت جالندھریؒ، حضرت مولانا لال حسین اخترؒ یکے بعد دیگرے ہمیں یتیم کر گئے۔ ان کی جدائی سے خمیدہ کمر شکستہ دل اس ٹیم کی آپ امارت قبول فرمائیں''۔

گریہ اور آہ و بکا کا منظر:

اس پر پورے اجتماع میں آہوں اور سسکیوں کا ایسا ماحول بنا کہ شاید فرشتے بھی ان کے نصیب کیا بناتے ہوں گے! خود حضرت بنوریؒ، مولانا محمد حیاتؒ، مولانا تاج محمودؒ، مولانا محمد شریف جالندھریؒ اور دیگر حضرات نے بھی رو رو کر اپنی داڑھیوں کو آنسوؤں سے تر کر لیا۔ اس پر مولانا محمد شریف بہاولپوریؒ نے پھر بات کا آغاز کیا:

''حضرت! (حضرت بنوری) آپ امارت قبول کریں تو جس طرح حضرت امیر شریعتؒ کی اطاعت کر کے قادیانیوں کو تھوڑا لی، اس طرح تیار ہیں بلکہ بڑھ کر اطاعت کا وہ نمونہ پیش کریں گے کہ اولاد بھی اپنے والدین کی وہ اطاعت نہیں کر سکتی۔

جو ہم آپ کی کریں گے اور اگر امارت پر آپ آمادہ نہیں تو مولانا محمد شریف جالندھریؒ سے چابیاں لے کر جذبات میں حضرت بنوریؒ کی طرف بڑھا دیں کہ یہ چابیاں ہیں، اس دفتر کو بند کر دیں، ہم بھی گھروں کو جاتے ہیں۔ اس پر پھر وہی آہ وبکا کی کیفیت، حضرت بنوریؒ نے صرف اتنا فرمایا۔ بہت اچھا، پورا اجلاس خیر مقدمی کلمات سے گونج اٹھا، حضرت بنوریؒ کچھ فرمانا چاہتے تھے کہ مولانا حسین علی وار برٹن کھڑے ہوئے اور نائب امارت کے لئے مولانا محمد شریف جالندھری کا نام پیش کر دیا۔ اب ایک طرف مولانا بنوریؒ امیر بننے کے لئے خوشی سے آمادہ نہیں دوسری طرف حضرت بنوریؒ کچھ فرمانا چاہتے ہیں کہ مولانا محمد شریف جالندھری کی نائب امارت کنفرم ہونے کو ہے۔

خواجہ خان محمدؒ نائب امیر ہوں گے :

حضرت بنوریؒ نے ہال کے اس منظر کو دیکھا اور مولانا حسین علیؒ سے فرمایا:
مولوی صاحب! بیٹھ جایئے، حضرت بنوریؒ کے اس جملے پر پوری مجلس عمومی نے حضرتؒ کے احترام میں سر جھکا لیے، حضرت بنوریؒ نے فرمایا: دیکھئے کہ اگر میں امیر ہوں تو نائب امیر مولانا خواجہ خان محمدؒ ہوں گے اور بس اس پر کوئی بات سننے کے لئے آمادہ نہیں اور آپ میں سے کوئی کچھ نہ کہے۔ اب مجلس عمومی کے اکثر ارکان اور عاملہ تمام مبلغین جو مولانا محمد شریف جالندھری کو آگے لانا چاہتے تھے بغلیں جھانکنے لگے، خلاف توقع سارا منصوبہ ہی ناکام ہو گیا، ایک تو حضرت الامیر اور وہ بھی حضرت بنوریؒ ان کو حکم، دوسرا یہ کہ حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کے نام کے سامنے آتے ہی پورے اجتماع میں سے ایک شخص بھی اس سے انکار کا سوچ بھی نہ سکتا تھا۔ لیکن حضرت بنوریؒ ایسے خود رسیدہ، معاملہ فہم رہنما نے اگلے ہی جملے میں سب کے دل جوڑ دیئے فرمایا کہ:

"نائب امیر تو حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحبؒ ہی ہوں گے، ہاں آپ دوستوں کی اکثریت چاہتی ہے کہ مولانا محمد شریف جالندھریؒ ناظم ہیں تو میں انہیں ناظم اعلیٰ نامزد کرتا ہوں"۔ اب تو پورا اجتماع "سبحان اللہ! ماشاء اللہ! ٹھیک ہے، بالکل منظور ہے، منظور ہے کی صداؤں سے گونج اٹھا۔ لیجئے! حضرت شیخ بنوریؒ نے جو امیر بننے ہی پہ فیصلہ کیا "اگر میں امیر تو نائب امیر بہرحال خواجہ خان محمد صاحبؒ ہوں گے، اور آپ کہتے ہیں تو ناظم اعلیٰ مولانا محمد شریف جالندھری ہوں گے" اس پر ایک اتفاق رائے ہوا کہ حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کے مقابلے میں دوسرا نام آنے کا نہ سوچا جا سکتا تھا اور نہ ہی پیش ہو سکتا تھا۔ نہ حضرت بنوریؒ نے کسی کی پیش جانے دی۔

(تذکرہ [illegible])

امارت کی سعادت :

محدث العصر حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ کی وفات کے بعد بالاتفاق حضرت خواجہ خان محمد صاحب کو امیر مرکزیہ چن لیا گیا۔ حضرت خواجہ صاحب نے اپنے مشن اور ہدف کے لئے تن من دھن کی بازی لگادی۔ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے ہم اگر حضرت خواجہ صاحب کی خدمات گنوانا شروع کردیں تو ایک ضخیم کتاب تیار ہو جائے گی۔ ہمارا مقصد صرف یہ ہے کہ آنے والی نسل کو عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت کا احساس ہو اور اس حوالے سے کچھ کر گزرنے کا جذبہ بیدار ہو سو بطور نمونہ چند واقعات ملاحظہ ہوں :

تین بار ہتھکڑیاں ٹوٹ گئیں :

جناب محمد عادل وہاڑی رقم طراز ہیں :

میں نے حضرت مولانا ظفر احمد قاسم کی معیت میں حج کی سعادت حاصل کی، میدان عرفات میں حضرت شیخ مولانا محمد مکی حجازی کے خاص حلقے میں جب پہنچے تو خوشی کی انتہا نہ رہی کہ وہاں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی امیر حضرت خواجہ خان محمدؒ تشریف فرما تھے۔ مولانا ظفر احمد قاسم نے حضرت خواجہ صاحبؒ کی خدمت میں ایک واقعہ پیش کیا وہ قارئین کی نذر کرتا ہوں:

۱۹۷۴ء میں ختم نبوت کی تحریک چل رہی تھی۔ عشاق رسول ﷺ دیوانہ وار تحفظ ختم نبوت کے لئے ہر قسم کی قربانیاں دے رہے تھے، ملک کے مختلف شہروں کی طرح شاہینوں کے شہر سرگودھا میں بھی کرفیو لگا ہوا تھا۔ تحریک تحفظ ختم نبوت کے ایک مجاہد نے کرفیو کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایک بڑے چوراہے کی بلند عمارت پر کھڑے ہو کر تقریر شروع کر دی، ۶ فٹ قد، چوڑی چھاتی، لال سرخ چہرہ، آنا فانا ہزاروں لوگ اکٹھے ہو گئے۔ اچانک اتنے بڑے مجمع پر قابو پانا فوج کیلئے دشوار تھا، کیپٹن نے اس مجاہد خطیب ختم نبوت کی گرفتاری کا آرڈر جاری کر دیا۔ فوجی جوان عوام کے ہجوم غفیر کو چیرتے ہوئے اس دو منزلہ عمارت تک پہنچے، اتنے میں ختم نبوت کا مجاہد اس عمارت کی پچھلی جانب سے کود پڑا اور قریبی ریلوے اسٹیشن سے ریل پر سوار ہو گیا۔ اگلا اسٹیشن بند سے والی تھی (جسے اب شاہین آباد کہتے ہیں) پولیس اور فوج اسٹیشن پر الرٹ کھڑی تھی، جونہی ٹرین پہنچی فوج کے جوان شہد کی مکھیوں کی طرح ٹرین پر لپکے اور ختم نبوت کے مجاہد کو ہتھکڑی لگا دی گئی۔ اس عظیم مجاہد نے گرجدار آواز میں نعرہ لگایا: "ختم نبوت زندہ باد" اور ہتھکڑی ٹوٹ گئی، دوسری بار ہتھکڑی لگائی گئی مرد قلندر نے نعرہ لگایا "ختم نبوت زندہ باد" ہتھکڑی ٹوٹ کر دور جا پڑی پھر جب تیسری بار

ہتھکڑی لگائی گئی تو مرد مومن نے نعرہ بلند کیا "ختم نبوت زندہ باد" ہتھکڑی ٹوٹ گئی۔

ہتھکڑیاں لگانے والے قدموں میں گر پڑے تو تحریک ختم نبوت کے عظیم مجاہد مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ نے کندھے سے اپنا رومال اتار کر دیا اور کہا کہ: "ختم نبوت کے اس مجاہد کو اس رومال سے باندھ کر لے جاؤ" گاڑی اللہ اکبر اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اٹھی۔ حضرت خواجہ صاحبؒ بھی وجد میں آگئے اور بلند آواز سے نعرہ تکبیر کہا، آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے، آج جب امت مسلمہ سے اس عظیم تاریخ ساز شخصیت کا سایہ اٹھ گیا ہے تو حضرت شیخؒ کے ساتھ گزرے ہوئے لمحات رہ رہ کر یاد آتے ہیں۔ (لولاک نمبر ص ۲۰۳)

حضرت خواجہ صاحبؒ ختم نبوت کے کام کو اہمیت دیتے۔ ایک دفعہ فرمایا: ختم نبوت کا کام شفاعت نبوی ﷺ کے حصول کا ذریعہ ہے۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے اپنی زندگی کی جو آخری اپیل کی تھی وہ بھی علمائے کرام سے تھی کہ مہینے میں کم از کم ایک جمعہ ختم نبوت کے لئے وقف کریں اور اس میں ختم نبوت کی اہمیت عوام الناس کو بتائیں۔

ختم نبوت کانفرنس میں شرکت کی اہمیت :

ایک مرتبہ شیخ طریقت حضرت میاں خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہ نے سیدی حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کی خدمت میں عرض کیا: "حضور! میں بوڑھا ہو گیا ہوں، بوجہ ضعف اور بھی کئی عوارض شامل ہو گئے ہیں، اب سفر کرنے میں دقت پیش آتی ہے، میں ختم نبوت کانفرنس میں جاؤں یا نہ جاؤں؟ فرمایا: "میاں صاحب! یہ بتاؤ آپ مجلس تحفظ ختم نبوت کے ممبر ہیں کہ نہیں؟" عرض کیا: حضور! ممبر تو ہوں! پھر دریافت فرمایا: آپ کا ختم نبوت پر ایمان ہے؟ عرض کیا جی ہے۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے

ارشاد فرمایا: میاں صاحب! پھر جانا بھی ضروری ہے۔ اس مضمون سے حضرت خواجہؒ کا حضور اکرم ﷺ کی ذات گرامی اور مسئلہ ختم نبوت سے قلبی لگاؤ عیاں ہے۔

(لولاک نمبر ص ۱۵۸)

ختم نبوت کے کام میں حرج نہ ہو:

جب مولانا حق نواز مرحوم کی جھنگ میں شہادت ہوئی۔ فقیر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں تھا۔ شورکوٹ جانا تھا۔ یہ خبر سنی تو بجائے شورکوٹ کے ملتان آ گیا۔ اگلے روز جمعہ تھا، ملتان دفتر میں جمعہ پڑھایا تو کافر کافر کے نعرے لگوائے۔ ہفتہ کو حضرت خواجہ صاحبؒ کے ہمراہ دھریجہ نزد کوٹلہ رحم علی شاہ تحصیل پور ضلع مظفر گڑھ میں جلسہ تھا۔ فقیر نے تقریر کی واقعہ سے تو مغلوب الحال کر کے کافر کافر کے نعرے لگوائے۔ فقیر کے بعد حضرت مولانا عبدالعزیز قیوم آبادیؒ کا بیان ہوا۔ بھرتی ڈال کر اونچا تھڑا بنا کر اس سے سٹیج کا کام لیا گیا تھا۔ عصر کے قریب جب جلسہ حضرت خواجہ صاحبؒ کی دعا پر ختم ہوا۔ آپ سٹیج سے اترنے لگے تو فقیر نے پہلے اتر کر سہارا کے لیے حضرت قبلہ کے سامنے اپنا کندھا پیش کیا۔ حضرت خواجہ صاحبؒ سہارا لیتے ہوئے سٹیج سے اترے اور فقیر کا ہاتھ تھام لیا۔ چلتے ہوئے فرمایا: "ساری دنیا کافر کافر کے نعرے لگوائے، آپ نہ لگوایا کریں"۔

فقیر مارے شرم کے عرق آلود ہو گیا۔ عرض کیا۔ حضرت! وعدہ رہا۔ آئندہ ایسے نہ ہو گا۔ قارئین! ان شاء اللہ العزیز اپنے حضرت خواجہ صاحبؒ سے کئے ہوئے عہد کو نبھاؤں گا۔ اللہ تعالیٰ توفیق بخشیں۔ حضرت خواجہ صاحبؒ کے روکنے کا مقصد یہ تھا کہ ختم نبوت کے عنوان پر کام کرنے والوں کو ان مباحث میں نہیں پڑنا چاہیے۔ تاکہ ختم نبوت کے کام میں حرج نہ ہو۔

یہ مجلس کے مفاد کے خلاف ہے:

حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ مجلس تحفظ ختم نبوت کے ناظم اعلیٰ تھے، ساری زندگی فقر و فاقہ میں گزری، جنرل ضیاء الحق کے زمانہ میں محترم راجہ ظفر الحق صاحب حج و اوقاف اور مذہبی امور کے وزیر تھے۔ مولانا محمد شریف جالندھریؒ کا راجہ صاحب سے دوستانہ تھا۔ راجہ صاحب نے مولانا محمد شریف جالندھریؒ کو پیشکش کی کہ سرکاری وفد میں آپ کو شامل کرتے ہیں، آپ حج کر لیں۔ مولانا محمد شریف جالندھریؒ نے حج نہیں کیا تھا، حضرت خواجہ صاحبؒ سے اجازت چاہی تو آپ نے فرمایا: مولانا! آپ پر حج فرض نہیں، فرض ہوا تو اللہ تعالیٰ حج کرا بھی دیں گے۔ آپ مجلس کے ناظم اعلیٰ ہیں سرکاری وفد میں حکومت سے اتنا فائدہ بھی نہ اٹھائیں یہ مجلس کے مفاد کے خلاف ہے۔ چنانچہ انہوں نے راجہ صاحب کو انکار کر دیا۔ (روایت نمبر ۷۰)

باہمی اتحاد کی افادیت:

حضرت خواجہ صاحبؒ تصوف کے لئے تو وقف تھے، ختم نبوت کی تحریک میں دل و جان سے حصہ لیتے تھے لیکن سیاسی ذوق ذہن ہر عمل پر غالب تھا۔ ۱۹۸۴ء کی تحریک ختم نبوت کیلئے مجلس عمل بنائی گئی جس میں اہل حدیث، دیوبندی، بریلوی اور شیعہ تمام حلقوں کے سرکردہ علماء شامل تھے، تمام جماعتوں کے خلوص اور محنت سے تحریک کامیاب ہوئی، بعد میں آہستہ آہستہ بریلوی، اہل حدیث اور شیعہ حضرات متحرک نہ رہے۔ میں نے حضرت سے عرض کیا کہ ختم نبوت کا سارا کام تو دیوبندی کرتے ہیں آپ شیعوں کو اپنے ساتھ کیوں رکھتے ہیں؟ تو حضرت نے فرمایا: "جب تک وہ ہمارے ساتھ یک تحریک ہوتے ہیں تو کسی دیوبندی، بریلوی یا اہل حدیث کے خلاف عقیدہ

کی بات نہیں کرتے۔ آپس میں اختلاف کی آگ نہیں سلگتی، یہ کوئی کم فائدہ ہے؟ اسی طرح کوئی مکتبہ فکر ایک دوسرے کے خلاف تقریر نہیں کرتا۔ (لولاک نمبر، ص۳۰۰)

مولانا اللہ وسایا لکھتے ہیں :

جب مولانا حق نواز جھنگوی مرحوم کی جھنگ میں شہادت ہوئی، فقیر تو یہ فیک سنگھ میں تھا، شورکوٹ جانا تھا، یہ خبر سنی تو بجائے شورکوٹ کے ملتان آ گیا، اگلے روز جمعہ تھا، ملتان دفتر میں جمعہ پڑھایا تو کافر کافر کے نعرے لگوائے، ہفتہ کو حضرت خواجہ صاحبؒ کے ہمراہ دھریجہ کوٹلہ رحم علی شاہ تحصیل علی پور ضلع مظفر گڑھ میں جلسہ تھا، فقیر نے تقریر کی تو واقعہ سے اتنا مغلوب الحال کر دیا کافر کافر کے نعرے لگوادیئے، فقیر کے بعد حضرت مولانا عبدالعزیز شجاع آبادی کا بیان ہوا۔ بھرتی ڈال کر اونچا تھڑا بنا کر اس سے اسٹیج کا کام لیا گیا تھا، عصر کے قریب جب جلسہ حضرت خواجہ صاحبؒ کی دعا پر ختم ہوا، اسٹیج سے اترنے لگے تو فقیر نے پہلے اتر کر سہارا کے لئے حضرت خواجہ صاحبؒ کے سامنے اپنا کندھا پیش کیا، حضرت خواجہ صاحبؒ سہارا دینے سے اسٹیج سے اترے اور فقیر کا ہاتھ تھام لیا، چلتے ہوئے فرمایا: ساری دنیا کافر کافر کا نعرہ لگائے، آپ نہ لگوایا کریں، فقیر مارے شرم کے عرق آلود ہو گیا، عرض کیا: حضرت! وعدہ رہا آئندہ ایسے نہ ہوگا۔ قارئین! انشاء اللہ العزیز اپنے حضرت خواجہ صاحبؒ سے کئے ہوئے عہد کو نبھاؤں گا اللہ تعالیٰ توفیق بخشیں، حضرت خواجہ صاحبؒ کے روکنے کا مقصد یہ تھا کہ ختم نبوت کے عنوان پر کام کرنے والوں کو ان مباحث میں نہیں پڑنا چاہیے تاکہ ختم نبوت کے کام میں حرج نہ ہو۔ (لولاک نمبر، ص ۵۰)

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے سرتوڑ کوششیں عشق ومحبت رسول ﷺ کے بغیر ناممکن ہے جس دل اور دماغ میں محمد عربی ﷺ کی محبت رچی بسی ہوتی ہے وہی تحفظ ختم

نبوت کے کام کیلئے جانباز سپاہی بن سکتا ہے۔

رشتہ نہ ہو قائم جو محمدؐ سے وفا کا :

حضرت مولانا عبدالوحید قاسمی لکھتے ہیں :

"حضرت خواجہ خان محمدؒ سچے عاشق رسولؐ تھے جن ایام میں اسلام آباد کی جماعت کی طرف سے ڈاکٹر یونس شیخ ملعون گستاخ رسول کا مقدمہ چل رہا تھا تو حضرت خواجہ صاحبؒ اسلام آباد تشریف لائے تو جماعت کی طرف سے خواجہ صاحبؒ کو اس کیس کے بارے میں تفصیلاً بتایا گیا اور دعا کی درخواست کی گئی تو خواجہ صاحبؒ نے ارشاد فرمایا : ارتداد موجود ہے، صدیق اکبرؓ موجود نہیں ، حضرت خواجہ صاحبؒ نے دعا فرمائی اور الحمدللہ بہت جلدی اس کو سزائے موت ہوئی وہ اپنے انداز میں یوں گویا تھے ۔

رشتہ نہ ہو قائم جو محمدؐ کی وفا کا
پھر جینا بھی برباد ، مرنا بھی اکارت
زندگی کچھ بھی نہیں تیری محبت کے بغیر
اور بے روح محبت ہے اطاعت کے بغیر

(ولائے نمبر ص ۳۳۹)

دلوں کے آبگینے چھلک پڑے :

مشہور نعت خوان حافظ ندیم ضیا نوری بیان فرماتے ہیں : کسی بزرگ کے چہرے پر ایک نظر ڈالنے سے سکون حاصل ہوتا ہے یہ اس بزرگ کی کرامت اور بزرگی کی علامت ہوتی ہے، اس کی معرفت الٰہی اور عشق رسول ﷺ کی ذات والاصفات سے

نسبتِ خاص کا مظہر ہوتی ہے۔ مجھے حضرت خواجہ مولانا خان محمد صاحبؒ کی مجلس میں ایسی ہی کیفیات کا احساس ہوا۔

حضرت کے عشق رسول اللہ ﷺ کا مظاہرہ نعت کی فرمائش کی شکل میں ہوا

اس گنہگار کے نام سے وہ غائبانہ متعارف تھے، میرا نعتیہ کلام اخبارات ورسائل میں پڑھ چکے تھے، نعت گوئی کے لئے ایک خاص فضا، ایک خاص ماحول اور اہل دل حضرات کی موجودگی ضروری ہے، بحمداللہ! اس مجلس پاک میں ہدیہ نعت پیش کرنا حضوری کے مترادف تھا۔ دھیان کا رخ حرم نبوی ﷺ کی طرف رہا، روح بارگاہ رسالت ﷺ میں درود وسلام پیش کرتی ہوئی محسوس ہوئی، اگرچہ بارگاہِ نبوی ﷺ میں ابھی حاضری کا شرف نصیب نہ ہوا تھا، اہل اللہ کی مجلس میں نعت پڑھنے سے آنکھوں سے اشک جاری ہو گئے۔ محرومی نے اشکوں کی صورت اختیار کر لی، مجلس کا ہر شخص ادب واحترام کا پیکر بنا ہوا تھا، رقت اور سوز نے محفل کو گھیر لیا، نعت کے انوار نظر آئے، قلب ونظر، کرم خاص سے سیراب ہو گئے۔ حضرت کی آنکھیں اشک بار ہو گئیں، مگر ان کے ضبط نے جذبات کو بکھرنے نہیں دیا۔ یہ ظرف کی بات ہے:.......

زرا پی کر بہک جانا یہ کم ظرفوں کا شیوہ ہے
جو عالی ظرف ہیں جتنی پئیں وہ کب بہکتے ہیں

محفل پر ایک عجیب کیفیت طاری تھی۔ حضرت نے کچھ دیر خاموش رہ کر نعت سے لطف اندوز ہو کر انوارِ رحمت کو سمیٹ کر دوسری نعت کی فرمائش کی، یہ لمحات قیمتی تھے، یہ مجلس بابرکت تھی، حضرت کی موجودگی میں بارگاہ سید کونین ﷺ میں ہدیہ نیاز خوش بختی کی دلیل تھی، وہ دوسری نعت سنائی، مجلس پر پھر وہی کیفیت طاری

ہوگئی، دلوں کے آبگینے چھلک اٹھے، چند ساعتوں میں خلوت جاں میں اجالا ہوگیا یہ چند لمحات زندگی کی ساعتوں پر محیط ہوگئے جن پر اپنی قسمت پر نازاں تھا، دوسری صبح حضرت کو سفر کرنا تھا مگر حضرت تو دربار رسالت مآب ﷺ میں پہنچے ہوئے تھے وہ تو قدمین شریفین میں حاضر تھے ان کا وجود تو مدینہ منورہ کی مقدس فضاؤں میں بس گیا تھا۔ نعت کی یہ بابرکت مجلس کافی دیر جاری رہی اس پہلی ہی ملاقات میں مرادوں کے گوہر لے کر لوٹا۔ (لولاک نمبر: ص ۲۰۲)

اللہ کے مقبول بندے :

حضرت مولانا محمد علی صدیقی لکھتے ہیں :

میرپور خاص کے ایک ڈاکٹر امداد اللہ احمدانی جو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مشن سے والہانہ محبت بھی رکھتے تھے، ایک بار حج پر تشریف لے گئے اور روضہ رسول اللہ ﷺ پر دعا کی کہ: ”اے اللہ! تیرا جو مقبول ترین بندہ ہے اس سے ملاقات کرا دے“۔ ابھی دعا کر کے اس جگہ سے روانہ ہی ہوئے تھے کہ ایک دوست مولانا محمد حنیف لغاری صاحب جو مدینہ یونیورسٹی کے طالب علم تھے انہوں نے کہا کہ مواجہ شریف کے قریب حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب تشریف فرما ہیں چلیں ملاقات کرلیں۔ ڈاکٹر امداد اللہ احمدانی صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے دل میں کہا کہ یہ تو تمام دعا کا اثر ہے، اس مقام پر حضرت اقدس نہایت ادب سے بیٹھے تھے، ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں کہ ہم جب قبل عصر وہاں پہنچے تو حضرت خواجہ صاحبؒ روزانہ روضہ رسول اللہ ﷺ کی طرف رخ کئے تشریف فرما تھے یہاں تک کہ عصر ہوگئی اس کے بعد مغرب تک یہی کیفیت رہی، اس کے بعد عشاء تک اور پھر عشاء کی نماز ادا کی اس کے بعد بھی

اسی کیفیت میں روزانہ روضۂ رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہو کر درود و سلام پیش فرما رہے تھے اور ہم آپ کے پیچھے بیٹھے اپنی قسمت پر ناز کر رہے تھے۔ عشاء کے بعد ملاقات، مصافحہ اور تعارف ہوا"۔ (لولاک تمبر ص ۵۱)

موئے مبارک کا احترام :

حضرت مولانا اللہ وسایا لکھتے ہیں :

"ایک بار خانقاہ شریف حاضری کے موقع پر مولانا محمد یعقوب ربانی فاروق آباد ضلع شیخوپورہ نے مجھے فرمایا کہ حضرت خواجہ صاحب کے پاس موئے مبارک ہے۔ آپ حضرت خواجہ صاحب سے عرض کریں تو شاید زیارت ہو جائے ۔ مجھے کسی دوسرے سے معلوم نہ تھا کہ حضرت خواجہ صاحب کے ہاں موئے مبارک ہے تو ... معلوم کہ زیارت کے کیا آداب ہوتے ہیں؟ میں نے حضرت خواجہ صاحب سے درخواست کر دی۔ آپ خاموش رہے جب مجلس برخواست ہوئی تو مجھے حکم فرمایا کہ ڈیرہ پر آجائیں میں نے مولانا یعقوب کو ساتھ لیا تھوڑی دیر بعد گھر سے ڈیرہ کے گیٹ پر بذات خود حضرت خواجہ صاحب تشریف لائے، ہم دونوں کو گھر لے گئے، پہلے سے پردہ کرایا ہوا تھا۔ اب ہمیں برآمدے میں کھڑا کر کے حضرت خواجہ صاحب اندر تشریف لے گئے، موئے مبارک جو چاندی کے شوکیس میں موم کے اندر لگایا ہوا تھا باہر برآمدے میں لائے بادل چھائے ہوئے، بالکل باریک ہونے کے باعث نظر آنے میں دقت ہوتی تھی، حضرت خواجہ صاحب نے عینک لگائی اس چاندی کے بکس کا پہلو بدلا بغور دیکھنے سے زیارت نصیب ہو گئی، حضرت خواجہ صاحب موئے مبارک کے پاس جتنا ہم زائرین کو لے جانا ممکن تھا لے کر گئے، موئے مبارک کو زائرین کے پاس نہیں لائے۔ (لولاک نمبر ص ۵۵)

ختم نبوت کے رضا کار:

مولانا اللہ وسایا راوی ہیں کہ لندن کے ایک سفر سے واپسی پر مدینہ طیبہ حاضری ہوئی، مخدوم زادہ حضرت حافظ محمد عابد اور میں حضرت والا کی خدمت میں معروف تھے کہ حافظ صاحب گویا ہوئے: ''مولانا اللہ وسایا کوئی بات ہی سنا دیں''۔

تو اس پر میں نے ایک واقعہ عرض کیا کہ حضرت امیر شریعت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ گوجرانوالہ دفتر میں قیام فرما تھے اور تکیہ کا سہارا لیا ہوا تھا، اتنے میں مجلس کے مشہور ورکر چوہدری غلام نبی امرتسری حاضر ہوئے اور کہا: شاہ جی! شاہ جی! آپ کے کہنے پر جیل میں گیا، ہتھکڑیاں اور بیڑیاں پہنیں حتی کہ رولر پھیر کر بندہ کو قوت مردمی جیسی نعمت سے محروم کر دیا گیا، صبح سے خیال آ رہا تھا کہ آپ جنت میں مزے کریں گے پتہ نہیں ہمیں بھی یاد رکھیں گے یا نہیں؟ شاہ جی نے تکیہ کا سہارا چھوڑ دیا اور سنجیدہ ہو کر فرمانے لگے، غلام نبی! پھر کہو کیا کہا؟ تو غلام نبی نے وہ جملے دوبارہ دہرائے تو اس پر شاہ جی نے فرمایا: غلام نبی! اگر میرے اللہ نے مجھے جنت میں داخلہ عنایت فرما دیا تو میں دست بستہ عرض کروں گا یا اللہ! جب تک تیرے محبوب پاک ﷺ کی ختم نبوت کے رضا کار جنت میں نہیں جاتے تو میں ان کے بغیر بے کار ہوں۔

ہاں! وعدہ یاد ہے:

مولانا فرماتے ہیں کہ یہ واقعہ سنا کر میں خاموش ہو گیا تو حافظ صاحب نے فرمایا: مولوی صاحب! پوری بات کرو، میں سمجھ گیا تو میں نے عرض کیا کہ حضرت والا! اس وقت شاہ جی کی مسند پر ہیں اور بندہ غلام نبی کی طرح، آپ قیامت میں ہمارا کوئی خیال فرمائیں گے کہ نہیں؟ اس پر حضرت والا نے ارشاد فرمایا: انشاء اللہ العزیز اگر اللہ

پاک نے مجھے جنت میں داخلہ عنایت فرمادیا تو میں بھی وہی کہوں گا جو مجھے حضرت امیر شریعت نے ارشاد فرمائے۔ مولانا اللہ وسایا فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ خانقاہ شریف میں حاضری ہوئی اور حضرت اقدس خوشگوار موڈ میں تھے تو میں نے وعدہ یاد دلایا تو حضرت والا نے فرمایا ہاں وعدہ دیا ہے۔ (انوار نبی ص ۲۰۶)

شہدائے ختم نبوت کے جنازے :

قاری سعید بن شہید ساہیوالی بیان فرماتے ہیں :

حضرت خواجہ خان محمدؒ کی زیارت پہلی مرتبہ اس وقت ہوئی جب فرقہ مرتدہ مرزائیہ کے ہاتھوں ۳۰ محرم الحرام ۱۴۰۵ھ بمطابق ۲۶/۱۰/۱۹۸۴ء بروز جمعہ المبارک دو مسلمان قاری بشیر احمد حبیب مدرس جامعہ رشیدیہ (میرے والد) اور حضرت مولانا حبیب اللہ رشیدی کے داماد کہ ان کی بھانجی میری والدہ ان کے نکاح میں تھی) اور پولی ٹیکنیکل کالج ساہیوال کے انتہائی صالح نوجوان جناب اظہر رفیق شہید ہوئے۔ ۲۷/ اکتوبر ۱۹۸۴ء ساہیوال شہر میں مکمل ہڑتال تھی، پورے شہر میں احتجاجی پروگرام ہو رہے تھے، شہدائے ختم نبوت کے جنازے کیلئے گراؤنڈ ساہیوال میں حضرت خواجہ خان محمد صاحب، حضرت مفتی زین العابدین صاحب، مولانا ضیاء القاسمی صاحب، مولانا حق نواز جھنگوی صاحب، مولانا اشرف ہمدانی صاحب، مولانا ضیاء الرحمن فاروقی صاحب، سید میر حسین گیلانی صاحب، مولانا سلیمان طارق صاحب، مولانا سید عبدالمجید ندیم صاحب و دیگر اکابرین احرار، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت اس وقت کی تمام جماعتوں کے قائدین و رہنماؤں کی قیادت میں لائے گئے۔

میری عمر تقریباً ۱۳ سال سے کچھ کم ہوگی، میرے لئے اپنے والد کی شہادت عظیم

حادثہ تھا۔ پھر میں چاہتا تھا کہ میرے والد کا جنازہ ہمارے خاندان کے اکابرین میں سے یا مولانا محمد عبداللہ صاحب رائے پوری شیخ الحدیث جامعہ رشیدیہ یا پھر مولانا ولی محمد بڑے والے جو حضرت رائے پوریؒ کے خلفاء میں سے تھے یا پھر مجاہد ملت مولانا فاضل حبیب اللہ صاحب پڑھائیں گے مگر میں نے دیکھا کہ ایک بہت ہی عظیم ہستی کو ہمارے خاندان کے سب سے بڑے جنازے کیلئے لائے تو میں حیران تھا کہ یہ کتنی بڑی ہستی ہوگی پھر اس دن کے بعد اس عظیم ہستی سے جو محبت میرے دل میں پیدا ہوئی وہ لفظوں میں بیان نہیں کی جاسکتی، یہ تھے خواجہ خواجگان حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ۔

مثالی تعاون :

شہدائے ختم نبوت کے کیس کے سلسلے میں حضرت مولانا حبیب اللہ رشیدیؒ، حضرت خواجہ صاحبؒ سے مشورہ کرتے اور عمل کرتے۔ اس کیس میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت و مجلس احرار اسلام اور حضرت خواجہ صاحبؒ کا تعاون مثالی ہے۔ حضرت خواجہ صاحبؒ کی طرف سے "الرشید" میں اپیل بھی چھپی اور حضرت نے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی طرف سے شہدائے ختم نبوت۔ ربوہ والے کیس کے لئے (اس زمانے میں) چوبیس ہزار روپے فراہم کئے اور اس سارے کیس میں جامعہ رشیدیہ، مولانا حبیب اللہ و عبداللطیف خالد چیمہ کی سرپرستی فرمائی۔

شہدائے ختم نبوت کے حوالے سے جب لوگوں نے یہ کہنا شروع کیا کہ یہ لوگ تو قتل ہو گئے تھے یہ شہید کیسے؟ تو حضرت مولانا حبیب اللہ نے حضرت خواجہ صاحبؒ کے مشورے سے مختلف حضرات سے فتویٰ مانگا کہ جو مسلمان مرزائیوں کے معاہدہ میں مرزائیوں کے ہاتھوں شہید کر دیے جائیں کیا وہ شہید کہلائیں گے؟ تو اس پر

جید عالم دین حضرت مولانا عبدالرحیم رقم طراز ہیں :

وضو کا انداز :

حضرت والا جب وضو کرنے کے لئے اپنے کمرہ میں بنی ہوئی جائے وضو پر رکھی ہوئی چوکی پر تشریف رکھتے تو بڑے اطمینان کے ساتھ وضو کرنا شروع فرماتے، تو وضو کے ہر عضو پر حکم وضو کو بجالانے کے لئے فرائض، سنن، مستحبات و آداب کی خوب رعایت فرماتے تھے۔ مسواک ہر وضو میں تین مرتبہ کرتے۔ ایک مرتبہ کلی کرنے سے پہلے مسواک گیلا کرکے اور دوسری مرتبہ کلی کرنے کے بعد مسواک کرتے اور پھر کلی کرتے۔ اسی طرح تیسری مرتبہ مسواک کرتے اور پھر کلی کرتے تھے۔ داڑھی مبارک کا خوب خلال کرتے اور داڑھی مبارک کے بالوں کو ملتے رہتے۔ اسی طرح ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرتے، آپ وضو میں تقریباً ڈیڑھ لوٹا پانی استعمال فرماتے تھے جب وضو سے فارغ ہو جاتے تو ٹوپی پر بندھی ہوئی دستار اپنے سر مبارک پر سجا لیتے تھے۔

مسجد کی طرف روانگی :

آپ دائیں بائیں دو آدمیوں کے سہارے پہ مسجد کی طرف چل پڑتے، سر جھکا ہوا، نظر قدموں پر، نورانی چہرہ، سر پر دستار سجائے ہوئے یوں لگتے جیسے چاند دو بدلیوں کے درمیان چمکتا آرہا ہے، خانقاہ شریف کے برآمدے کی سیڑھیوں سے جب نیچے اترنے لگتے تو ہر سیڑھی پر قدم رکھتے ہوئے "سبحان اللہ" فرماتے تھے اور جب مسجد کی سیڑھیوں سے مسجد کی طرف چڑھنا شروع فرماتے تو ہر سیڑھی پر قدم رکھتے وقت "اللہ اکبر" فرماتے تھے۔ لیکن جب مسجد سے واپس تشریف لاتے تو اس عمل کا عکس کرتے تھے، یعنی مسجد کی

سیڑھیاں اترتے ہوئے "سبحان اللہ"، "سبحان اللہ" کہتے جاتے اور برآمدے کی سیڑھیاں چڑھتے ہوئے: "اللہ اکبر، اللہ اکبر" فرماتے تھے۔

مسجد میں دخول وخروج :

حضرت والا سنت کے مطابق بایاں پاؤں جوتے سے نکال کر جوتے کے اوپر رکھ دیتے تھے اور دایاں پاؤں جوتے سے نکال کر مسجد میں رکھتے تھے اور یہ دعا پڑھتے تھے: "اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ" اور جب اپنے معمولات سے فارغ ہو کر مسجد سے باہر تشریف لاتے تو پہلے دایاں پاؤں باہر نکال کر جوتے پر رکھ دیتے اور پھر بایاں پاؤں نکال کر جوتے میں داخل کر دیتے، پھر بایاں پاؤں داخل کرتے تھے اور مسجد سے باہر نکلنے کی دعا پڑھتے تھے: "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ"۔

جلال کے آثار :

مواظبت علی السنۃ کا ایک واقعہ بیان کرتا ہوں۔ ایک مرتبہ حضرت والا کے ساتھ جھنگ جانا ہوا مخدوم ومکرم صاحبزادہ رشید احمد صاحب اس سفر میں ساتھ تھے۔ خدمت کی ذمہ داری بندہ کی تھی۔ صاحب دعوت نے ایک مقام پر حضرت کے آرام کا بندوبست کیا ہوا تھا۔ حضرتؒ نے وضو فرمایا، جب مسجد کی طرف جانے کے لئے تیار ہوئے اس وقت آپ چارپائی پر بیٹھے ہوئے تھے بندہ نے عجلت میں پہلے بایاں پاؤں کا جوتا آگے کیا۔ حضرت والا نے اپنے بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے جوتے کی ایڑی والی جگہ دبادی اب بندہ جوتے کو پاؤں میں ڈالنے کی کوشش میں ہے، جبکہ حضرت اقدس اس کو دبائے ہوئے ہیں اور پھر خاموش بھی ہیں، تھوڑی دیر بعد بندہ نے سر اٹھایا اور حضرت کے رُخ انور کو دیکھا تو جلال کے آثار معلوم ہوئے اور قدرے تیز آنکھ سے

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی، حضرت مفتی ولی حسن صاحب بنوری ٹاؤن و جامعہ اشرفیہ لاہور نے تفصیلی فتویٰ لکھا جو پڑھنے کے لائق ہے۔

چوک شہیدان ختم نبوت :

۲۶ اکتوبر ۱۹۸۵ء جامع مسجد عیدگاہ میں شہدائے ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے صدارت فرمائی، بعد از عصر جلوس کی شکل میں شہیدان ختم نبوت کی بجائے شہادت پرشن چوک کا بورڈ ہٹا کر اس وقت کی بلدیہ کے سربراہ کے ساتھ حضرت خواجہ صاحبؒ نے چوک شہیدان ختم نبوت کا بورڈ نصب فرمایا جو کہ آج بھی ساہیوال میں حضرت خواجہ صاحبؒ کی یادگار کے طور پر نظر آرہا ہے۔ مرزائیوں نے بہت جدوجہد کی کہ یہ بورڈ یہاں سے ہٹایا جائے مگر اس مرد قلندر کی ہاتھ کی برکت ہے کہ وہ ابھی تک چوک میں شہیدان ختم نبوت اور حضرت خواجہ صاحبؒ کی یاد دلا رہا ہے۔ (لولاک نمبر ص ۔۔۔)

قارئین کرام! ختم نبوت دین کا اساس ہے، ختم نبوت دین کی روح ہے، ختم نبوت دین کی آبرو ہے، تحفظ ختم نبوت عہد حاضر کا سب سے بڑا جہاد ہے، یہی وقت کی آواز ہے، یہی اسلام کی صدا ہے، یہی عشق رسول ﷺ کی دلیل ہے، یہی شفاعت رسول ﷺ کا ذریعہ ہے۔

تو آیئے اسلام کی اس صدا پر، اس پکار پر لبیک لبیک کہتے ہوئے گلی گلی، کوچہ کوچہ، قریہ قریہ، بستی بستی، گاؤں گاؤں اور شہر شہر تحفظ ختم نبوت کی روشنی بکھیر دیں اور ہر سو یہ اعلان کر دیں: ....

لکھتا ہوں خون دل سے یہ الفاظ احمریں
بعد از رسول ہاشمی کوئی نبی نہیں

باب : ۵

ذوقِ عبادت، معمولاتِ رمضان

اور اتباعِ سنت

عبادت کا مفہوم صرف یہ نہیں کہ ہم پانچ وقت نماز پڑھ لیں، یا رمضان المبارک کے روزے رکھ لیں یا زکوٰۃ ادا کریں یا حج کر لیں بلکہ مسلمان کی عبادت تو ہر سانس میں ہے وہ جو سانس لے، جو عمل کرے جو حرکت کرے، اس کے اندر اپنے رب کی رضا مقصود ہو جو کام بھی رضائے الٰہی کے لئے کیا جائے وہ کام ایسا ہو کہ اس کا طریقہ شریعت محمدی ﷺ سے ثابت ہو۔ انسان کا اپنا رزق حلال کمانا بھی عبادت ہے، پانی پینا بھی عبادت ہے اپنے اہل و عیال کے حقوق پورا کرنا یہ سب عبادت ہے۔

ہمارے حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ اپنی زندگی میں جتنے مرحلوں سے گزرے وہ سب عبادت کے مرحلے تھے۔ حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کی عبادت و ریاضت کے چند [illegible] ... [illegible] ... کہانیاں پڑھیے اور جذبہ عبادت کو بیدار کیجئے۔

حضرت [illegible] ... [illegible] ... باشی اور خانقاہ سراجیہ کے مدرس

دیکھا تو مجھے پسینہ شروع ہو گیا اور فوراً مسئلہ بھی سمجھ آ گیا، اس جوتے کو چھوڑ کر دائیں پاؤں کے جوتے کو پاؤں میں ڈالا، حضرت والا نے پہلے اسے پہنا اور پھر بائیں پاؤں میں جوتا پہنا۔

حاضرینِ مسجد پر سلام:

حضرت والا جب مسجد میں تشریف لاتے تو تمام حاضرینِ مسجد صفوں میں کھڑے ہو جاتے تو آپ مسجد میں داخل ہونے کے بعد ''السلام علیکم'' فرماتے آپ کا سلام کرنا مختلف طریق پر دیکھنے میں آیا ہے، کبھی تو ایک مرتبہ سلام کرتے، کبھی دو مرتبہ، کبھی تین مرتبہ بھی سلام فرماتے تھے۔

اقامتِ صلوٰۃ:

آپ کی آمد پر اقامت کہی جاتی تھی، جب صحت بحال تھی تو ظہر وعصر کی امامت خود فرماتے تھے، اور جب ضعف بڑھ گیا تو پھر سب نمازوں میں حضرت الاستاذ حضرت قاری مفتاح الاسلام صاحب امامت کرتے تھے جو کہ تا حال منصب امامت پر فائز ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو استقامت عنایت فرمائیں۔

رب کے ساتھ محوِ راز و نیاز:

آپ نماز کو سنن، مستحبات و آداب کی رعایت رکھ کر ادا فرماتے تھے، ہر رکن کو بڑے اطمینان کے ساتھ بجا لاتے تھے حالتِ قیام میں بالکل سکون ہوتا تھا جیسے ایک مضبوط ستون اپنے مقام پر کھڑا ہے اور حضرت جی سر جھکائے سیدھے کھڑے ہو کر اپنے رب کے ساتھ محوِ راز و نیاز ہیں۔

ایک مرتبہ حضرت مولانا انیس الرحمٰن صاحب نے نمازِ عشاء پڑھائی، پہلی رکعت میں سورۂ الم نشرح اور دوسری میں وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ تلاوت کی سلام کے بعد حضرت شیخ نے فرمایا: پہلی رکعت میں چھوٹی سورت پڑھی ہے اور دوسری میں بڑی۔ اندازہ لگائیں کہ مستحب پر کس قدر مواظبت تھی۔ ہمیشہ آپ نے نماز باجماعت ادا فرمائی ہے، چاہے حضر کا زمانہ ہو یا سفر کا، صحت کا زمانہ ہے یا مرض کا، جوانی کا زمانہ ہے یا بڑھاپے کا، حتیٰ کہ آخری نماز، نمازِ عصر بھی باجماعت ادا فرمائی اور مغرب سے پہلے اپنے محبوبِ حقیقی کے پاس جا پہنچے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

ختم خواجگان وختم مجددیہ ومعصومیہ:

نماز باجماعت کے بعد حضرت الشیخ ختم خواجگان خود کراتے تھے، چار ختم ہوتے تھے، ایک صبح کی نماز کے بعد اور دو ظہر کی نماز کے بعد اور ایک عصر کی نماز کے بعد ہوتا تھا۔ آپ صبح والے ختم ہائے مجددیہ ومعصومیہ میں صرف بعد میں دعا منگواتے تھے۔ ان مبارک ختموں کا معمول اور دعاؤں کا سلسلہ اب تک جاری وساری ہے، اللہ تعالیٰ تا قیامِ قیامت جاری وساری رکھے آمین!

مراقبہ:

ختم خواجگان کے بعد آپ مراقبہ کرواتے تھے اور مراقبے کا سلسلہ حضر و سفر میں جاری رہتا تھا۔ تقریباً آدھ گھنٹہ مراقبہ چلتا۔ وقتِ اشراق پر مراقبہ ختم فرماتے اور دعا فرما کر اپنے خانۂ مبارک کی طرف تشریف لے جاتے۔

(لولاک نمبر ص ۲۷۹)

امامت خود فرمایا کرتے :

جناب حافظ ندھیانوی لکھتے ہیں :

حضرت اقدس خشوع وخضوع کے پیکر تھے، تقویٰ وللّٰہیت کا مجسمہ تھے، آپ کے عمل میں اخلاص کی جھلک نمایاں نظر آتی تھی، آپ کی نماز کا تو کیا کہنا، انتہائی خشوع وخضوع کے ساتھ نماز ادا فرمایا کرتے تھے۔ حضرت اقدس اپنی خانقاہ کی مسجد میں خود نماز پڑھایا کرتے تھے، ایک طویل عرصہ تک آپ نے خود امامت فرمائی ہے، مجھے بھی حضرت کی اقتداء میں سفر کے دوران نماز پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے، آپ کی نماز میں جہاں خشوع وخضوع کی کیفیت ہوتی تھی وہاں آپ مقتدیوں کی رعایت بھی فرمایا کرتے تھے، خصوصاً سفر میں آپ مختصر نماز پڑھاتے تھے۔

نماز کی کیفیت :

”زندگی میں کئی بزرگوں کی اقتداء میں نمازیں ادا کی تھیں، بعض اوقات روحانی کیف بھی حاصل ہوا، مگر حضرت کے نماز پڑھانے کے انداز نے ان کی شخصیت نمایاں کردی۔ نماز کی رکعتوں کی ادائیگی نے ان کے تقویٰ نے، ان کی بزرگی کے پہلو نمایاں کر دیئے۔ اس خشوع وخضوع کے ساتھ حضرت کو نماز ادا کرتے دیکھ کر خدائے واحد وقدوس کی عظمت اور جلال کے نقوش دل پر مرتسم ہو گئے۔ یہ خضوع وخشوع اور حضور قلب ”وَالَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ“ (المومنون ۲) کی تفسیر نظر آیا۔ اللہ تعالیٰ نے جن خوش قسمت انسانوں کو اپنی معرفت سے نوازا ہے ان کے قلوب میں کسی درجہ خشیت پیدا کر دی ہے۔ انتہائی سکون کے ساتھ رکوع وسجود ہو رہے تھے، معلوم ہوتا

تھا کہ مقام احسان پر ہیں۔ حضور اکرم ﷺ کی حدیث مبارک کی شہادت مل رہی تھی،
جناب خاتم النبیین ﷺ کے ارشاد گرامی کا مفہوم کچھ اس طرح ہے کہ نماز ایسے پڑھو
جیسے کہ تم خدا تعالیٰ کو دیکھ رہے ہو اگر یہ مقام میسر نہ آئے تو یوں خیال کرو کہ خالق
کائنات تمہیں دیکھ رہا ہے۔ (تاریخ و تذکرہ خانقاہ سراجیہ ص ۲۳۳)

نماز باجماعت کا اہتمام :

حضرت خواجہ خان محمد صاحب فرماتے تھے کہ حضرت اعلیٰ ابوالسعد احمد خان
بعض اوقات فجر کی اذان ہوتے ہی مسجد میں تشریف لاتے اور اندھیرے
میں صبح کی نماز ادا کی جاتی۔ اسی اتباع میں حضرت خواجہ صاحب خود بھی کبھی کبھی صبح کی
نماز کے لئے اذان کے تھوڑی دیر بعد پہنچ جاتے اور نماز باجماعت ادا فرماتے۔ آپ
نمازوں میں خود بھی پابندی فرماتے تھے اور کوئی اور امام صاحب ہوتے تو ان کو بھی
تاکید فرماتے کہ فرض نمازوں میں طوال مفصل، اوساط مفصل اور قصار مفصل کی ترتیب
کے لحاظ سے پوری سورت تلاوت کرتے۔ کسی کو ادھوری سورت پڑھنے کی اجازت نہ
دیتے۔ رکوع اور سجود میں تسبیحات تین سے زیادہ مرتبہ پڑھنے کی اجازت نہ دیتے۔
طوال مفصل میں سورۃ حجرات سے سورۂ بروج تک کی سورتیں، جن کا پڑھنا مقتدی پر
شاق نہیں ہوتا اور امام آسانی سے پڑھ سکتے ہیں۔ فجر کی نماز میں ان سورتوں کے
پڑھنے اور سننے کی علیحدہ لذت ہے۔ مگر ظہر کی نماز میں ان سورتوں کے پڑھنے سے قیام
قدرے طویل معلوم ہوتا ہے جس کی علیحدہ شان ہے۔ اسی طرح عصر اور عشاء کی
نمازوں میں اوساط مفصل یعنی سورۃ الطارق سے لے کر البینۃ تک اور مغرب کی نماز میں
باقی سورتیں تلاوت فرماتے۔ آپ جماعت کے ساتھ نماز کی پابندی فرماتے ہی تھے

لیکن بیماری اور ضعف وپیرانہ سالی میں بھی اس کا خاص اہتمام فرماتے، حتیٰ کہ مرض الوفات میں جب ملتان کے سیال میڈیکل سنٹر میں آپ نماز پڑھتے تو اس میں بھی جماعت کا اہتمام فرماتے۔ (لولاک نمبر: ص۳۰۶)

بھائی ہمیں اپنے دعاؤں میں یاد رکھنا:

برادر غلام یٰسین لاہور کے رہائشی ہیں، برطانیہ کے شہر ڈنڈی میں ہوتے ہیں، حضرت خواجہ صاحب سے گہری عقیدت رکھتے تھے، برطانیہ، پاکستان، سعودی عرب کے سفروں میں حضرت خواجہ صاحب کی انہوں نے بہت خدمت کی۔ ان کا کہنا ہے کہ حضرت مولانا محمد مکی صاحب کے ہاں مکہ مکرمہ میں حضرت خواجہ صاحب کا قیام تھا وہاں کتاب دیکھی اس میں آنحضرت ﷺ کے ان واقعات کا ذکر تھا جن میں آپ نے اپنے صحابہ کرامؓ سے فرمایا کہ ہمارے لئے دعا کرنا۔ مثلاً مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ، عمرہ یا حج کے لئے حضرت عمرؓ تشریف لے جانے لگے تو آپ ﷺ نے فرمایا: بھائی! ہمیں بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھنا۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے کتاب سے ایسے واقعات والا حصہ پڑھا۔ اگلے روز میں نے عمرہ پر جانے کے لئے اجازت طلب کی تو حضرت خواجہ صاحب نے مجھے (یٰسین صاحب) اپنے (حضرت قبلہ) کے بارے میں فرمایا کہ بھائی! ہمیں بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھنا۔ میں فوراً سمجھ گیا کہ حضرت خواجہ صاحب قبلہ سنت رسول اللہ ﷺ پر عمل کرنے کے اتنے مشتاق ہیں۔ ایک دن وہ واقعات پڑھے تو اگلے دن اس سنت رسول اللہ ﷺ پر عمل بھی فرمایا۔

سنت کا اتباع:

جناب غلام یٰسین صاحب فرماتے ہیں کہ سفر حج میں رات کے وقت حضرت

خواجہ صاحبؒ اچانک بیدار ہوئے، اپنے پلنگ پر بیٹھے ہوئے تھے آپ واش روم جانا چاہتے تھے۔ آہٹ سن کر میں اٹھا اور جوتیاں حضرت خواجہ صاحب کے آگے رکھ کر پہنانے لگا، نیند کے غلبہ، رات کے اندھیرے اور جلدی کے باعث مجھے یاد نہ رہا، بجائے دائیں پاؤں میں پہلے چپل پہنانے کے میں نے پہلے بائیں پاؤں میں چپل پہنانے شروع کردی۔ آپ نے فوراً بایاں پاؤں واپس کھینچ کر پہلے دایاں آگے کر دیا اس دن سمجھ میں آیا کہ کس طرح سنت رسول ﷺ پر عمل پیرا ہوتا آپ کی طبیعت ثانیہ بن گئی تھی کہ اس حالت میں بھی خلاف سنت نہ ہونے دیا۔ (لولاک نمبر ص ۸۰)

حضرت خواجہ صاحبؒ کے صاحبزادے جناب نجیب احمد صاحب تحریر فرماتے

ہیں:

''حضرت جی کا ہر عمل، سونا، کھانا، چلنا اور نماز پڑھنا عین سنت نبوی ﷺ کے مطابق تھا، مدتوں خدمت میں رہنے والا خادم بھی یہ نہیں بتلا سکتا کہ کوئی ادنیٰ سا فعل بھی آپ سے خلاف سنت سرزد ہوا ہو۔ دن ہو یا رات، خلوت ہو یا جلوت، ہر حالت میں حضرت جی کو اتباع سنت کا خیال تھا، سفر میں بھی مسواک آپ کے ساتھ ہوتی، کوئی وضو آپ کا مسواک کے بغیر نہ ہوتا''۔

عبادات میں اہم چیز:

عبادات میں سب سے اہم چیز نماز ہے، قیامت میں سب سے پہلے نماز ہی کا حساب ہوگا۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ نماز کے بارے میں اللہ سے ڈرو، آدمی اور کفر کے درمیان نماز ہی حائل ہے۔ اسلام کی علامت نماز ہے، جو شخص دل کو

فارغ کرے اور اوقات اور مستحبات کی رعایت رکھ کر نماز پڑھے، وہ مومن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کوئی چیز ایمان اور نماز سے افضل فرض نہیں کی، اگر اس سے افضل کسی اور چیز کو کرتے تو فرشتوں کو اس کا حکم دیتے۔ فرشتے دن رات کوئی رکوع میں ہے اور کوئی سجدے میں۔ نماز دین کا ستون ہے، نماز افضل جہاد ہے، جب کوئی آفت آسمان سے اترتی ہے تو مسجد کے آباد کرنے والوں کی برکت سے ہٹ جاتی ہے۔

حضرت خواجہ صاحبؒ کی نماز کے چند واقعات لکھتا ہوں۔

۱ … ایک دفعہ طبیعت کافی خراب تھی، میں نے عرض کیا کہ نماز گھر پر پڑھ لیں، مسجد نہ جائیں تو فرمانے لگے کہ لازمی مسجد میں نماز پڑھوں گا۔

۲ … بیماری کے آخری دنوں میں زیادہ تر حضرت خواجہ صاحب مراقبہ اور انقطاع عن الدنیا کی کیفیت میں رہتے تھے، جیسے نماز کا وقت شروع ہوتا اٹھ بیٹھتے اور فرماتے: نماز کی تیاری کرو۔ حضرت خواجہ صاحب ہمیشہ باجماعت نماز ادا کرتے۔

۳ … جس دن خواجہ صاحب ملتان ہسپتال میں داخل ہوئے اگلے دن شام کی نماز مغرب کی امامت خود کرائی، بیٹھ کر خود نماز پڑھائی، شاید بیٹھ کر باجماعت نماز پڑھانے کی سنت بھی آخری دنوں میں پوری ہوگئی۔

امام مالکؒ اور تعظیم حدیث:

عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ جو امام مالک رحمہ اللہ کے شاگرد ہیں اور حدیث، فقہ، تفسیر اور قرأت کے بڑے امام ہیں اور علماء کے طبقے میں ایسے مشہور ہیں کہ ان کی شہرت، تعریف اور توصیف سے بالکل مستغنی مرتبہ ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز میں امام صاحب رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ روایت حدیث

فرما رہے تھے۔ ایک بچھو نے ڈنک زنی شروع کر دی تو شاید دس مرتبہ آپ کو کاٹا۔ اس کی تکلیف سے جب امام صاحب رحمہ اللہ کا چہرہ کچھ متغیر ہو کر مائل بہ زردی ہو جاتا تھا۔ مگر امام صاحب رحمہ اللہ نے درس حدیث کو قطع نہیں فرمایا اور نہ کچھ لغزش آپ رحمہ اللہ کے کلام میں ظاہر ہوئی۔ جب مجلس حدیث ختم ہوئی اور سب آدمی چلے گئے تو میں نے آپ رحمہ اللہ سے عرض کیا کہ آج آپ کے چہرہ پر کچھ تغیر محسوس ہوتا تھا۔ امام صاحب رحمہ اللہ نے فرمایا بے شک تمہارا خیال صحیح ہے اور پھر تمام واقعہ ان سے بیان کر کے فرمایا کہ میرا اس قدر صبر کرنا اپنی طاقت و طبیعت کی بناء پر نہ تھا بلکہ پیغمبر ﷺ کی حدیث کی تعظیم کی وجہ سے تھا۔

کالا ڈیمو کاٹتا رہا:

چند سال پہلے کی بات ہے کہ ظہر کی نماز کی امامت کرا رہے تھے کہ ایک کالا بھڑ (ڈیمو) قمیص میں گھس گیا اور مسلسل ڈنک مارتا رہا لیکن آپ نے مکمل نماز پڑھائی اور بعد میں نمازیوں کو کہا کہ قمیص میں کوئی چیز گھس گئی ہے۔ دیکھا تو کالا بھڑ تھا، چہرہ پر درد کا احساس تک نہ تھا، بعد میں بھڑ کے کاٹنے کی وجہ سے بیمار ہو گئے لیکن نماز نہ توڑی۔ بھڑ کے کاٹنے کی اتنی شدید تکلیف ہوتی ہے کہ آدمی برداشت نہیں کر سکتا۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے کسی کو محسوس نہ ہونے دیا اور بڑے اطمینان کے ساتھ نماز پڑھائی۔

آخری وقت نماز کی فکر:

۵ مئی کو عصر کی نماز کے بعد نماز کی فکر لگی رہی اور مجھ سے بار بار پوچھ رہے تھے کہ نماز مغرب کا وقت ہو گیا ہے تو نماز پڑھیں۔ میں نے عرض کیا کہ ابھی ایک گھنٹہ

رہتا ہے مغرب کی نماز سے تھوڑی دیر پہلے طبیعت خراب ہوگئی اور اس دنیا سے
رخصت ہو گئے میری خوش نصیبی ہے کہ آخری وقت ان کا سر مبارک میری گود میں تھا۔
حضرت خواجہ صاحب کو آخری وقت بھی نماز کی فکر تھی۔

لو کھڑے ہیں ہاتھ باندھے ہم تمہارے سامنے :

حضرت خواجہ صاحبؒ سارا سال سفر میں ہوتے۔ خانقاہ شریف میں بہت کم قیام ہوتا لیکن رمضان شریف کو پورا مہینہ خانقاہ شریف میں قیام ہوتا، رمضان شریف میں روزانہ تین پارہ منزل تراویح میں سنتے تھے خانقاہ شریف میں دس دن میں ایک قرآن شریف ختم کرتے اور پورے رمضان میں تین قرآن مجید کے ختم ہوتے تھے۔
حضرت خواجہ صاحبؒ کا یہ معمول ۱۹۵۲ء سے لے کر بیماری سے قبل تک رہا۔ ۹۴ سال کی عمر میں بھی کھڑے ہو کر تین پارے سنتے تھے۔ رات کے دو بجے تراویح ختم ہوتی تو گھر تشریف لاتے، آرام نہیں کرتے تھے، تہجد کی نماز پڑھتے، تہجد سے فارغ ہوتے تو سحری کا وقت ہو چکا ہوتا، سحری کرتے اور نماز فجر کی تیاری شروع کر دیتے تھے۔
حضرت خواجہ صاحب فجر کی سنتیں گھر سے پڑھ کر مسجد تشریف لے جاتے، نماز کے بعد ختم خواجگان پڑھاتے اور ختم کے بعد تصوف کے موضوع پر کتاب کا درس ہوتا، اس کے بعد مراقبہ فرماتے۔ مراقبے کے بعد اشراق کی نماز پڑھ کر مسجد سے اپنے حجرے میں تشریف لاتے، وہاں مجلس ہوتی تقریباً صبح دس بجے گھر تشریف لے جاتے، آرام فرماتے تقریباً ایک بجے تک آرام فرماتے، ایک بجے اٹھتے، قرآن مجید کی تلاوت کرتے، ایک گھنٹہ تلاوت فرماتے، دو بجے ظہر کی نماز کے لیے مسجد تشریف لے جاتے نماز پڑھتے، نماز کے بعد ختم مجددی اور ختم معصومی پڑھاتے، اس کے بعد تصوف پر

فرمایا: اللہ آسانی پیدا کرے گا۔ اس سفر میں خواجہ صاحبؒ کے ساتھ سردار فضل محمود خاکوانی، میاں خان محمد صاحبؒ، ماموں زاہد ہم سفر تھے۔

ایک لاکھ مرتبہ کلمے کا ورد :

جب حضرت خواجہ صاحب مکہ مکرمہ میں ہوتے تو ان کا معمول یہ تھا کہ سحری کے وقت حرم میں جاتے، بارہ رکعت تہجد کے پڑھتے، صبح کی نماز پڑھتے، طواف کرتے، اشراق کی نماز پڑھ کر واپس چلے جاتے، ناشتہ کرتے اور آرام کرتے، ظہر کی نماز بھی حرم میں پڑھتے اور پھر عصر کی نماز کے لئے حرم میں تشریف لے جاتے، عصر سے عشاء تک حرم میں رہتے، حرم میں میزاب رحمت کے سامنے تشریف رکھتے، وہاں جب تک کہ حرم میں رہتے ایک لاکھ مرتبہ کلمہ شریف پڑھنے کا معمول تھا۔

مدینہ شریف مسجد نبوی ﷺ میں یہی معمول تھا، مدینہ منورہ میں زیادہ درود شریف پڑھتے تھے، درود شریف بھی ایک لاکھ مرتبہ پڑھنے کا معمول تھا، ایک دفعہ میں نے عرض کیا جب آپ روضہ مبارک پر سلام پیش کرتے ہیں تو آپ کو سلام کا جواب ملتا ہے؟ فرمانے لگے ملتا ہے۔ (ذوالفقار نمبر ص ۱۴۳)

درود تنجینا کے فضائل :

قاری محمد سردار احمد بستی حضوری ذرا خود راوی ہے کہ فیصل آباد کے ایک مولوی صاحب نے عرض کیا: "میں "درود تنجینا" چھپوانے کی غرض سے پریس میں گیا، اتفاق سے پریس کا مالک غیر مقلد تھا، اس نے پوچھا کہ درود شریف کا ثبوت ہے؟ میں نے سکوت اختیار کیا چونکہ میرے پاس ثبوت نہیں تھا۔

حضرت خواجہ صاحبؒ نے ارشاد فرمایا: درود شریف کسی بھی صیغہ سے ہو

مقبول ہے، پھر حضرت خواجہ خان محمد صاحب نے مسکراتے ہوئے مزید فرمایا کہ ہمارے حضرات ختم (درود شریف تنجینا الخ) ۳۱۳ بار پڑھتے ہیں، جو مصائب و پریشانی میں مجرب ہے اور فرمایا: وہ غیر مقلد جاہل ہوگا ورنہ علماء اہلحدیث (غیر مقلدین) بھی اس درود شریف کو پڑھتے ہیں، مزید فرمایا: کہ ہم سفر حج پر روانہ ہور ہے تھے یا واپسی کا سفر تھا (ناقل کو اب یاد نہیں کیا فرمایا) ہمارے ایک ساتھی کو کسٹم والوں نے پکڑ لیا انہیں دفتر سے فارغ کر کے روانہ کر دیا، اس کے بارے میں کسٹم والوں نے انکشاف کیا یہ ہیروئن بیچتا ہے، مجھے یہ سن کر حیرانی ہوئی تو میں نے وہیں کھڑے کھڑے درود تنجینا پڑھنا شروع کر دیا، ابھی چند رہ یا تین بار پڑھنے کی نوبت نہ آئی تھی کہ ساتھی دفتر سے باہر آتے ہوئے دکھائی دیا، اس نے آتے ہی بیان کیا کہ ڈاکٹر صاحب نے میرا قارورہ وغیرہ ٹیسٹ کر کے عملہ والوں کو بتا کر کہا کہ اسے چھوڑ دو! یہ نشہ نہیں کرتا، کسٹم والے تو گرفتاری کے بعد خوب پریشان کرتے ہیں اور یہ واقعہ بھی حضرت خواجہ صاحب نے اسی مجلس میں ارشاد فرمایا، جو آپ کو سعودی عرب میں پیش آیا

تحفۂ (لولاک نمبر ص ۲۰۶)

قارئین کے نفع کے لیے ذیل میں صلوٰۃ تنجینا بھی نقل کر دیا جاتا ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

دائیں ہاتھ سے شروع کرنا:

حضرت خواجہ صاحب فرماتے ہیں کہ "تیامن" سنت ہے اس کا خاص خیال رکھنا چاہیے، تیامن کہتے ہیں دائیں ہاتھ سے شروع کرنا، اسی لئے آپ کوئی چیز عطا فرماتے تو دائیں ہاتھ سے دیتے اور اپنے دائیں ہاتھ والے کو پہلے دیتے، پھر اس کے دائیں ہاتھ والے کو، پھر اس کے دائیں ہاتھ والے کو، اسی طرح کوئی چیز وصول فرماتے تو دائیں ہاتھ سے۔ پگڑی پہنتے تو دائیں سے بائیں رخ پر بل دیتے، جوتا پہنتے تو پہلے دائیں پاؤں میں پہنتے پھر بائیں، قمیص پہنتے تو پہلے دایاں بازو پھر بایاں بازو پہنتے، شلوار پہنتے تو پہلے دایاں پاؤں پھر بایاں پاؤں، اتارتے وقت تمام کام پہلے بایاں پھر دایاں۔ بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت پہلے بایاں پاؤں رکھتے مگر مسجد میں داخل ہوتے وقت دو مستحب کام اکٹھے ہو جاتے ہیں، یعنی جوتے کا اتارنا اور مسجد میں داخل ہونا، جوتا اتارتے وقت پہلے بایاں پاؤں اتارتے اور جوتے کے اوپر رکھ لیتے پھر دایاں پاؤں اتار کر پہلے مسجد میں رکھتے پھر بایاں پاؤں رکھتے، بعض ساتھی اس بار کی کو نہیں سمجھتے اس کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔ (الجامعات ...)

داڑھی اور مونچھوں کے بال کترانے کا طریقہ:

حضرت خواجہ صاحب عموماً کسی ساتھی کو برملا نصیحت نہیں فرماتے تھے، جب وقت گزرتے گزرتے ساتھی مانوس ہو جاتا تو خود بخود سمجھ جاتا اور عمل شروع کر دیتا۔ لیکن وفات سے چند ماہ قبل ایک بابا جی حضرت خواجہ صاحب کو ملنے آئے جن کے لب باریک کترے ہوئے تھے، جب حضرت سے مصافحہ کیا تو حضرت نے فرمایا: کہ ابھی کچھ عمر باقی ہے کہ سنت کے مطابق مونچھیں رکھے۔ حضرت کا معمول مبارک یہی

تھا کہ مونچھیں قینچی سے اس طرح کترواتے تھے کہ دور سے نظر آتیں اور دائیں اور بائیں طرف کے بال داڑھی مبارک کے ساتھ رہ جاتے۔ بالوں کی حجامت کے لئے طریقہ اس طرح ہے کہ سر کے بال کتروا بھی سکتے ہیں اور منڈوا بھی سکتے ہیں، کتروانے کو قصر اور منڈوانے کو حلق کہتے ہیں۔ داڑھی کے بال مٹھی بھر سے زیادہ ہوں تو قینچی سے برابر کر سکتے ہیں، لبوں (مونچھوں) کے بال قینچی سے کتروانے چاہئیں، بغلوں کے بال نوچنے چاہئیں اور زیر ناف بال استرے یا بلیڈ سے مونڈنے چاہئیں ہاتھوں اور پاؤں کے ناخن قلم کرنے چاہئیں۔ (لولاک نمبر ص ۵۱۲)

آنکھ میں سرمہ ڈالنے کے آداب :

حضرت خواجہ صاحبؒ جب سرمہ ڈالتے تو اس کے دو آداب کا خیال رکھتے، ایک تیامن کا اور ایک طاق عدد کا، پہلے دائیں آنکھ میں سرمہ ڈالتے، پھر بائیں آنکھ میں، پھر دائیں آنکھ میں پھر بائیں آنکھ میں، اور آخر میں دائیں آنکھ میں تیسری سلائی ڈالتے۔ کھانا کھاتے وقت دائیں ہاتھ سے کھاتے، بزرگوں سے سنا ہے کہ دائیں ہاتھ کو اعلیٰ کاموں کے لئے استعمال کرنا چاہیے اور اس کی پکی عادت بنالینی چاہیے تاکہ کل حشر کے دن اعمال نامہ دائیں ہاتھ میں نصیب ہو۔ حضرت خواجہ صاحبؒ تیامن کا اتنا زیادہ خیال فرماتے کہ چائے کی پیالی میں چمچ بھی دائیں سے بائیں گھماتے اور فرماتے کہ طواف کعبہ بھی اسی رخ پر کیا جاتا ہے: ....

خوبی ہمیں کرشمہ وجمال خرام نیست
ہزار شیوہ ہائی است بتاں را کہ نام نیست

(لولاک نمبر ص ۳۲۲)

تقاضے میں سنت کا اہتمام :

حضرت خواجہ صاحب کے معمولات ،مصروفیات اور عبادات کا ایک نقشہ جناب حاجی محمد یعقوب کی زبانی سنیئے :

ہمارے حضرت جب باتھ روم میں جاتے تو ٹوپی یا عمامہ کے بجائے رومال باندھ کر جاتے ، باتھ روم (بیت الخلا) میں اپنے ساتھ مٹی کے ڈھیلے طاق عدد میں لے جاتے اور ساتھ ہی پانی کا لوٹا ہوتا۔ حضرت سفر حضر میں نرم مٹی کے ڈھیلے ساتھ رکھتے تھے جو معمولی پانی میں گل جاتے ،بعد میں ٹشو پیپر آسانی سے ملنا شروع ہو گیا تو اس نے ڈھیلوں کی جگہ لے لی۔ لیکن حضرت ٹشو پیپر کے تین یا پانچ ٹکڑے اپنے ساتھ رکھتے کیونکہ فراغت کے بعد بائیں ہاتھ سے طاق ڈھیلوں سے استنجا ضروری ہوتا ہے۔ آپ ٹشو سے استنجا کرنے کے لئے ٹشو کو تہہ دیتے اور صرف پیشاب بھی کرتے تو بائیں ہاتھ میں ٹشو لے کر اس سے استنجا فرماتے ،اس کے بعد ہاتھ گٹوں تک دھو لیتے ، وضو کرنے کے لئے آپ اپنا لوٹا استعمال فرماتے تھے،اور مسواک جو پیلو کی ہوتی ہے،وضو کے ساتھ استعمال فرماتے۔ بغیر مسواک کے وضو کرتے نہیں دیکھا گیا،حضرت میانوالی کی مشہور سوغات "نسوار" سے نابلد تھے نہ تمباکو استعمال فرماتے ، نہ حقہ، نہ سگریٹ، نہ پان ....

یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسماعیل کو آدابِ فرزندی

سنت کے مطابق وضو :

آپ لکڑی کی چوکی پر قبلہ رو بیٹھ کر وضو فرماتے ،مسواک کرنے کا طریقہ یہ

ہوتا تھا کہ پہلے کلی کرتے۔ پھر مسواک دھو کر استعمال فرماتے، اور یہ عمل تین مرتبہ کرتے، سنت کے مطابق وضو فرماتے۔ دائیں ہاتھ سے ناک میں پانی ڈالتے اور بائیں ہاتھ کی چھنگلیا سے تین مرتبہ صاف کرتے۔ چہرہ مبارک دھوتے وقت پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان سے دوسرے کان تک احتیاط سے پانی پہنچاتے، پھر بازو کہنی سمیت دھوتے، چلو میں پانی لے کر کہنی تک چلاتے اور ساتھ ساتھ دوسرا ہاتھ پھیرتے، اور تازہ پانی لے کر سر کا مسح فرماتے، اور کانوں کا مسح کرنے کے لئے تازہ پانی نہ لیتے اور بائیں کان کے نیچے بائیں ہاتھ سے گردن پر پھیرتے۔

حضرت سفر حضر میں جائے نماز بھی اپنے ساتھ رکھتے، لوٹا، عصا، اُگالدان، مسواک، سرمہ، ٹشو پیپر کے بغیر آپ کا سفر نہیں ہوتا تھا۔ اسی طرح بغیر جماعت کے نماز نہیں پڑھتے تھے، خواہ سفر ہو، خواہ گھر ہو، خواہ بیماری ہو، خواہ تندرستی ہو نماز باجماعت ہی پڑھتے تھے۔ زندگی کے آخری تین چار سال تو اپنے کمرے میں چارپائی پر بیٹھ کر باجماعت نماز ادا فرماتے، نماز میں سنن اور مستحبات کا خاص خیال رکھتے، نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو آپ کے پاؤں میں تقریباً چار انگل کا فاصلہ ہوتا اور دونوں پاؤں متوازی قبلہ رخ ہوتے، نماز شروع کرنے کیلئے ہاتھ کانوں تک اٹھاتے تو آپ کے انگوٹھے کانوں کی لو کی سیدھ میں ہوتے، ہاتھوں کی ہتھیلیاں قبلہ رخ ہوتیں اور ہاتھوں کی انگلیاں آسمان کی طرف ہوتیں۔ آپ "اللہ اکبر" کہہ کر ہاتھ ناف سے نیچے اس طرح باندھتے کہ بائیں ہاتھ کی پشت پر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی ہوتی ہوا دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلیا سے حلقہ بنا کر بائیں ہاتھ کی کلائی پکڑتے اور باقی تین انگلیاں بائیں بازو پر سیدھی ہوتیں۔ آپ تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے سر کو نہ جھکاتے۔ قیام کی حالت میں آپ کی نگاہ سجدے کی جگہ پر ہوتی۔

امام ابو حنیفہؒ کی اتباع:

آپ ثنا پڑھنے کے بعد تعوذ پڑھتے، پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر سورۃ فاتحہ تلاوت فرماتے، اس کے بعد "بسم اللہ الرحمن الرحیم" پڑھ کر پوری سورت کی قرأت فرماتے۔ آپ فرماتے تھے کہ ہم قرآن مجید کی تلاوت امام عاصم کی روایت پر کرتے ہیں، ان کے نزدیک بسم اللہ سورۃ فاتحہ کی آیت ہے، اسلئے ہمیں بسم اللہ کسی حالت میں نہیں چھوڑنی چاہیے، بلکہ ہر رکعت میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر سورۃ الفاتحہ کی قرأت شروع کی جائے اس کے بعد طوال مفصل، اوساط مفصل اور قصار مفصل سورتوں کا لحاظ رکھتے ہوئے قرأت فرماتے۔ طوال مفصل قرآن مجید کی سورۃ حجرات سے سورۃ بروج تک کی سورتیں ہیں، اور یہ فجر اور ظہر میں پڑھتے۔ اوساط مفصل سورۃ الطارق سے سورۃ البینہ تک ہیں۔ اور ان کی قرأت نماز عصر اور عشاء میں کی جاتی ہے اور اس کے بعد آخری سورتیں قصار مفصل کہلاتی ہیں، ان کی قرأت مغرب کی نماز میں کرتے۔ آپ کبھی بھی ادھوری سورت نہ خود پڑھتے نہ کسی امام کو پڑھنے دیتے۔ البتہ بیماری اور ضعف کے سالوں میں جب آپ چارپائی پر بیٹھ کر جماعت کے ساتھ نماز پڑھتے تو امام صاحب چھوٹی سورتوں سے نماز پڑھاتے حضرت تندرستی کی زندگی میں رمضان المبارک میں تین بار قرآن مجید سنتے تھے لیکن بیماری کے دنوں میں قاری ایک ختم پڑھتے تھے۔ حضرت عام طور پر صبح کی نماز کے لئے پون گھنٹہ طلوع آفتاب سے پہلے تشریف لاتے تھے، نماز قاری پڑھاتے یا حضرت خود پڑھاتے، نماز تعدیل ارکان کے ساتھ خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے، رکوع میں آپ ہاتھوں کی انگلیاں کھول کر گھٹنوں کو مضبوطی سے پکڑتے اور بازو سیدھے رکھتے سر اور کمر سیدھے ہوتے، آپ

دائیں بائیں پاؤں کا انگوٹھا کسی حالت میں اپنی جگہ سے نہیں ہلنے دیتے تھے جب تشہد میں بیٹھتے تو دائیں پاؤں کی انگلیاں قبلہ رخ ہوتیں اور پاؤں عموماً کھڑا ہوتا اور بائیں پاؤں پر اس طرح بیٹھتے کہ بائیں پاؤں کی انگلیاں بھی دائیں پاؤں کی مدد سے قبلہ رخ کر لیتے۔ آپ قومہ اور جلسہ میں نہایت تسلی سے سیدھے ہوتے اور تشہد کی حالت میں نگاہ گود پر رکھتے۔ رکوع اور سجود میں تسبیحات تین مرتبہ پڑھتے اور تشہد میں درود شریف اور دعا کے بعد سلام پھیرتے۔ سلام پھیرنے کے لئے زیادہ منہ اٹھا کر دائیں بائیں نہیں پھیرتے تھے، بس نرمی سے دائیں طرف سلام پھیرتے تھے تو آپ کی نگاہ تقریباً تیسرے آدمی کی گود تک جاتی تھی۔ اسی طرح بائیں طرف سلام پھیرتے۔

اوراد و وظائف :

ظہر، مغرب اور عشاء کی نمازوں کے بعد مختصر اور آہستہ دعا پڑھ کر سنتیں پڑھنے لگ جاتے جبکہ باقی نمازوں میں سلام پھیرنے کے بعد آیۃ الکرسی اور تسبیحات فاطمہ پڑھ کر دعا فرماتے۔ نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا فرماتے۔ ظہر، مغرب اور عشاء کی دو سنتوں کے پڑھنے کے بعد آیۃ الکرسی اور تسبیحات فاطمہؓ پڑھتے۔ آپ نماز کے بعد تسبیحات فاطمہؓ کی بہت تاکید فرماتے تھے، اس کی ایک وجہ یہ بھی فرماتے کہ فرض نماز میں تھوڑی بہت کوتاہی ہو تو ان تسبیحات سے پوری ہو جائے گی۔ عام طور پر رات کو سونے کے لئے لیٹ کر تسبیحات فاطمہؓ پڑھتے تھے۔

آپ صبح اور عصر کی نماز کے بعد ختم خواجگان کراتے، وہ اس طرح ہے: سورۃ فاتحہ ۷ مرتبہ، درود شریف ۱۰۰ مرتبہ، سورۃ الم نشرح ۷۹ مرتبہ، سورۃ اخلاص بسم اللہ سمیت ۱۰۰۰ مرتبہ، سورۃ فاتحہ ۷ مرتبہ، درود شریف ۱۰۰ مرتبہ، "یا قاضی الحاجات یا

کَافِیَ الْمُهِمَّاتِ، یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ، یَا شَافِیَ الْأَمْرَاضِ، یَا رَفِیْعَ الدَّرَجَاتِ، یَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ، یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ" ہر ایک ۱۰۰ ، ۱۰۰ مرتبہ پڑھتے پھر دعا فرماتے۔

ظہر کی نماز کے بعد ختم حضرت مجدد الف ثانی اور ختم حضرت خواجہ محمد معصوم صاحب پڑھتے وہ اس طرح کہ پہلے ۱۰۰ مرتبہ درود شریف، پھر ۵۰۰ مرتبہ "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ" پھر درود شریف ۱۰۰ مرتبہ، ۵۰۰ مرتبہ آیت کریمہ "لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ" پھر درود شریف ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر دعا کرتے۔ ختم شریف کے بعد نماز فجر کے بعد اشراق تک اور نماز عصر کے بعد آدھ گھنٹہ تک مراقبہ فرماتے۔

اشراق کے بعد :

اشراق کے بعد اپنے کمرے میں آدھ پون گھنٹہ تک تشریف رکھتے، پھر چائے کے لئے گھر تشریف لے جاتے۔ چائے کے بعد تقریباً ۹ بجے واپس کمرے میں تشریف لاتے، دو ڈھائی گھنٹے ساتھی آپ کی مجلس میں بیٹھ کر فیض حاصل کرتے، کچھ لوگ تعویذ یا دعا کی درخواست لاتے، حضرت بظاہر گفتگو، مطالعے میں مصروف نظر آتے، در حقیقت ساتھیوں کی باطنی تربیت فرما رہے ہوتے تھے۔ بعض ساتھیوں کو آگے سبق عنایت فرماتے اور بعض سے حال احوال معلوم فرماتے۔

احترام قبلہ :

دوپہر کے کھانے کے بعد آپ کچھ دیر قیلولہ فرماتے، پھر ظہر کی اذان ہوتے ہی تیاری فرما کر مسجد میں تشریف لے جاتے، ظہر کی نماز کے بعد اپنے کمرے میں

ساتھیوں کے پاس تشریف فرما ہوتے، اگر کسی ساتھی کو کوئی مسئلہ درپیش ہوتا تو عرض کر دیتا، ورنہ پورا مجمع خاموش بیٹھا رہتا اور حضرت اپنے ذکر اذکار اور مطالعہ میں مستغرق رہتے۔

آپ کو نزلہ، زکام بلغم کی تکلیف بھی عموماً رہتی تھی اس لئے اگالدان اپنے ساتھ رکھتے تھے۔ آپ نے کبھی بھول کر بھی قبلہ رخ نہیں تھوکا اور نہ قبلے کی طرف منہ کر کے ناک صاف کی۔ آخری عمر میں عصا اور اگالدان کا استعمال آہستہ آہستہ ختم ہو گیا۔ کیونکہ ضعف کی وجہ سے چلنا پھرنا بھی نہیں ہوتا تھا اور نزلہ بھی تقریباً ختم ہو گیا تھا۔ ظہر کے اجلاس کے بعد آپ گھر جانے کے لئے تشریف لے جاتے۔ خانقاہ سراجیہ میں تقریباً ساٹھ سال سے تمام مہمانوں کو صبح سات بجے اور عصر سے پہلے ساڑھے تین بجے چائے ملتی ہے چائے پینے کے بعد ساتھی ذکر اذکار، تلاوت اور انفرادی اعمال میں مصروف ہو جاتے ہیں۔

پراٹھے دینے والی ماں :

صبح کا ناشتہ سات بجے، دوپہر کا کھانا ساڑھے گیارہ بجے اور رات کا کھانا مغرب کی نماز کے بعد ملتا ہے۔ مہمانوں کی تعداد عام طور پر پچاس سے لے کر دو ہزار تک گھٹتی بڑھتی رہتی ہے۔ ہمارے حضرت کی خوشی مہمانوں کو کھانا کھلانے میں ہوتی ہے بلکہ جب حضرت کی پہلی اہلیہ محترمہ کا انتقال ہو گیا، جو حضرت ابو اسعد احمد خان کی صاحبزادی تھی تو ساتھیوں نے عقد ثانی کے لئے اصرار کیا، حضرت نے فرمایا: ایسی بیوی ہو جو مہمانوں کے کھانے اور خدمت سے نہ گھبرائے، اللہ کی شان! دوسری اہلیہ محترمہ پہلی کی بھتیجی ایسی خدمت کرنے والی خاتون تھیں کہ جب ان کا انتقال ہوا تو

مہمانوں کو صبح ناشتے میں پراٹھا بند ہو گیا تو پرانے ساتھی کہتے کہ: "پراٹھے دینے والی ماں فوت ہو گئی ہے"۔

خواتین پر توجہ :

ہمیں یاد ہے کہ رات گئے خانقاہ پہنچے تو لنگر والے کے پاس روٹی سالن یا کم از کم اچار ضرور مل جاتا تھا حضرت کی شفقت جس طرح خواص پر ہوتی تھی اسی طرح عام فقیروں پر ہوتی تھی، کھانا پکانے والی خواتین پر خصوصی توجہ فرماتے۔ رمضان المبارک میں ہجوم بہت زیادہ بڑھ جاتا، تو خواتین عشاء کے بعد سحری تک کھانا پکانے میں مصروف رہتیں۔ بلکہ مریضوں کے لئے ان کی ضرورت کی کھچڑی یا نرم روٹی تیار کرتیں۔ حضرت کبھی کبھار ان کے لنگر خانے میں تشریف لے جاتے اور فرماتے: جس طرح ساری رات نماز تراویح اور مراقبات والوں پر میری توجہ ہوتی ہے، اسی طرح آپ خواتین پر بھی میری توجہ ہوتی ہے۔ آپ مطمئن رہیں۔

خطوط کے جوابات :

مجالس میں اور کاموں سے ساتھ خطوط کے جواب تحریر فرماتے تھے، جن ساتھیوں نے بیعت ہونا ہوتا وہ مسجد میں بیعت ہوتے، بعض اوقات ساتھیوں کو جلدی ہوتی تو اپنے کمرے میں بھی بیعت فرما لیتے تھے۔ ان کثیر مہمانوں کی آمد و رفت کے ساتھ ساتھ حضرت کے درون ملک و بیرون ملک کے اسفار بھی جاری رہتے۔

تیر بہدف نسخہ :

حضرت خواجہ صاحب نے ۲۴ مرتبہ حج ادا کئے، عمرے اس کے علاوہ ہیں،

ایک مرتبہ ایک صاحب نے آپ کے ساتھ حج کیا۔ طواف و زیارت کا ہجوم کہ ایک قدم
ومنٹ میں اٹھایا جا سکے، صفا مروہ کی سعی کا ہجوم علیحدہ، تھکان علیحدہ، قربانی کے لئے
مشقت علیحدہ، منیٰ عرفات آنے جانے کی تکلیف علیحدہ، ساری مشقت اٹھانے کے
بعد حضرت خواجہ صاحب سے پوچھنے لگے: آپ ہر سال اسی طرح مشقت سے حج
ادا کرتے ہیں؟ حضرت نے فرمایا: ہاں! اس نے ابھی حضرت کی روحانی محنت مشقت
کا حال دریافت نہیں کیا تھا، مجھے عموماً حضرت کے ساتھ حج کرنے کی سعادت حاصل
ہوتی تھی جس پر میں اللہ کریم کا شکر گزار ہوں۔ میں نے حضرت سے عرض کیا کہ:
حضرت! حج میں کونسا عمل خاص طور پر کرنا چاہیے؟ حضرت نے فرمایا: ''خاموشی''۔
آپ روزانہ بارہ تیرہ گھنٹے حرم شریف میں مراقب رہتے، یہی وہ لطف تھا
جسے حاصل کرنے کے لئے ۳۲ سال حرم شریف میں پہنچنے کی مشقت اٹھاتے رہے،
عمرے کے اسفار اس کے علاوہ ہیں۔

فیض ناگاہ سے آید و بردل آگاہ می آید:

آپ پورا سال رمضان المبارک کے انتظار میں تیاری فرماتے، تین قاری
صاحبان منتخب کیے جاتے جو تین پارے روزانہ تراویح میں پڑھتے۔ قاری صاحب کو
اپنی مرضی سے تراویح پڑھانی پڑے تو آسانی سے ڈیڑھ دو گھنٹے میں تین تراویح میں
تین پارے سنا سکتے ہیں لیکن خانقاہ شریف میں چار تراویح کے بعد آدھ پون گھنٹہ مراقبہ
ہوتا، جس میں قاری صاحب کو انتظار کی مشقت علیحدہ اٹھانا پڑتی اور سبق کو ازبر کرنے
کی مشقت علیحدہ، کیونکہ نہ معلوم کس وقت حضرت خواجہ صاحب نماز تراویح کے لئے
کھڑے ہو جائیں، عشاء کی نماز خانقاہ شریف میں قدرے دیر سے ہوتی ہے لیکن

رمضان شریف میں مزید دیر سے ہوتی ہے۔کیونکہ پانچ سو سے لے کر پندرہ سو تک نمازیوں نے نماز کی تیاری کرنی ہوتی ہے۔صبح ڈھائی بجے تراویح مکمل ہوتی ہے۔اس کے بعد تمام مہمانوں کو لنگر خانے سے سحری کا کھانا ملتا ہے۔کھانے کے بعد ہر مہمان کو دو کپ چائے ملتی ہے پھر تھوڑی دیر ستا لیتے ہیں تو صبح کی اذان ہوتی ہے۔خلاف معمول رمضان المبارک میں صبح کی جماعت ذرا جلدی کھڑی ہوتی ہے جس طرح رمضان المبارک میں سنت اور نفل کو خصوصی اہتمام سے ادا کیا جاتا ہے،اسی حساب سے فرائض کی ادائیگی میں بھی مزید اہتمام کیا جاتا ہے۔نماز فجر کے بعد ختم شریف اور پھر شمائل ترمذی پڑھی جاتی ہے کتاب پڑھنے کے بعد طویل مراقبہ ہوتا ہے حتیٰ کہ اشراق کا وقت ہو جاتا ہے۔اشراق پڑھنے کے بعد زیادہ تر ساتھی آرام کے لئے اپنے کمروں میں چلے جاتے اور حضرت صاحب اپنے کمرے میں مزید ایک گھنٹہ اپنی ڈیوٹی ادا کرتے،اس کے بعد گھر تشریف لے جاتے اور پھر ظہر کی نماز سے آدھ پون گھنٹہ پہلے کمرے میں تشریف لاتے۔رضائے الٰہی کے طالبین حضرت کی کمرے میں نشست کو غنیمت جانتے ہیں۔تقریباً آدھ پون گھنٹے کا عمل ہے اس کے بعد حضرت صاحبؒ اپنے کمرے میں تشریف فرما ہوتے اور فیض کے طالب ساتھی ارد گرد گردنیں جھکائے بیٹھے ہوتے،کیونکہ فیض ناگاہی آید و بر دل آگاہی آید۔امیر خسرو نے شاید اسی کیفیت پر فرمایا کہ:.........

ہمہ آہوان صحرا سر خود نہادہ بر کف   بہ امید آنکہ روزے بشکار خواہی آمد

گھر میں سنت پڑھنے کا اہتمام:

ہمارے مخدوم محترم حضرت خواجہ خان محمد صاحب گھر سے وضو بنا کر مسجد میں

تشریف لے جاتے تھے فجر اور ظہر کی سنتیں بھی گھر سے پڑھ کر مسجد جاتے آپ کو مسجد میں وضو، استنجاء کرتے کبھی نہیں دیکھا گیا، بظاہر یہ چھوٹا سا عمل ہے، لیکن بہت سے اسرار اپنے اندر چھپائے ہوئے ہے۔

جواب خط کا اہتمام :

حضرت کو ملک بھر سے خطوط آتے رہتے تھے، اس کے علاوہ بنگلہ دیش، برطانیہ، امریکا اور دیگر ملکوں سے بھی ساتھی خطوط بھیج کر حضرت کی دعائیں اور ہدایات حاصل کرتے رہتے تھے۔ آپ خطوط کے جوابات نماز اشراق کے بعد والی نشست میں دیتے تھے، جو نو بجے جاتے تھے وہ صبح نو بجے والی نشست میں مکمل کرتے تھے۔ روزانہ اوسطاً دس سے زیادہ خطوط کے جواب ارسال فرماتے تھے۔

عصر کے بعد تحریری کام نہ کرتے :

عصر کے بعد لکھائی کا کام نہیں فرماتے تھے۔ آپ سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ایک ارشاد فرماتے تھے کہ: "من احب کریمتیه فلا یکتب بعد العصر" جو کوئی اپنی آنکھوں سے محبت رکھتا ہے وہ عصر کے بعد لکھائی نہ کیا کرے۔ سیدنا حضرت علی کا ایک اور ارشاد بھی ہے کہ:

"اکرموا اولادکم بحسن الخط فانه من مفاتیح الرزق" یعنی اولاد کو خوبصورت لکھائی سکھاؤ کیونکہ یہ رزق کی چابیوں میں سے ایک ہے۔

سال بھر کی مصروفیات :

حضرت کی سال بھر کی مصروفیات اس طرح ہوتی تھیں کہ رمضان المبارک

سے ایک ہفتہ قبل اور ایک ہفتہ بعد تک رمضان المبارک کی مصروفیت ہوتی تھی۔ تقریباً ڈیڑھ ماہ سفر حج کی مصروفیت ہوتی تھی۔ تقریباً ڈیڑھ ماہ بیرونی ملک کے اسفار ہوتے۔ تقریباً تین ماہ اندرون ملک کے سفر ہوتے تھے اور باقی وقت خانقاہ شریف میں قیام ہوتا تھا۔ دوران خانقاہ شریف میں قیام کیا تو تین دن کیلئے شمالی علاقہ جات کا سفر ہوتا، واپس آتے دو تین دن قیام کیا تو تین چار دن کے لئے جنوبی علاقہ جات کا سفر ہوتا۔ کبھی ختم نبوت کے اجلاس ہوتے، کبھی مدارس کے تقریبات میں شمولیت ہوتی، کبھی سلسلہ پاک کے لئے سفر ہوتا۔ غیر ملکوں میں عراق، شام، میں بزرگان دین کے مزارات پر حاضری دیتے۔ ایک مرتبہ فرمارہے تھے کہ: مزارات تو سارے بہت عالی شان تعمیر کئے گئے ہیں مگر حضرت امام ابوحنیفہؒ کے مزار کی شان ہی نرالی ہے۔

(مجلس ہزار وی کا نمبر ص ۲۰،۲۰۰۸ء)

حضرت مولانا قاری منصور احمد ضرب مومن کے باقاعدہ لکھاری ہیں ان کی تحریریں مزے لے لے کر پڑھی جاتی ہیں حضرت خواجہ صاحب کے ذوق عبادت کی ترجمانی مولانا منصور احمد نے اپنے قلم سے یوں پیش کی ہے۔

صفِ اول کے ساتھی کا اکرام:

فطری تقاضے کی ادائیگی میں کچھ تاخیر ہوگئی ورنہ شروع رمضان سے پچھلی صف میں امام کے پیچھے جگہ پاتا تھا، وضو سے فارغ ہو کر مسجد میں پہنچا تو پہلی صف مکمل ہو چکی تھی اور میری جگہ پر بڑی گھیر دار پگڑی باندھے کلف لگے شلوار کرتے میں ہیں کوئی جاگیردار ٹائپ ملک یار خان صاحب تو بیٹھے تھے چپ چاپ پچھلی صف میں نیت باندھ لی۔ امام نے سلام پھیرا تو خواجہ صاحب نے خلاف عادت پیچھے مڑ کر دیکھا اور

اپنے پاس بیٹھے خاص عقیدت مند بڑے زمیندار کو باآواز بلند کہا: "ملکا! پچھے ہٹ ونج!" (ملک صاحب! پیچھے ہٹ جایئے) اور ساتھ ہی مجھے آگے بڑھنے کا اشارہ کیا۔

یہ میرے لئے بڑا اعزاز تھا کہ میں اس وقت محض ایک طالب علم تھا مجھ خاص شناخت نہ تھی سوائے اس کے کہ میں روزانہ وقت سے پہلے پہلی صف میں موجود ہوتا تھا اور آج اگر کچھ تاخیر ہوئی تو کچھ باعث تاخیر بھی تھا صاحب نظر سے یہ بات پوشیدہ نہ تھی۔

طالب علمانہ نسبت پر رشک آیا:

یہ ۱۹۷۸ء کی بات ہے گویا ۳۲ سال پہلے کی، گرمیوں کا رمضان تھا شاید جون کا مہینہ، کسی نے بتایا تھا کہ خانقاہ سراجیہ میں پورا رمضان شب بیداری ہوتی ہے، وہ بھی عین مسنون طریقے پر، یعنی سحری تک تراویح میں قرآن پڑھا جاتا ہے۔ سوچا کہ ایک ایسا رمضان زندگی میں نصیب ہو جائے جس میں حصول لیلۃ القدر یقینی ہو وہ بھی اس حالت میں کہ رمضان کی اعلیٰ ترین عبادت میں بسر ہو آتش جوان تھا اور یہ شوق بھی کہ پہلی صف میں خواجہ صاحب کے قریب جگہ مل جائے اور اس رات مجھے اپنی طالب علمانہ نسبت پر رشک آیا: ایک بڑے دنیا دار سے میرے لئے جگہ خالی کروائی گئی اور اپنے اکابر کا دین کو دنیا پر ترجیح دینے کا ذوق بھی دل پر نقش ہو گیا، حالانکہ میں خود خواجہ صاحب کا مرید تھا نہ حاضر باش، واقفیت کیا، میرا تعارف بھی نہیں تھا حضرت خواجہ صاحب کی اس نظر شفقت کے بعد خود بہت سے حاضرین کی نظر میں قابل رشک ہو گیا۔

خانقاہ سراجیہ کی خوبصورت مسجد :

اب قریب میں میرا جانا نہیں ہوا ۲۲ سال پہلے خانقاہ سراجیہ جانے والے اکثر مسافر کندیاں جنکشن پر اتر کر تقریباً تین میل پیدل چلنے کے بعد خانقاہ پہنچتے۔ خانقاہ سراجیہ کے نام سے اسٹیشن تو شاید اس وقت بن چکا تھا مگر کوئی ایک آدھ لوکل ٹرین ہی وہاں رکتی تھی۔ زائرین اس انتظار کا تکلف نہ کرتے اور اکثر پیدل ہی حاضر ہوتے۔ اسٹیشن سے خانقاہ تک ریت ہی ریت تھی۔ خانقاہ کی حدود میں پہنچ کر ایک سکون اور طمانیت دل پر چھا جاتی۔ سوائے مسجد کے ہر چیز سادہ تھی مسجد کی کرسی زمین سے بلند تھی میں نے پہلی مرتبہ یہ مسجد دیکھی تھی تو اس وقت میں یہ سمجھتا تھا کہ شاید اس سے خوب صورت مسجد دنیا میں نہیں ہے۔ اس کے بعد بہت سی خوب صورت مساجد دیکھیں مگر وہ "فرسٹ امپریشن از لاسٹ امپریشن" والی بات اب بھی ہے۔

ابو حنیفہؒ کی صداقت کی ایک زندہ دلیل :

قریب میں زیادہ آبادی نہ تھی۔ مسجد کی شمالی سمت لائبریری اور مہمان خانہ، جنوبی سمت سالکین کے چند کمرے۔ خواجہ صاحب کی رہائش بھی مہمان خانے کے پیچھے ہی تھی۔ باقی دور دور تک ریگستان دن کو لو کے تھپیڑے اور رات کو بادِ نسیم کے جھونکے ہر قسم کی رسوم و قیود و تکلفات سے آزاد فضا۔

اگر ابتدائے شباب میں یہ خانقاہ اور خواجہ خان محمد کو نہ دیکھا ہوتا تو کتابوں میں لکھے پرانے بزرگوں کے قصے محض کہانیاں اور افسانے معلوم ہوتے۔ محض دماغ کو چٹنی بنانے والوں کو امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا عشاء کے وضو سے مسلسل کئی برسوں تک

فجر کی نماز ادا کرنا بھی نقص نہیں ہوتا مگر میں بغیر کسی تحقیق کے اس کو اس لئے قابل عمل مانتا ہوں کہ میں نے خواجہ صاحب کو کم از کم ایک ماہ اپنی ان آنکھوں سے ایسا کرتے دیکھا ہے۔

خواجہ صاحب کا معمول رمضان یہ تھا کہ آپ عشاء کی نماز کیلئے تشریف لاتے تو امام کے پیچھے کھڑے ہو جاتے، چار تراویح کے بعد عموماً ۲۰ سے ۲۵ منٹ کا وقفہ ہوتا تھا۔

تمام لوگ اس وقفے میں مختلف کاموں میں مشغول ہو جاتے جبکہ خواجہ صاحب اسی طرح دو زانو حالت تشہد میں مراقب بیٹھے رہتے، پوری رات نہ لیٹتے، نہ کسی چیز سے ٹیک لگاتے، نہ چوکڑی مار کر بیٹھتے، نہ اپنی جگہ سے حرکت کرتے، مختصری سحری کے بعد پھر مسجد میں، شب بیداری کے باوجود نماز فجر عام معمول کے مطابق اسفار میں ادا کی جاتی، پھر اشراق تک خواجہ صاحب ذکر و اذکار اور مراقبے میں مشغول رہتے اور اشراق کے نوافل ادا کرنے کے بعد آرام کے لئے گھر تشریف لے جاتے۔ اپنی زندگی کے کتنے رمضان ایسے گزرے ہوں گے۔ (ن۔ب ص ۵۱۰)

حضرت خواجہ خان محمد صاحب عابد شب زندہ دار تھے ان کے زہد و تقویٰ اور عبادت و ریاضت کی وجہ سے اللہ نے ان کے اندر ایسا کمال پیدا کر دیا تھا کہ ان کی نظر کیمیا نے ہزاروں کی کایا پلٹ دی، اللہ کے باغی مطیع اور فرمانبردار بن گئے، عبادت و ریاضت اور جہد مسلسل کے واقعات سے آپ کی کتاب زندگی کے ابواب بھرے پڑے ہیں، اللہ تعالیٰ نے انہیں بصارت بھی دی تھی اور بصیرت بھی، ذوق عبادت بھی دیا تھا اور شوق جہاد بھی، وہ گوشہ تنہائی میں بیٹھ کر ساری دنیا پر نظر رکھتے تھے، آج ہم خدا

کو مانتے ہیں لیکن خدا کی نہیں مانتے، ہمارا دل جذبہ ایمان سے خالی ہے ہم اسلام کا نام لیتے ہیں، لیکن اپنے شب و روز کی زندگی میں جان بوجھ کر اسلام کے اصول و احکام کو پامال کرتے ہیں۔ جب ہم ذوق عبادت سے آشنا ہو کر اسلام پر عمل پیرا ہوئے تو ساری دنیا ہمارے قدموں کے نیچے آ گئی تھی آج ہم اس نشہ سے نا آشنا ہو کر مغربی تہذیب کی چکا چوند سے اپنی آنکھیں خیرہ کر بیٹھے ہیں تو ہمارے حصہ میں ذلت و مسکنت کے سوا کچھ نہیں، ہمارا دماغ ہے مگر سوچتا نہیں ہمارا دل ہے لیکن سمجھتا نہیں، ہماری نگاہ ہے مگر دیکھتی نہیں ...... ۔

خدا تجھے کسی طوفان سے آشنا کر دے
کہ تیری بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

☆ ☆ ☆

باب : ۶

اخلاقِ حسنہ، توکل واخلاص، عادات واطوار خندہ جبینی اور لطائف وظرائف

انسان فطرۃً مدنی الطبع ہے۔ مل جل کر رہنا اور لو اور دو کے اصول پر عمل کرتے ہوئے زندگی بسر کرتا ہے۔ اس کے ذمہ کچھ فرائض بھی ہیں اور کچھ حقوق بھی۔ اسلام انسان کو ایثار ومروت، زہد وتقویٰ، اخلاص وتوکل سے معمور زندگی کا درس دیتا ہے۔ شیخ جنید بغدادیؒ کا فرمان ہے: کوئی شخص اس وقت تک عارف نہیں کہلا سکتا جب تک کہ وہ زمین کی طرح نہ ہو جائے کہ نیک وبد، انسان وحیوان، درندے، پرندے اور چرندے اسے روندتے ہیں اور بادل کی طرح نہ ہو جائے جو ہر چیز پر سایہ کرتا ہے اور سورج کی طرح نہ ہو جائے جو ہر ذرے کو روشن کرتا ہے اور بارش کی طرح نہ ہو جائے جو ہر چیز کو سیراب کرتی ہے۔

حضرت خواجہ خان محمد صاحب شیخ جنید بغدادی کے قول کی عملی تصویر تھے۔ انہیں مخدوم نہیں خادم بننے میں خوشی ہوتی تھی۔ انہیں حقیقی راحت دوسروں کو راحت پہنچا کر ملتی تھی۔ حقیقت یہ ہے حضرت خواجہ صاحب اپنے اخلاق اور سیرت وکردار کی وجہ سے دماغوں اور دلوں کے حکمران تھے۔ اپنے فقر اختیاری کے باوصف

انہیں خلق خدا میں جو وقار و رفعت رحاصل تھا اس کا اقرار واعتراف ہر جگہ موجود ہے۔

آئیے! حضرت خواجہ صاحب کی زندگی کے نقش پائی تلاش میں اوراق کتب کی ورق گردانی کرتے ہیں:

یہ اخلاق سے گری ہوئی بات ہے:

حضرت مولانا اللہ وسایا لکھتے ہیں:

''چناب نگر کی ختم نبوت کانفرنس آئی تو مولانا حق نواز شہیدؒ کی شہادت کا ذکر کرتے ہوئے ان دنوں جناب میاں نواز شریف وزیر اعلیٰ پنجاب تھے، میں نے ان کا نام لے کر کہا: میاں صاحب! جب انگریز کے زمانے میں ہمارے اکابر آزادی کی جنگ لڑ رہے تھے تو آپ کے والد صاحب لوہا کوٹ رہے تھے۔ کانفرنس کا اجلاس ختم ہوا تو فقیر کا ہاتھ پکڑ کر حضرت خواجہ صاحبؒ مسجد کے عقب میں اپنی رہائش گاہ پر تشریف لائے اور فرمایا کہ: ''لوہا کوٹ رہے تھے'' یہ اخلاق سے گری ہوئی بات ہے، ذاتیات پر نہ جایا کریں۔ آئندہ یہ لفظ زبان پر نہ آئے فقیر نے سر جھکا لیا۔ اب اس واقعے کو تحریر کرتے وقت سوچتا ہوں کہ اب میری ان بے تکی باتوں کی کون اصلاح فرمائیں گے۔''

اصاغر نوازی کی ایک عمدہ مثال:

مولانا محمد شریف جالندھری کے وصال کے بعد مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس دفتر ختم نبوت ملتان میں منعقد ہوا۔ مولانا زاہد الراشدی نے اجلاس میں حضرت

خواجہ صاحبؒ سے درخواست کی کہ مجلس تحفظ ختم نبوت کی طرف سے مجلس عمل کے رابطہ سیکرٹری مولانا شریف جالندھری تھے اب بھی مجلس کی طرف سے مجلس عمل کو رابطہ سیکرٹری ملنا چاہیے تو اس پر حضرت خواجہ صاحب نے فرمایا: مولانا محمد شریف جالندھری ملتان میں بیمار تھے میں ان کی تیمارداری کے لئے گیا تو مولانا شریف جالندھری نے مجھے فرمایا: کہ مجلس تحفظ ختم نبوت کا ناظم اعلیٰ ہوں۔ میرے بعد یہ کام مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری کے سپرد کیا جائے اور دوسرا یہ کہ میں مرکزی مجلس عمل کا رابطہ سیکرٹری ہوں یہ کام اللہ وسایا کے سپرد کیا جائے۔ یوں مولانا زاہد الراشدی نے جو نکتہ اٹھایا تھا اس پر عمل درآمد کا مسئلہ حضرت خواجہ صاحب نے حل فرما دیا۔ لیکن قارئین! حضرت خواجہ صاحبؒ کی شفقت و برخوردار نوازی کا حال دیکھئے کہ مجلس تحفظ ختم نبوت کے ناظم اعلیٰ اور مرکزی مجلس عمل کے رابطہ سیکرٹری کا تقرر آپ کے اختیار میں تھا۔ آپ نے دونوں تقرریاں فرمائیں اور ان دونوں امور کو اپنے ایک مرحوم کارکن و رہنما مولانا محمد شریف جالندھری کی طرف منسوب فرمایا۔ یہ حضرت کی برخوردار نوازی کی اعلیٰ درجہ کی مثال ہے۔

تدبیر و حکمت:

ایک بار ایک جماعتی امر میں حضرت مولانا تاج محمود صاحب کی صحت پر منفی اثر تھا۔ خیال تھا کہ شاید آپ شوریٰ کے اجلاس ملتان میں تشریف نہ لا سکیں گے، چنانچہ حضرت خواجہ صاحبؒ نے شاہکوٹ کے جلسے سے واپسی کے بعد فیصل آباد کا سفر کیا۔ حضرت مولانا تاج محمود صاحب سے ملے تو آپ نے فرمایا کہ مولانا! اگر تو آپ نے ملتان تشریف لانا ہے تو اجلاس شوریٰ کا ملتان میں ہوگا، اگر آپ نے ملتان تشریف

نہیں لاتا تو اجلاس ہم فیصل آباد میں آپ کے مکان پر رکھیں گے۔ آپ فرمائیں کہ اب کیا کرنا ہے؟ حضرت خواجہ صاحب کے اتنا فرمانے سے مولانا تاج محمود کی طبیعت کا تکدر دور ہو گیا انہوں نے مسکرا کر فرمایا حضرت! آپ جب چاہیں ملتان میں اجلاس رکھیں میں سر کے بل حاضر ہوں گا حضرت خواجہ صاحبؒ نے اپنی حکمت عملی سے اس مسئلے کو سیکنڈوں میں حل فرمایا۔

کہتا ہوں وہی بات سمجھتا ہوں جسے حق:

رب تعالیٰ نے اللہ والوں میں ایسی روحانی طاقت رکھی ہے جس کے آگے باطل کی ہر بڑی سے بڑی مادی طاقت ہیچ ہے۔ اہل اللہ جب خلاف حق دیکھتے ہیں تو برملا بلاخوف وخطر حق بات کہہ دیتے ہیں۔ حضرت خواجہ صاحب کو بھی اللہ تعالیٰ نے ایسی ہی جرأت وحق گوئی سے نوازا تھا۔ چنانچہ محترم محمد اشفاق اللہ واجد مجددی صاحب حضرت کے متعلق لکھتے ہیں:

''میاں نواز شریف ۱۹۹۳ء میں برسر اقتدار تھے۔ علماء کرام کے بارے میں مسلم لیگی وزراء نے بڑی گندگی اچھال رکھی تھی۔ خصوصاً علمائے دیوبند کے متعلق مسلم لیگی وزراء کی زبانیں بہت کھلی ہوئی تھیں، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے آواری ہوٹل لاہور میں ایک پریس کانفرنس کا انتظام کیا تھا۔ پریس کانفرنس میں مولانا اللہ وسایا صاحب اور جمعیت علمائے اسلام کے قاری نذیر احمد بھی موجود تھے خواجہ صاحب مخدوم کی طرف سے مولانا اللہ وسایا صاحب نے بیان پڑھا۔ بیان کے بعد صحافی حضرات نے سوالات شروع کیے۔ مولانا

اللہ وسایا صاحب سے صحافی نے سوال کیا: آپ جو یہ کہہ رہے ہیں کہ فوج میں بعض جنرل قادیانی ہیں یا مرزائیوں کے پشت پناہ ہیں ان کے نام بتایئے؟ مولانا اللہ وسایا صاحب نے گھبراتے ہوئے چہرے سے حضرت خواجہ کی طرف دیکھا، آپ نے مسکراتے ہوئے کہا: میرے ایماء پر بتاؤ میں پورا ذمہ دار ہوں، تب مولانا نے کسی ناصر نامی جنرل کا نام لیا۔ جنگ اخبار کے صحافی نے حضرت خواجہ سے سوال کیا: آج کل مسلم لیگی وزراء جو علمائے کرام کے کردار کے متعلق بیان بازی کررہے ہیں، حضرت خواجہ صاحبؒ کے خیال میں کون کروا رہا ہے؟ مرشد برحق حضرت خواجہ نے جواب دیا: میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ وزیراعظم نواز شریف ہی کے ایماء پر مسلم لیگی وزراء بیانات دے رہے ہیں۔ صحافی نے پوچھا: حضور والا! ہم ایسے ہی اخبار کو خبر دے دیں؟ آپ نے فرمایا: آپ بالکل ایسا ہی لکھ دیں میں پوری ذمہ داری سے کہتا ہوں۔ (لولاک نمبر ص ۴۹)

مروّت کی وجہ سے انکار نہیں کیا جا سکتا:

شاہ کوٹ مدرسہ اشرفیہ میں حافظ محمد شفیعؒ جو منڈی شاہ کندر کے رہنے والے تھے، وہ حضرت خواجہ صاحب سے بیعت تھے اور وہ مدرسہ اشرفیہ شاہ کوٹ میں مدرس تھے۔ حضرت مولانا عبداللطیف شاہ کوٹی نے اپنے صاحبزادوں کو خانقاہ سراجیہ میں پڑھنے کے لئے بھیجا۔ ایک بار شاہ کوٹ میں مدرسہ اشرفیہ کا جلسہ تھا، ان حضرات نے حضرت خواجہ صاحب سے وعدہ لے لیا، گرمی کا موسم تھا، کندیاں سے بس کے ذریعہ

آپ شاہ کوٹ تشریف لے گئے۔ جمعہ پڑھایا، عصر تک شریک جلسہ رہے، مغرب کے قریب فیصل آباد تشریف لائے، کھانا کھایا، رات ایک بجے ماڑی انڈس ٹرین سے کندیاں کے لئے تشریف لے جانا تھا۔ عشاء کے بعد مولانا تاج محمود صاحب نے مسجد کے برآمدہ کی چھت پر چارپائیاں لگوائیں، پنکھا لگوایا۔ وہاں ایک بجے تک حضرت خواجہ صاحبؒ نے قیام فرمایا، نیند تو خیر کیا آنا تھی، خوب یاد ہے کہ ٹرین کے آنے تک مولانا تاج محمود بھی جاگتے رہے۔ حضرت خواجہؒ صاحب کو سوار کرا کر مولانا نے پھر آرام کیا، اتنی زحمت کا سفر، تکلیف دہ گرمی کا موسم، ایک قصبہ کا جلسہ، مولانا تاج محمود نے عرض کیا کہ حضرت! جلسہ والے حضرات تو ضرورت مند ہوتے ہیں، آپ اپنی صحت کا خیال فرمائیں۔ آپ سخت تھکے ہوئے تھے۔ مولانا تاج محمود نے آپ کے دل کی بات کہی تھی لیکن اس کے باوجود آپ نے اتنا فرمایا کہ بس مروت کی وجہ سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ (لولاک نمبر ص ۹۵)

اٹھو نماز کی تیاری کرو :

مولانا صاحبزادہ عزیز احمد فرماتے ہیں کہ :

خانقاہ سراجیہ پہلے والے مکان میں حضرت خواجہ صاحب کمرہ کے ساتھ میرا کمرہ تھا۔ اس زمانہ میں گھر پر گریزر نہ تھا، فجر سے قبل ڈبے میں پانی گرم کرتے، ہر روز حضرت خواجہ صاحب پانی کے دو لوٹے میرے لئے بھی گرم کرتے۔ ایک طہارت کیلئے ایک وضو کے لئے پھر مجھے جگاتے کہ عزیز احمد! پانی گرم تیار ہے، اٹھو نماز کی تیاری کرو۔ بحیثیت باپ کے اولاد پر آپ کی شفقتوں کی یہ بارش تھی۔

تیمارداری :

مولانا صاحبزادہ عزیز احمد فرماتے ہیں کہ :

۱۹۶۸ء میں مجھے شدید ٹائیفائڈ کا اٹیک ہوا جس کے اثرات تین ماہ تک رہے۔ حضرت والد صاحب برابر تین ماہ ہر روز میری عیادت فرماتے اور مجھے گردن دسرے لے کر پاؤں تک دباتے۔ بحیثیت باپ کے شفقتوں ومحبت کی موسلا دھار بارش کا یہ انداز تھا۔

ناراض نہیں ہوا کرتے :

مولانا صاحبزادہ عزیز احمد فرماتے ہیں کہ :

ایک بار عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مجلس شوریٰ کا اجلاس رکھنا تھا۔ میرا اصرار تھا کہ اجلاس خانقاہ شریف ہوجائے، آپ کی صحت متحمل نہیں، آپ لمبا سفر نہ کریں۔ لیکن حضرت والد صاحب کا اصرار تھا کہ مجھے ملتان جانے میں تھوڑی بہت وقت ہوگی۔ خیر ہے مہمان اتنا لمبا سفر کر کے خانقاہ تشریف لائیں؟ تو مجھے ملتان چلے جانا چاہیے۔ میرے اصرار کے باوجود حضرت خواجہ صاحب نے موڈ بنالیا۔ میں نے منہ بسورا، کپڑا تان کر حضرت والد صاحب کے کمرہ کے ایک کونہ میں لیٹ گیا۔ نماز کا ٹائم ہوا حضرت والد صاحب نماز کے لئے تشریف لے گئے، آپ کے جانے کے بعد میں بھی گیا، نماز پڑھی، آپ کو مسجد سے گھر لے کر حاضر ہوا، کافی دیر کمرہ میں گم صم موڈ بنائے بیٹھا رہا۔ کافی دیر کے بعد جب گھر جانے کے لئے اجازت چاہی تو مصافحہ کے لئے میرے دونوں ہاتھ اپنے مبارک ہاتھوں میں لئے، فرمایا: کہ ”ناراض نہیں ہوا کرتے“۔ اس بات سے میں پانی پانی ہوگیا، کلفت جاتی رہی۔ آج حضرت والد

صاحب کی ان شفقتوں کو یاد کرتے ہیں تو دل ڈوب جاتا ہے۔

سلیقے کی زندگی :

مولانا صاحبزادہ عزیز احمد نے ایک (کئی رنگ) جاپانی کا چھلہ دکھایا جو ٹوٹا ہوا تھا۔ فرمایا کہ حضرت والد صاحب کی چابیاں عمر بھر اس چھلہ میں رہیں۔ آخری چند سالوں کی بات ہے۔ وہ چابیاں صاحبزادہ نجیب احمد کو الماری کھولنے کے لئے عنایت کیں۔ الماری کا تالا جب بند کیا تو چھلہ سے نجیب کھیلنے لگ گئے مروڑ دیا تو اس سے وہ ٹوٹ گیا۔ حضرت والد صاحب نے فرمایا کہ بھیرہ طالب علمی کے زمانہ میں چابیوں کا یہ چھلہ خریدا تھا۔ قریباً ستر بہتر سال آپ کے پاس رہا۔ اس سے سمجھ میں آ سکتا ہے کہ آپ نے کس طرح قرینہ و سلیقہ سے زندگی گزاری (وہ ٹوٹا ہوا چھلہ آپ نے پھر الماری میں رکھ دیا۔ اب وفات کے بعد محترم صاحبزادہ عزیز احمد نے وہ سنبھال لیا ہے)

طلباء پر شفقت :

مولانا محمود حسن مبلغ عالمی مجلس لندن نے بتایا کہ

حضرت خواجہ صاحب مدرسہ کے طالب علموں پر بہت شفیق تھے۔ عصر کے بعد طالب علم گیند کھیلتے۔ اگر وہ حضرت خواجہ صاحب کے سامنے آ کر گر جاتی کہ پاؤں یا جھولی میں گرتی تب بھی آپ ناراض نہ ہوتے۔ بلکہ خندہ پیشانی سے طالب علموں کو واپس فرما دیتے۔ ایک بار میانوالی کے نیازی طالب علم عبید اللہ نے دوسرے تاجک طالب علم فاروق سے مذاق کیا کہ اس پر چاقو تان کر اس کو مرعوب کرنا چاہا۔ تاجک طالب علم نے شوخی میں انگڑائی لی تو اس کے کندھوں کے درمیان پورے چاقو کا پھل چلا گیا۔

مشکل سے نکالا۔ خون کے فوارے جاری ہو گئے۔ مولانا صاحبزادہ خلیل احمد نے فاروق کو نیچے اور میانوالی ہسپتال لے گئے۔ اتنے میں حضرت خواجہ صاحب گھر سے تشریف لائے تو بہت سارے ساتھیوں نے شکوہ کیا کہ چاقو مارا، وہ لہولہان ہو گیا، کپڑے خون سے رنگین ہو گئے، خون بند نہ ہوتا تھا، اس حالت میں ہسپتال لے کر گئے ہیں۔ اب خیال تھا کہ اس واقعہ پر حضرت خواجہ صاحب کا کتنا شدید ردعمل ہوتا ہے؟ اب شکایتیوں نے جب شکایات کے انبار ختم کیے تو آپ نے صرف اتنا فرمایا کہ کیا ہوا؟ گھر میں بچوں کی لڑائی نہیں ہوا کرتی؟ طلباء پر شفقت کا یہ عالم تھا جس کی ادنیٰ مثال یہ واقعہ ہے۔

میٹھی چائے پلانے والے ہاتھوں سے

نمک بھری چائے بھی پی لی:

محترم صاحبزادہ سعید احمد نے بتایا کہ پشاور ختم نبوت کانفرنس کے موقع پر حاجی محمد شریف کے ہاں قیام تھا۔ حضرت خواجہ صاحب نے چائے نوش کرنی تھی۔ میں باورچی خانہ میں گیا۔ دیکھا کہ خوبصورت نفیس مرتبان میں چینی رکھی تھی۔ میں نے بھرپور چائے بنائی، دسترخوان پر لا کر رکھی۔ حضرت خواجہ صاحب کے کپ میں تین چمچ ڈال کے چائے بنائی پیش کر دی۔ آپ نے نوش فرمانا شروع کر دی۔ باقی متعلقین کی اجازت و خواہش سے کسی کے کپ میں ایک چمچ کسی کے کپ میں دو چمچ۔ آخر میں ایک کپ اپنے لئے بنایا تو اس میں بھی ایک چمچ ڈالا۔ چائے بنائی اور بڑے مزے سے گھونٹ لیا تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی جسے میں چینی سمجھ کر اٹھا لایا تھا وہ تو نمک ہے۔ تب میں نے عرض کی کہ حضرت! یہ کیا ہوا؟ آپ تمام حضرات میں سے کوئی بھی نہیں بولا؟ اور اتنی تیز

نمک کی چائے بن گئی۔ حضرت خواجہ صاحب نے فرمایا کہ تمہارے ہاتھوں سے میٹھی چائے ملتی تھی، پی لیتے تھے آج نمکین ملی تو وہ بھی پی لی، بولنے کی ضرورت اس لئے نہ تھی کہ آخر آپ نے اپنے لئے بنائی ہے، جب پئیں گے تو ہمارے بولے بغیر آپ کو احساس ہو جائے گا تو جو بن بولے کام ہو جاتا ہے، اس پر بولنے کا کیا فائدہ؟ صاحبزادہ فرماتے ہیں کہ میں نے تمام کپ واپس لیے، نئی چائے بنائی اور اسی طرح کا دوسرا مرتبان جس میں چینی تھی، چھوکر دوسرے لایا اور دوبارہ سب کو چائے پلائی۔

کنواں پیاسے کے پاس آ گیا:

مولانا صاحبزادہ عزیز احمد فرماتے ہیں کہ: مولانا سید حافظ ابوذر بخاری ملتان گھر پر زیر علاج تھے۔ حضرت خواجہ صاحب عیادت کے لئے تشریف لے گئے تو ابن امیر شریعت سید ابوذر بخاری پر گریہ کی کیفیت طاری ہو گئی اور فرمایا کہ میں خانقاہ شریف آنے کے لئے بے قرار تھا ساتھیوں سے عرض کیا کہ خود کنواں پیاسے کے پاس آ گیا۔ خیر ادھر ادھر کی باتیں ہوتی رہیں تو حافظ سید ابوذر بخاری کی طبیعت میں بشاشت آ گئی۔ چائے آئی، حضرت خواجہ صاحب سمیت سب مہمانوں نے چائے پی۔ اب حضرت خواجہ صاحبؒ سے اجازت چاہی تو حافظ سید ابوذر بخاری نے فرمایا کہ حضرت سو روپیہ کا لال لال نوٹ عنایت فرما دیں۔ حضرت خواجہ صاحب نے جیب میں ہاتھ ڈالا اور حضرت حافظ سید ابوذر بخاری کو سو روپیہ کا نوٹ تھما دیا۔ تو اس پر حافظ سید ابوذر بخاری نے فرمایا کہ میں اپنے اباجی (حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ) سے بھی ایسے ہی پیسے مانگا کرتا تھا۔ ان کی اس اپنائیت ومحبت بھری گفتگو پر پوری مجلس سراپا رقت بن گئی۔

زمزم کا گرم پانی :

مولانا محمد تحسین فرماتے ہیں کہ :

حرم شریف میں ترکی برآمدے میں تین بجے قبلہ حضرت مراقب تھے۔ کچھ دیر بعد آپ نے مراقبہ سے سر اٹھایا تو میں نے بڑھ کر گزارش کی کہ پانی نوش فرمائیں گے؟ آپ نے اثبات میں اشارہ کیا، میں جلدی میں اٹھا اور تعمیل ارشاد کا ایسا مجھ پر غلبہ تھا کہ زمزم کا پانی لیتے ہوئے ٹھنڈے کولر کے بجائے گرم کولر سے گلاس بھر کے لے آیا۔ آپ نے نوش جان فرمایا۔ آخری چند گھونٹ مجھے بھی عنایت فرمائے۔ میں نے وہ پئے تو وہ گرم زمزم تھا، ندامت سے میں واپس گیا اور ٹھنڈا زمزم لے کر آیا اور پیش کیا۔ آپ نے وہ بھی نوش فرمایا، اس کے بعد آخری چند گھونٹ مجھے عنایت فرمائے۔

تواضع نے مخدوم جہان بنا دیا :

حضرت خواجہ صاحب میں حد درجہ تواضع اور انکساری تھی، اس قدر عالی مرتبت ہونے کے باوجود آپ کسی بھی اشارے کنائے سے بھی اپنی بڑائی اور بزرگی کا اظہار نہیں ہونے دیتے تھے لیکن اسی تواضع نے آپ کو مخدوم جہان بنا دیا۔ آپ میں مروت بھی حد درجہ کی تھی، چھوٹے سے چھوٹے لوگوں کا بہت زیادہ خیال رکھا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ کراچی تشریف لائے تھے۔ مفتی محمد جمیل خان شہید اس وقت حیات تھے۔ ملنے والوں اور زیارت کرنے والوں کا ہر وقت ہجوم رہتا، رات گئے دیر تک لوگ بیٹھے رہتے اور حضرت بھی مروت میں تشریف فرما رہتے۔ ایک مرتبہ مفتی محمد جمیل خان شہید نے فرمایا۔ اور اس وقت رات کے ساڑھے بارہ بجے کا وقت تھا کہ حضرت!

آرام فرمائیں، تو حضرت نے فرمایا کہ آرام کے لئے کیسے اٹھوں یہ لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ بڑی مشکل سے حاضرین کو مفتی محمد جمیل خان شہیدؒ نے اٹھایا کہ چلو آؤ، اب حضرت کو آرام کرنے دو۔ کیونکہ حضرت کی مجلس سے اٹھنے کیلئے کسی کا دل نہیں چاہتا تو اور یہی مروت تھی کہ جو حضرات حضرت خواجہ صاحبؒ اور حضرت کی جماعت کے مخالف ومقابل ہوتے اور وہ حضرت سے اپنے یہاں آنے کی درخواست کرتے تو حضرت کبھی انہیں منع نہ فرماتے بلکہ ان کے یہاں تشریف لے جاتے۔

(لولاک نمبر ص۔ [illegible])

وعدے کی پابندی:

مولانا سید کفیل بخاری راوی ہیں:

ایک دو مرتبہ حرم شریف سے آپ کی رہائش گاہ تک ساتھ جانے کا بھی اتفاق ہوا۔ حضرت حافظ محمد عابد صاحب بھی ساتھ تھے۔ حافظ صاحب عجیب آدمی تھے، فنا فی الشیخ تھے، حضرت کو پھولوں کی طرح اٹھائے پھرتے، کبھی حضرت کی طبیعت ناساز ہوتی تو ان کی جان پر بن جاتی۔ حافظ صاحب صحیح معنوں میں حضرت کے مزاج شناس تھے۔ ایک مرتبہ میں نے ان سے عرض کیا کہ چناب نگر میں مجلس احرار کی سالانہ ختم نبوت کانفرنس کے لئے حضرت سے وقت طے کرنا ہے۔ فرمانے لگے: فوراً جا کر نئے سال کی ڈائری خرید لاؤ اور جلسے کی تاریخ والے صفحے پر ختم نبوت کانفرنس چناب نگر لکھ کر حضرت کو وہی صفحہ کھول کر پیش کر دو۔ میں نے ایسے ہی کیا۔ حضرت نے مسکرا کر میری طرف دیکھا اور فرمایا: ان شاء اللہ ضرور شرکت کروں گا، جب وعدہ فرما لیتے تو اسے بہر صورت پورا فرماتے۔ ایک مرتبہ ملتان دفتر تحفظ ختم نبوت میں سلام عرض کرنے

فرمایا: کہ "تم لوگ اپنے جمعہ کے اجتماعات تو چھوڑ نہیں سکتے تحریک کیسے چلاؤ گے"؟ حضرت کا یہ فرمانا تھا کہ سب لوگ خاموش ہو گئے۔ (روزنامہ جنگ لاہور ص ۳۰۱)

ہم نے ان کا ایک دن دینا ہے:

حاجی محمد یعقوب لکھتے ہیں:

"ایک مرتبہ حضرت خواجہ صاحبؒ نے خانقاہ شریف سے اسلام آباد کا سفر صرف اس لئے کیا کہ راجہ ظفر الحق صاحب کی انتخابی مہم میں ان کی مدد کی جائے، اسلام آباد سے علماء کرام کی پوری ویگن بھر کر انتخابی مہم کے لئے کہوٹہ اور مری کے علاقوں میں حضرت تشریف لے گئے، ویگن میں لال مسجد کے خطیب حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحبؒ شہید، بلال مسجد کے خطیب حضرت مولانا غلام حیدر صاحب، مسجد دارالسلام کے خطیب حضرت مولانا نور محمد صاحب، مجلس تحفظ ختم نبوت اسلام آباد کے مبلغ حضرت مولانا عبدالرؤف صاحب شریک تھے۔ انتخابی حلقے میں جگہ جگہ تشریف لے گئے، بگھار شریف میں صاحبزادہ محمد یعقوب صاحب نے کھانا پیش کیا، جو خانقاہ موسیٰ زئی شریف کے سلسلے سے ہیں۔ ڈاکٹر ساجد الرحمٰن اسلامی یونیورسٹی والوں کے والد صاحب ہیں۔ وہاں حضرت اعلیٰ کے ایک خلیفہ کا مزار شریف بھی ہے، دوران سفر مولانا محمد عبداللہ صاحب اور مولانا غلام حیدر صاحب نے اپنے حج کا وہ سفر بھی سنایا جس میں ان کی ویگن برفانی تودے میں دب گئی، تمام حضرات نے

قبر میں داخلے کی دعائیں پڑھ لیں، رات بھر برف میں دبے رہے،
دن چڑھے جب سڑک صاف کرنے کے لئے بلڈوزر آیا تو ہم نکلے۔ میں نے موقع پا کر حضرت خواجہ صاحبؒ سے عرض کیا کہ حضرت! راجہ ظفر الحق تو آپ کی ملاقات کے لئے نہیں آئے جبکہ آپ میانوالی سے یہاں اس کی انتخابی مہم کے لئے تشریف لائے ہیں؟ حضرت نے فرمایا: ہمیں راجہ صاحب ملیں یا نہ ملیں، ہم نے ان کا ایک دن دینا ہے جس کے لئے ہم یہاں آئے ہیں، محمد اسلم قریشی کے کیس میں جب مجلس تحفظ ختم نبوت نے وکیل کرنا تھا تو کوئی وکیل پیسے لے کر بھی وکالت کرنے کو تیار نہیں تھا جبکہ راجہ صاحب نے مفت وکالت کی تھی۔ اس کا بدلہ دینے کے لئے ہم یہاں حاضر ہوئے ہیں" میں نے چپکے سے ساتھیوں کو بتایا کہ راجہ صاحب الیکشن میں ہار جائیں گے، انہوں نے پوچھا: کیوں؟ میں نے کہا کہ ہمارے حضرت کے دعاؤں میں اتنا اخفاء اور سرہوتا ہے کہ وہ کسی کامیابی کا سہرا اپنے سر نہیں لینا چاہتے۔ ہوا بھی یہی کہ راجہ صاحب الیکشن میں ہار گئے لیکن اللہ کا کرنا یہ ہوا کہ مسلم لیگ کا جنرل سیکرٹری بنا دیا گیا۔ راجہ صاحب کے مدمقابل خاقان عباسی تھے جو مال کے بل بوتے پر الیکشن جیتے تھے، انہوں نے جنرل ضیاء الحق سے شکایت کی کہ میں جیت گیا تھا پھر بھی میری کار پر ایک جھنڈا ابھی نہیں لگا، مگر راجہ صاحب ہار گئے تھے تو ان کی کار پر دو جھنڈے لگے

"سے توں تھوں آ یا ہیا کانیا" اس پر تمام پنڈال گونج اٹھا"۔

جب طبیعت فریش ہوگئی تو مولانا نے حضرت خواجہ صاحب سے پوچھا کہ:

"چاہے دیوبندیوں والی پیو گے یا بریلویوں والی" حضرت نے پوچھا اس میں کیا فرق ہے؟

تو مولانا نے کہا کہ: "دیوبندیوں کی چائے فقط چائے کی پیالی آ جائے گی اور بریلویوں والی

چائے کے ساتھ مٹھائیوں کی پلیٹیں بھی ہوتی چلی آئیں گی" گویا مولانا کا خطاب بھی ہلکی

مذاق سے بھرا ہوتا تھا۔

اجواؤں میرے بھانڈے وکھرے کردیے ہو:

مکہ مکرمہ میں صاحبزادہ محمد عابد صاحب اور راقم الحروف کھانے پکانے کی

چیزیں خریدنے گئے، ہمیں ایک چائے کا مگ نظر آیا جس پر ربڑ کا ڈھکنا تھا اور مگ

خوبصورت تھی۔ صاحبزادہ صاحب نے فرمایا: یہ مگا تو صرف حضرت کے لئے لے لیتے

ہیں وہ اس میں چائے پئیں ہم خوشی خوشی مگا لے کر مکان پر گئے اور حضرت کی خوشنودی

حاصل کرنے کے لئے عرض کیا کہ حضرت! یہ مگا خاص آپ کے لئے ہے کوئی اور

اسے استعمال نہیں کرے گا، حضرت نے فرمایا: "اجواؤں میرے بھانڈے وکھرے

کردیے ہو"۔ (ابھی سے میرے برتن علیحدہ کردیے ہو) یہ سن کر ہمارے اوپر اوس پڑ

گئی۔

والد بچپن میں فوت ہوگیا تھا:

حضرت خواجہ صاحب نے ایک دفعہ لطیفہ سنایا۔ پٹھان سیدھے سادے

مسلمان ہوتے ہیں اور ان کے لطیفے بہت مشہور ہوتے ہیں ایک ساتھی نے پٹھان کا

لطیفہ سنایا کہ وہ قبرستان میں بیٹھا نشہ پی رہا تھا تو اچانک پولیس کا سپاہی ادھر آ نکلا، سپاہی کو دیکھ کر پٹھان نے چیزیں ایک طرف سنبھال دیں اور ایک قبر پر پڑھنے لگ گیا سپاہی نے پوچھا: کیا کر رہے ہو؟ پٹھان نے جواب دیا کہ والد صاحب کی قبر پر ایصال ثواب کر رہا ہوں۔ تو سپاہی نے کہا: یہ قبر تو کسی بچے کی ہے! پٹھان نے جواب دیا کہ وہ بچپن میں فوت ہو گیا تھا۔

عجیب لطیفہ :

اسی طرح ہمارے حضرت خواجہ صاحبؒ نے فرمایا کہ ایک پٹھان کے گھر پیر صاحب تشریف لائے، پٹھان نے اپنے دوست احباب کو بلا رکھا تھا جب پیر صاحب بیٹھ گئے تو پٹھان نے تعارف کرانا شروع کیا کہ ہمارا پیر صاحب پانی پر چلتا ہے، ہوا میں اڑتا ہے، اولاد دیتا ہے، صحت اور بیماری دیتا ہے۔ پیر صاحب برابر تردید کر رہے تھے کہ نہیں میں ایسا نہیں، ویسا نہیں۔ یہ آدمی غلط بات کر رہا ہے، پٹھان نے کہا کہ :

" حرامزادہ کسر نفسی کی کندہ ۔ لے خدا است "

سالن میں مرچ ذرا تیز کی :

ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک حضرت خواجہ صاحبؒ گزشتہ ۱۴ سال سے ہمارے غریب خانے پر تشریف لاتے، ایک یا دو تین دن قیام فرماتے، بعض مہینوں میں دو تین بار بھی تشریف لاتے۔ ایک دن مجھے قریب بٹھا کر فرماتے ہیں: حاجی صاحب! انہیں بھگانا چاہتے ہو؟ میں نے پوچھا: کیوں حضرت! فرمایا: بھگانا چاہتے تو سالن میں مرچیں تیز کر دیتے۔ مجھے بھی بھگانا ہی کیا پھر بھی مرچ زیادہ نہ ہوئی۔

حرم کی موت عطا فرما:

حضرت خواجہ صاحبؒ نے ایک حاجی صاحب کا واقعہ سنایا: ”کہ حج سے فارغ ہوئے تو دعا کرنے لگے: یا اللہ! ہمارے ہاں کوئی آدمی غلط کام کرتا ہے تو اس کے کپڑے اتار لیے جاتے ہیں تو نے ہمارے کپڑے اتار دیے ہیں، ہمیں احرام پہنایا، پھر اس مجرم کا سر مونڈ دیا جاتا ہے تو نے ہمارا سر منڈوا دیا۔ پھر اس کو گدھے پر بٹھایا جاتا ہے تو نے ہمیں گدھے پر بٹھا کر منیٰ، عرفات کا سفر کرایا ہے۔ پھر اس کا منہ کالا کر دیا جاتا ہے یا اللہ! مہربانی فرمانا ہمارا منہ کالا نہ کرنا، اس عذاب سے بچانا، یا اللہ! تیری رضامندی کے لئے ہم نے تمام کام کئے اب اتنی مہربانی فرما کہ مجھے یہاں حرم کی موت عطا فرما۔ ابھی اس کے لفظ ختم نہیں ہوئے کہ سخت بخار چڑھ گیا، کہنے لگا: یا اللہ! مجھے کیا پتہ آپ میری دعا قبول کرنے کے انتظار میں بیٹھے تھے، مہربانی فرما کر مجھے صحت عافیت سے اپنے بچوں تک پہنچا۔ حضرت خوب تبسم فرما رہے تھے۔

آج مزہ آ ہی گیا:

ایک مرتبہ مسجد نبوی ﷺ میں جمعہ کی نماز کے لئے میں اکیلا حضرت خواجہ صاحبؒ کے ساتھ تھا، ان دنوں مسجد کی توسیع ہو رہی تھی اور باب مجیدی کی طرف سے ہم مسجد میں تقریباً گیارہ بجے داخل ہوئے جگہ جگہ تعمیری سامان کی وجہ سے جگہ تنگ تھی، حجاج کا اتنا ہجوم تھا کہ دروازے سے داخل ہونے کے بعد چند منٹ میں ایک گھنٹے میں عبور کیں۔ ایک مقام پر تھوڑی سی جگہ ملی تو حضرت کو عرض کیا کہ آپ یہاں تشریف رکھیں، میں اپنے لئے جگہ ڈھونڈتا ہوں، کچھ دور مجھے بھی جگہ مل گئی اور نماز جمعہ ادا کی، نماز کے بعد میں حضرت کی خدمت میں پہنچا اور پوچھا کہ حضرت! کیا حال ہے؟ فرمایا: ”آج

مزہ ای آگیا"، پھر فرمایا کہ "آج مزہ ای آگیا" میں نے پوچھا: وہ کیسے؟ حضرت نے فرمایا: حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کے جسم پر کسی ساتھی نے دیکھا کہ کندھوں کے اوپر اچانک زخم ہو گیا ہے اور خون نکل آیا ہے، ساتھیوں نے پوچھا: یہ کیا ہوا؟ فرمایا: (حضرت مولانا) محمد قاسم (نانوتوی) اور (حضرت مولانا) رشید احمد (گنگوہی) بحری جہاز پر حج کے لئے جا رہے تھے کہ اچانک طوفان نے آگھیرا اور جہاز ڈوبنے لگا تو اس کو کندھا دینا پڑا اس سے زخم ہو گیا، ساتھی ہوشیار تھا، اس نے تاریخ اور وقت نوٹ کر کے رکھ لیا، جب دونوں حضرات مدینہ شریف پہنچے تو ساتھیوں نے مقررہ تاریخ کا واقعہ پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ ہمارا جہاز سفر میں رواں دواں تھا لوگ باتوں میں لگے ہوئے تھے اور شور کا سماں تھا، جونہی طوفان آیا اور جہاز ڈوبنے لگا تو تمام لوگ غفلت سے نکلے اور "اللہ تو، اللہ تو" کرنے لگ گئے، دعاؤں میں مصروف ہو گئے، تو اللہ تعالیٰ نے کرم فرمایا جہاز بچ گیا، حجاج بچ گئے، جہاز میں ایک مجذوب بھی سوار تھا، زور زور سے کہنے لگا: "آج مزہ ای آگیا" "آج مزہ ای آگیا" لوگ واہی تباہی باتیں کر رہے تھے ایک جھٹکا لگا سب کے سب اللہ تو، اللہ تو کرنے لگ گئے۔

اس طرح کا کھانا ہر مہینے ہونا چاہیے:

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا اجلاس جامع مسجد شیرانوالہ گیٹ کے ساتھ حضرت لاہوری کی بیٹھک میں ہوا اس میں حضرت مولانا عبید اللہ انور صاحب میزبان تھے اور ہمارے حضرت کے علاوہ حضرت مولانا عبدالستار نیازی، علامہ علی غضنفر (ع غ کراروی) علامہ احسان الٰہی ظہیر اور کافی بزرگ تھے، کھانے میں راقم الحروف بھی شامل تھا، خوب مزے مزے سے کھانا کھا رہے تھے کہ علامہ احسان الٰہی ظہیر نے

حضرت کو مخاطب کر کے کہا: کہ حضرت! اس طرح کا کھانا مل بیٹھ کر کھانا چاہیے۔ حضرت نے پوچھا کیوں؟ تو علامہ نے جواب دیا کہ جب اس طرح اکٹھے بیٹھ کر کھانا کھا لیتے ہیں تو پھر وہ بیٹھ کر ایک دوسرے کے خلاف بولنے کو جی نہیں چاہتا۔ حضرت یہ بات سن کر بہت محظوظ ہوئے ہنستا مسکاتی خوب تھے۔

چائے کی دعوت:

راولپنڈی میں حضرت مولانا سید عبدالمجید ندیم شاہ صاحب مدظلہ کی مسجد میں حضرت خواجہ صاحب اور حضرت ندیم شاہ صاحب تشریف فرما تھے، چائے پی رہے تھے میں نے حضرت سے عرض کیا کہ حضرت! آپ نے پہلی دفعہ کب چائے پی تھی؟ حضرت نے فرمایا کہ میں نے تو جب سے آنکھ کھولی ہے گھر میں چائے موجود تھی۔ حضرت ندیم شاہ سے پوچھا تو انہوں نے عجیب واقعہ سنایا کہ جب ہمارے گھر میں پہلی دفعہ چائے بنی تو میں ایک پیالہ لے کر والد صاحب کے پاس گیا اور کہا کہ یہ پی لیں۔ انہوں نے پوچھا یہ کیا چیز ہے؟ میں نے کہا کہ چائے ہے، میٹھی ہے، گرم ہے تو کان اتار دیتی ہے آپ پی لیں۔ انہوں نے فرمایا اگر یہ چیز اچھی ہے تو میں نہیں پیتا۔ میں نے عرض کیا ایک چھوٹا سا گھونٹ تو پی لیں میں نے چھوٹے چھوٹے گھونٹ بھرتے بھرتے پیالہ ختم کر دیا۔ دوسرے روز بھی اسی وقت کہہ کر کے پیالہ پی لیا اور تیسرے دن بھی اسی وقت پیالہ پیش کیا گیا تو پی لیا۔ اگلے دن کسی وجہ سے چائے لانے میں دیر ہو گئی جب میں کچھ دیر کے بعد چائے کا پیالہ لایا تو ابا جی نے پیالہ پکڑا اور چادر پرے سے مار دی فرمایا: بڑی دیر سے چائے کے انتظار میں بیٹھا ہوں کوئی آتا ہے میں سمجھتا ہوں عبدالمجید آ رہا ہے گدھا آیا میں نے سمجھا عبدالمجید چائے لا رہا ہے، کتا آیا میں نے سمجھا عبدالمجید

چائے لا رہا ہے مولانا تو واقعہ سنا رہے تھے اور حضرت مسکرا رہے تھے۔

سفر میں خدام کا خیال رکھتے :

جب بھی ریل یا بس میں ہوتے تو اصرار فرما کر کھانا منگواتے تاکہ ساتھی بھوکے نہ رہ جائیں۔ جب چائے راستے میں پینی پڑتی تو بسکٹ چھوڑے وغیرہ ضرور منگواتے تاکہ ساتھیوں کی تواضع ہو جائے۔ خانقاہ شریف میں بابو جی والے ہوتے تھے وہ عصر کے وقت خصوصی مصالحوں والی چاٹ بنا کر حضرت کو پیش کرتے۔ حضرت اکیلے تو کھاتے نہیں تھے ہمیں بھی کھلاتے۔ بابو صاحب نہیں کھا رہے تھے میں نے پوچھا: بابو صاحب! آپ کیوں نہیں کھا رہے ہیں؟ تو کہنے لگے: مرغ جو ہوتا ہے وہ مرغیوں کو کھلاتا ہے خود نہیں کھاتا۔ حضرت بہت ہنسے۔

مولانا ضیاء القاسمی کی دعوت :

۱۹۸۴ء کی تحریک ختم نبوت میں ایک بار مجلس عمل کا اجلاس حضرت مولانا محمد ضیاء القاسمی کی رہائش گاہ پر رکھا گیا۔ مولانا مرحوم بہت کھلے دل تھے۔ آپ نے پر تکلف دعوت کا اہتمام کیا تو حضرت خواجہ صاحب نے فرمایا کہ حضرت تھانوی فرماتے تھے کہ: جب کوئی عالم دین، کسی عالم دین کی دعوت کرتا ہے تو آسمان پر ایک فرشتہ نقارہ بجاتا ہے۔ باقی فرشتے پوچھتے ہیں کیا انہونی ہوئی؟ تو وہ کہتا ہے کہ ایک عالم نے دوسرے عالم کی دعوت کی ہے۔ اس کے بعد فرمایا کہ آج محمد ضیاء القاسمی کی دعوت پر تو کئی فرشتوں نے نقارے بجائے ہوں گے۔ اس خوش مزاجی میں آپ نے ان کے دستر خوان کی وسعت بیان کر کے مجلس کو بھی زعفران کر دیا۔

تر ے تعویذ تے ناں رکھیں :

مولانا صاحبزادہ عزیز احمد فرماتے ہیں کہ: ایک بار کندیاں کا ایک دیہاتی آیا، اپنی شادی کی داستان سنائی، اولاد کے نہ ہونے کا تذکرہ کر کے اولاد ہونے کے لئے تعویذ مانگا، آپ نے تعویذ دے دیا اور اس دیہاتی کا ہاتھ پکڑ کر مسکراتے ہوئے فرمایا:

"تر ے تعویذ تے ناں رکھیں" فقط تعویذ پر ہی انحصار نہ کرنا"۔

(ص:۲۲۳، ۲۲۶)

حضرت خواجہ صاحب ایک عہد، ایک انجمن اور ایک تاریخ تھے، وہ ایک فقیر اور درویش خدامست تھے، کبھی کبھی مجمع کو ہنساتے تو کبھی رلاتے بھی۔ مغربی میڈیا اور اس کے حواری یہ پروپیگنڈہ کرتے تھکتے نہیں کہ یہ مولوی عالم، پیر حضرات اور صوفی منش متشدد ہیں، متفرد پسند ہیں، خشک مزاج ہیں، زاہدان تنگ نظر ہیں، غضبناک ہیں اور نہ معلوم کیا کچھ باتیں سننے کو ملتی ہیں۔ یہ درحقیقت ان لوگوں کی کم ظرفی اور تنگ ذہنی ہے کہ تصلب دینی کو تشدد اور حق گوئی کو تفرد پسندی اور یاوہ گوئی سے احتراز کو خشک مزاجی کا نام دیتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دنیا ان مجاہدین، علماء، صلحاء اور صوفیاء کے دم قدم سے آباد ہے۔ اور ان شاء اللہ آباد رہے گی۔

☆ ☆ ☆

باب : ۷

احسان وتصوف' تزکیۂ قلوب' مقامِ تصوف' اکابر کا اعتماد اور عوام الناس کی گرویدگی

محمد عربی ﷺ کی ذات عالی کو اللہ تعالیٰ نے مزکی اور سراج منیر بنا کر بھیجا تھا، آپ ﷺ کی صحبت دلوں کو نکھارتی، رذائل سے پاک اور فضائل سے آراستہ کرتی تھی۔ اس روشن چراغ سے دل ہدایت ربانی سے روشن، تعلق الٰہی سے منور اور یادِ حق سے سرشار ہو جاتے تھے۔ دنیا کی محبت نکل کر رگ و پے میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی محبت سما جاتی تھی، آپ کی تاثیر سے ایمان ویقین اور اخلاص واحتساب کی وہ دولت ہاتھ آتی جس کے سامنے ہفت اقلیم کی بادشاہی گرد معلوم ہوتی تھی۔ عظمت الٰہیہ کے سامنے نفس امارہ کے تمام جذبات دب جاتے تھے اور خشیت الٰہی حال بن جاتا تھا اور امر الٰہیہ سے فطری مناسبت ہو جاتی اور دین عین طبیعت ثانیہ بن جاتا، رضائے حق مقصود ہوتی اور اسوۂ نبویہ ﷺ کا اتباع زندگی کا مقصد۔ محمد عربی ﷺ کی اس صفت کو "تزکیہ" کہتے ہیں اور یہ صفت ختم نبوت کی برکت سے باقی صفات نبوت اور دین متین کی طرح اس آخری امت میں نسل در نسل منتقل ہوتی چلی آئی ہے۔ محمد عربی ﷺ نے تیرہ سال

تک مکہ مکرمہ کے دارارقم میں اور پھر ہجرت کے بعد صفہ میں انسانوں کی ایک ایسی
جماعت تیار کی جس کا ہر فرد دین کا سپاہی اور جانباز مجاہد تھا۔ لوگ جب جماعت صحابہ
کو اتباع پیغمبر میں شب بیداری اور یاد خدا میں مشغول دیکھتے تو انہیں زاہد کہتے، جب
ان کے جسموں پر اون کا کھردرا لباس دیکھتے تو صوفی کہتے، جب میدان جہاد میں ان
کی بہادری اور بے جگری دیکھتے تو مجاہد کہتے۔ یہی وہ صحابہ تھے جن کیلئے باللیل رھبان
و بالنہار فرسان (راتوں کو راہب اور دن کو شہسوار) بولا جاتا تھا۔ یہی لوگ تھے جو علوم
نبوت کے وارث، فقر نبوت کے امین اور اشاعت دین کے علمبردار تھے انہیں
کو صوفی، اہل طریقت اور اصحاب تصوف کہا جاتا تھا۔ قرآن کریم اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
ہی ان کا نصاب تعلیم و تربیت تھا۔ یہی ان کا ضابطہ حیات تھا۔

اچھی روایات اور اچھی روش ہمیشہ غلط لوگوں کے ہاتھوں بری رسم اور برے
طریقوں سے بدل جایا کرتی ہے۔ تصوف کے ساتھ بھی یہی کچھ ہوا، علم کی جگہ جہالت
نے لے لی اور عمل کی جگہ بے عملی بلکہ بد عملی کا دور دورہ ہو گیا۔ تصوف و طریقت کو خفیہ
شریعت اور فریب کاری کو کرامات کا نام دے دیا گیا اور دغا باز اور ہوس پرستوں نے
تصوف کو مشق ستم بنا لیا۔ کسی صاحب دل نے کیا خوب کہا ہے:

"تصوف حال تھا لیکن اپنے دور انحطاط میں ہوا قال بن گیا، وہ
محاسبہ تھا لیکن اب اس نے اکتساب کی صورت اختیار کر لی، وہ
استتار (پردہ) تھا لیکن اب اشتہار نظر آنے لگا، پہلے وہ صدور کی
طہارت تھی اب وہ غرور کا مرکز بن گیا، پہلے وہ تخلق تھا اب تکلف کا
جامہ اس نے پہن لیا، پہلے وہ تخلق تھا اب وہ تملق بن گیا، پہلے

تو عمت تھی کہ اب ان سے حرص کا روپ دھار لیا۔"

تصوف کیا ہے؟ اس کے مقاصد کیا ہیں، اخلاق حسنہ کا تصوف میں کیا مقام ہے، شریعت و طریقت کس طرح مترادف و ہم معنی ہیں، اصلی و نقلی صوفی و ہے عمل صوفی میں کیا فرق ہے، اشاعت اسلام اور گمراہوں کو راہ راست پر لانے میں صوفیہ کرام کے فقر غیور اور حق گوئی نے کیا کام کیا ہے، تصوف کی بنیادی اور اہم تعلیمات کیا ہیں ان سب سوالوں کا جواب آپ کو حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کی کتاب زندگی میں ملے گا۔ آیئے حضرت خواجہ صاحبؒ کی کتاب زندگی کے ورق پلٹئے، پڑھتے جایئے اور سر دھنتے جایئے۔

حقیقی اللہ والے :

جامعہ اشرفیہ لاہور کے شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی حمید اللہ جان صاحب بیان فرماتے ہیں :

> حضرت خواجہ خان محمدؒ اس زمانے میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے عظیم اور مثالی پیشوا تھے جن کے چشمہ فیض سے ہزاروں انسانوں نے پیاس بجھائی اور حضرت خواجہ صاحب تھا از جہاں سے اس دور میں حقیقی اللہ والے تھے، وہ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مسلک کے سچے وارث اور حقیقی جانشین تھے۔ آپ نے خاموشی اور زہد میں ایسی شاہی کی کہ جسے صرف اہل دل ہی سمجھ سکتے ہیں۔ آپ کی صحبت، یاد الٰہی اور تزکیہ نفس میں روحانی ترقیات کا بڑا ذریعہ تھی۔ ان کی دعاؤں، اقوال اور صحبت سے تاریکیاں دور ہوتیں، باطنی انوارات

حاصل ہوئے۔ آپ علم و عمل، زہد و تقویٰ، اخلاص و للہیت کے پیکر تصوف و سلوک کے امام، عرفان حق کی حقیقی تصویر تھے۔ آپ ان عظیم المرتبت لوگوں میں سے تھے جن کو دیکھ کر خدا یاد آجاتا ہے۔

([illegible])

حافظ لدھیانوی نامور نعت گو اور اچھے شاعر تھے۔ قدرت نے آپ کو تحریر کا ملکہ اور سلیقہ بھی عطا فرمایا تھا۔ حافظ لدھیانوی نے حضرت خواجہ خان محمد صاحب کی زندگی میں ان کی خانقاہ سراجیہ کو مرکز رشد و ہدایت سے تعبیر کیا۔ حضرت خواجہ صاحب کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ قلم اٹھایا اور تاثرات کو تحریر کر دیا۔ ذیل میں حافظ لدھیانوی کی تحریر نذر قارئین ہے۔

پہلی ملاقات :

حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب سے پہلی بار شرف ملاقات سرگودھا میں نصیب ہوا۔ میرے محترم بزرگ صوفی محمد افضل نقشبندی کے غریب خانے میں قیام تھا۔ ان کو حضرت کے آنے کی اطلاع ملی۔ صوفی صاحب کے خواجہ خان محمد صاحب سے نیاز مندانہ روابط تھے۔ میں ان کے ہمراہ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پہلی ہی ملاقات میں شخصیت میں تقویٰ کی خوشبو، روحانیت کا جمال، اتباع سنت کا حسن اور علم و عمل کا حسین مرقع امتزاج نظر آیا۔ ان کی پرکشش شخصیت کے نقوش ذہن و دل پر مرتسم ہو گئے۔

طویل خاموشی کے بعد صوفی محمد افضل نقشبندی حضرت رحمہ اللہ سے مخاطب ہوئے۔ میرا تعارف کرایا۔ ان چند لمحات میں میرے دل میں اس بزرگ کی عظمت کا احساس خوشبو بن کر پھیل چکا تھا۔ ان کی جاذب شخصیت نے مجھے گرویدہ بنا لیا تھا۔ پھر ملاقات ایک

ہوتا ہے کہ کسی کی مجلس میں کئی بار حاضری کے باوجود دل کا ورق سادہ رہتا ہے اس پر کوئی نقش نہیں بنتا، انسان خالی دامن لوٹتا ہے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ پہلی ہی نظر سے، پہلے ہی نئے ملاقات سے دامن دل میں گلہائے عقیدت مہکنے لگتے ہیں۔ برسوں کی ریاضت اور مجاہدے سے جو کیفیت، جو سرور، دل ودماغ میں پیدا نہیں تھا وہ کسی بزرگ کے چہرے پر ایک نظر ڈالنے سے حاصل ہوجاتا ہے۔ یہ اس بزرگ کی کرامت اور بزرگی کی علامت ہوتی ہے، اس کی معرفت الٰہی اور عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والا صفات سے نسبت تامہ کا مظہر ہوتی ہے، مجھے حضرت خواجہ خان محمد صاحب کی مجلس میں انکی انہی کیفیات کا احساس ہوا۔ حضرت سے اجازت لے کر واپس آیا مگر اس محبت کا سرور رگ وپے میں جاری وساری ہوگیا۔

پھر وہی صحبت نصیب ہوگئی :

حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحبؒ سے ملاقات کی تمنا نے بے کل کردیا، آخر ایک روز رخت سفر باندھا۔ خانقاہ سراجیہ کی حاضری کے لئے گھر سے نکل پڑا، یہ تنہا سفر تھا مگر میرے ساتھ تو خیالات کا ہجوم تھا، میرے دل میں تو محبت کی قندیلیں جگمگا رہی تھیں۔ راستہ آرزوؤں کے حسین پھولوں سے مہک اٹھا، تصورات کی محفل بھی ہوئی تھی، ذہن پر پہلی ملاقات کے نقوش تاباں ہوگئے۔ اس تصور نے خلوت جان میں مسرت وشادمانی کے فانوس روشن کردیئے کہ پھر وہی صحبت نصیب ہوگئی، وہی کرم کی گھڑیاں لوٹ آئیں گی۔ دل کا غبار دھل جائے گا، زندگی کو اجالے میسر آئیں گے خدا جانے راستے میں محبت وعقیدت، وارفتگی وشیفتگی کے کتنے چراغ جلے، کتنے پھول کھلے جنہوں نے مشام جان کو مہکایا، آخر وہ خطہ آرزو، وہ وادی پاکیزگی ولطافت، وہ منزل

آسودگان، وہ قریہ راحت نظر آیا مختصر سے اسٹیشن پر اترا، یہ اسٹیشن تو منزل کا پہلا تابندہ نشان تھا، یہ بشارت تو کامرانی کی نوید تھی، اسٹیشن ماسٹر سے خانقاہ سراجیہ کا راستہ پوچھا، اس نے دور مسجد کی طرف اشارہ کیا، مسجد کا مینار علم وخیر وبرکت نظر آیا جو منزل کا پتہ دے رہا تھا۔ مختصر سا سامان تھا اس نشانِ برکت پر نظر جمائے راستہ طے کرنے لگا، یہ کوئی زیادہ فاصلہ نہ تھا، ایک ڈیڑھ فرلانگ ہوگا مگر مجھے تو ایک ایک لمحہ ایک ایک صدی معلوم ہوا، جس ذوق وشوق، جس اضطراب، جس بے تابی سے یہ فاصلہ طے ہوا اس کے اثرات آج بھی نہاں خانۂ جاں میں محفوظ ہیں۔

خانقاہ سراجیہ میں یہ پہلی حاضری تھی، کسی سے جان نہ پہچان، کسی سے ذاتی تعارف نہ تھا، کوئی چہرہ آشنا نہ تھا۔ ایک ان دیکھا ماحول کئی قسم کے تصورات قلب ونظر پر چھا گئے۔ آخر اس وادیٔ برکت میں قدم رکھتے ہی اجنبیت کا احساس یک دم غائب ہوگیا، ہر نقش محبت کی خوشبو لئے ہوئے تھا۔ خانقاہ کے ایک کمرے کا رخ کیا۔

خانقاہ کے ایک خادم نے دریافت کیا کہ کہاں سے آنا ہوا؟ مختصر سا جواب دیا: فیصل آباد سے حضرت کی زیارت کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ اس مختصر سے کلام کے بعد خادم چلا گیا، چند لمحوں کے بعد طشتری میں چائے لے کر آگیا، اس کمرے میں چند عقیدت مند اور بھی تھے، میں نے ان سے شرکت کے لئے کہا، انہوں نے کہا کہ وہ چائے نوش کر چکے ہیں، اس پہلے نقش سے حسن میزبانی، ادب واحترام، انداز گفتگو اور جذبۂ خدمت ابھر کر سامنے آگیا، معلوم ہوا کہ یہ اس خانقاہ کا معمول ہے، نہ فضا میں تصنع، نہ خدام میں تصنع، ہر شے میں اپنائیت اور محبت کا انداز۔

چائے پینے کے بعد مسجد میں چلا گیا، یہ مختصر سی خانقاہ ایک دینی مدرسہ، ایک

خوبصورت مسجد اور حضرت کی رہائش گاہ پر مشتمل ہے۔اس خانقاہ کا ماحول دوسری خانقاہوں سے یکسر مختلف ہے۔ اللہ تعالیٰ سے لو لگانے کے لئے، عبادت وریاضت کے لئے قلب ونظر کو منور کرنے، روح کو تجلی اور جسم وجان کو مزکی کرنے کے لئے یہ انتہائی موزوں ماحول تھا، نہ شور ہے نہ ہنگامہ، نہ گاڑیوں، کاروں کی آمدورفت ہے، نہ شہری سبے ہنگم طرز زندگی، اس فضا پر بے پردگی اور گناہ آلود ماحول کا کوئی داغ نہ تھا، فضائیں نورانیت سے صاف اور نکھری ہوئی تھیں۔

مرکز رشد وہدایت :

خانقاہ سراجیہ ایک ایسی خانقاہ ہے جہاں کی فضا ہر قسم کی دنیوی دلکشی اور برائی سے پاک صاف ہے، یہ دینی مرکز، یہ رشد وہدایت کا مقام، یہ ویرانہ دل کو آباد کرنے کی جگہ، یہ تزکیہ نفس کیلئے مثالی خانقاہ ہے۔ یوں محسوس ہوتا تھا کہ خانقاہ کا ذرہ ذرہ صبح وشام حمد وثنا کرتا رہتا ہے، یوں تو کائنات کی ہر شے اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے، موجودات کا ہر ذرہ اپنے خالق حقیقی کی پاکی بیان کرتا رہتا ہے اور اس کے قادر مطلق ہونے کا اعلان کرتا رہتا ہے مگر خانقاہ سراجیہ میں یہ احساس متشکل ہو کر سامنے آتا ہے جب علائق دنیا کی گرد اس دل سے جھڑ جاتی ہے تو ذہن روحانیت کے اثرات قبول کرنے، انہیں اپنے اندر جذب کرنے اور پاکیزہ ماحول کے اکتساب فیض کرنے کا اہل ہو جاتا ہے۔ یہ روحانی فضا، یہ پاکیزہ ماحول از خود پیدا نہیں ہو جاتا اس کے لئے ایک خدا رسیدہ بزرگ کے مقدس وجود کا ہونا ضروری ہے۔ حضرت خواجہ صاحبؒ کی ذات بابرکت نے اس فضا،اس ماحول کو پرکشش بنا دیا ہے۔ سینکڑوں میل دور بیٹھے ہوئے لوگ اس مرکز رشد وہدایت، اس مصدر فیوض وبرکات

کی کشش محسوس کرتے ہیں۔ کشش اینٹ پتھر سے تعمیر شدہ عمارت کی کشش نہیں یہ کشش دنیوی نوادرات اور عجائبات کی کشش نہیں، یہ تو ایک وجود گرامی، ایک فقیر خدا مست، ایک درویش حق آگاہ، ایک مرد کامل اور ایک برگزیدہ ہستی کی کشش ہے، جس کی صحبت میں پہنچے ہوئے دلوں کو راحت اور مضطرب روحوں کو آسودگی میسر آتی ہے۔

حضرت کی زیارت کے لئے دل بیتاب تھا، ایک ایک لمحہ اشتیاق زیارت زیادہ کر رہا تھا، نظریں سوئے در تھیں کہ کب وہ رخ انور نظر آئے، جس کی زیارت کیلئے آنکھیں ترستی ہیں۔ آخر نماز مغرب کا وقت ہوا۔ حضرت اپنی قیام گاہ سے تشریف لائے۔ حضرت مختصر سی پگڑی باندھے ہوئے تھے، کندھوں پر رومال، جبہ اور لمبا کرتہ زیب تن تھا۔ حضرت نے متبسم ہونٹوں سے سب کی طرف دیکھا، دل کی کلی کھل اٹھی، سب کو انتظار کا صلہ مل گیا، حضرت مسجد میں داخل ہونے لگے تو بڑھ کر مصافحہ کیا، حضرت نے گلے لگا لیا، آرزو کی تکمیل دل کی ٹھنڈک سے ہمکنار ہوئی۔

حضرت نماز ادا کر کے اپنے حجرے کے باہر تشریف فرما ہوئے، گرمی کا موسم تھا، ہلکی پھلکی ہوا چلتے ہوئے جسموں کو راحت پہنچا رہی تھی، کھلی فضا میں گرمی کا احساس تک نہیں تھا۔ حضرت کے ارد گرد دور سے آئے ہوئے مریدین اور معتقدین کا حلقہ تھا، وہی خاموشی، وہی دلنشین سکوت تھا جس کا اس مضمون کے آغاز میں ذکر کر چکا ہوں اکتساب فیض ہو رہا تھا۔ حضرت نے مجھ سے نعت سنانے کی فرمائش کی۔ حضرت کی آواز پر حاضرین نے یوں سر اٹھایا جیسے کسی مقدس سفر سے لوٹے ہوں۔ حضرت نے نعت سنی، میرے دامن میں سعادتوں کے خزانے سمٹ آئے، یہ میرے لئے انتہائی

اعزاز کی بات تھی کہ زندہ دل حضرات کے حلقے میں ایک خدا رسیدہ بزرگ کی موجودگی میں بارگاہِ رسالت میں اپنی نذرانہ اپنا ہدیہ نعت پیش کروں۔ یہ بابرکت مجلس نماز عشاء تک جاری رہی۔ حضرت نے چند جملے ارشاد فرمائے، پھر مراقبے کی سی کیفیت طاری ہو جاتی۔ اس مجلس کا اختتام اذان کی آواز پر ہوا۔

نماز عشاء کے بعد مختصری نشست رہی، خادم خاص نے سرمہ دانی پیش کیا، حضرت نے سنت مطہرہ کے مطابق آنکھوں میں سرمہ ڈالا، کچھ دیر خاموش بیٹھے رہے، حضرت کی توجہ دلوں پر تھی، ہر زائر دامن دل میں یہ دولت سمیٹ رہا ہے، کچھ دیر مراقبے کی سی کیفیت رہی۔ اس توجہ کی برکت سے کچھ زائرین آبدیدہ ہو گئے معلوم ہوتا تھا فرد عمل دھل رہی ہے۔ حضرت زائرین میں خصوصی توجہ کی دولت بانٹ کر گھر تشریف لے گئے۔

کچھ دیر کے بعد خادم کھانے کی طشتریاں اٹھائے ہوئے آ گئے، دسترخوان بچھا دیا گیا۔ قرینے سے کھانا چنا گیا۔ نہایت خاموشی سے زائرین شریک طعام ہو گئے۔ خدام خدمت کے لئے کھڑے رہے۔ دسترخوان لپیٹ لیا گیا چند بزرگ مسجد میں ذکر اللہ میں مصروف ہو گئے۔ خدام نے چارپائیاں باہر نکالیں، صاف ستھرے بستر لگا دیئے۔ چاندرات اپنی تمام رعنائیوں، جلوہ سامانیوں کے ساتھ طلوع ہوئی۔ خانقاہ چادر نور میں لپٹ گئی۔

معلوم ہو رہا تھا بزم انوار نور ہو رہی ہے، جسموں کو راحت نصیب ہوئی۔ اس دودھیا رات میں مسجد کا حسن اور بھی نکھر گیا۔ گنبد ومحراب جمال کا آئینہ بن گئے۔ ایسا خوشنما منظر تھا کہ دیدہ ودل سیراب ہو رہے تھے۔ (دامن بہر ص ۲۰۲۔۲۰۳)

وقت کا قطب :

مدت ہوئی سالانہ ختم نبوت کانفرنس، مسلم کالونی، چناب نگر، مسجد کے منبر پر حضرت مولانا محمد یوسف صاحب لدھیانوی نور اللہ مرقدہ تشریف فرما تھے۔ حضرت شیخ المشائخ خواجہ خان محمد صاحب تشریف لائے تو اہل مجلس احتراماً کھڑے ہو گئے آپ آتے ہی صف میں بیٹھ گئے، حضرت لدھیانوی نے فرمایا حضرت! آپ نیچے تشریف فرما ہو گئے ہیں اور میں اوپر بیٹھا ہوں یہ بے ادبی ہے، حضرت خواجہ صاحب نے فرمایا: کوئی حرج نہیں، اس کے بعد حضرت لدھیانوی نے وعظ میں بہت سے قیمتی ارشادات فرمائے جن میں یہ بھی فرمایا:

’’ہمارے یہاں صدارت وامارت کا انتخاب مجلس شوریٰ کے ذریعہ ہوتا ہے ہم نے آج تک کسی امیر کو معزول نہیں کیا، نہ ہی کسی کو علیحدہ کرنے کی سوچی، نہ ہم اس کے قائل ہیں۔ ہمیشہ امیر کے وصال پر نیا امیر منتخب کیا جاتا رہا، امیر مجلس وقت کا قطب ہوتا ہے، کام کرنے والوں سے التماس ہے کہ اطاعت امیر کا خاص خیال رکھا جائے‘‘۔

(لولاک نمبر ص ۲۴۲)

حضرت عبدالقادر رائے پوریؒ کی خدمت میں :

حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی رقم طراز ہیں کہ حضرت مولانا خواجہ خان محمد نے فرمایا:

’’ایک مرتبہ قطب الارشاد حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوریؒ اپنے

خلیفہ حضرت حافظ عبدالکریم کے ہاں کلورکوٹ تشریف لائے تو میں بھی زیارت و ملاقات کیلئے حاضر ہوا، اس وقت حضرت رائے پوری حاضرین سمیت قالین پر تشریف فرما تھے، مجھے دیکھتے ہی انتظامیہ کو چارپائی لانے کا فرمایا، جب حسب الارشاد چارپائی لا کر بچھائی گئی تو آپ نے مجھے چارپائی پر بیٹھنے کا حکم فرمایا، میں حضرت رائے پوری کی موجودگی میں چارپائی پر بیٹھنا مناسب خیال نہیں کر رہا تھا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ آپ کا حق بنتا ہے، بالآخر ''الامر فوق الادب'' کے تحت تعمیل ارشاد میں چارپائی پر بیٹھ گیا۔ یہ واقعہ سناتے ہوئے حضرت والا کی آواز بھرا گئی اور آبدیدہ ہو گئے''۔

باکمال آدمی :

حضرت مولانا غلام حبیب چکوال نقشبندی سلسلے کے معروف بزرگ گزرے ہیں، مولانا محمد اقبال خان مرتب ''تحفۂ نقشبندیہ'' راوی ہیں کہ :

''مجھے مئی طلب کر کے حضرت مولانا نے فرمایا کہ حضرت خواجہ خان محمد صاحب میرے مہربان ہیں، میں حضرت خواجہ صاحب کی صدارت میں چنیوٹ ختم نبوت کانفرنس میں دس دفعہ آیا ہوں اور ہم کئی دن اکٹھے رہے ہیں، حضرت خواجہ صاحب آدمی تو باکمال ہیں لیکن ان پر سکوت کا غلبہ ہے''۔

حضرت خواجہ صاحبؒ اور حضرت امیر شریعتؒ :

جانشین امیر شریعت سید ابوذر بخاری بیان فرماتے ہیں کہ :

"جب حضرت مولانا محمد عبداللہ لدھیانوی کا سانحہ ارتحال پیش آیا تو مریدین و خدام کا پریشان ہونا تو طبعی امر تھا مگر اہل دل کو اس صدمے نے جلا کر رکھ دیا تھا، ہمارے گھر اماں جی سیدہ ام الاحرار صاحبہ حضرت ثانی سے بیعت تھیں اس لئے ہمارا گھر افسردہ تھا اور حضرت امیر شریعت بھی اس صدمے سے چور تھے، میں نے پوچھا ابا جی موجودہ سجادہ نشین حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب کیسے انسان ہیں؟ تو شاہ جی نے فرمایا وہ عظیم شان کے بزرگ ہیں، اگر ان سے کسی کو فائدہ نہ ہو تو نقصان بھی نہ ہوگا۔ میں نے کہا اباجی! یہ کوئی چھوٹی بات تو نہیں، فائدہ نہ ہو تو نقصان بھی نہ ہو۔"

حضرت خواجہ صاحبؒ اور حضرت دین پوریؒ :

راؤ مبارک علی مرحوم جو حضرت خواجہ صاحبؒ کے خادم تھے نے بتایا کہ :

عارف باللہ حضرت مولانا میاں عبدالہادی دین پوری سخت بیمار ہوئے اور بغرض علاج نشتر ہسپتال ملتان تشریف لے آئے جب یہ خبر خانقاہ سراجیہ پہنچی تو حضرت اقدس نے مجھے حضرت دین پوری کی خدمت میں جانے کا حکم فرمایا کہ میری طرف سے تیمارداری کرو، اور سلام پہنچاؤ۔ جب میں نشتر ہسپتال پہنچا تو حضرت دین پوری کے خدام کا رش تھا، اپنی باری پر جب خانقاہ سراجیہ سے حاضری کا ذکر کیا اور حضرت

خواجہ صاحب کا سلام پیش کیا تو حضرت دین پوری پر وجد کی کیفیت طاری ہوگئی اور آنکھوں میں آنسو تیرنے لگے۔ جب طبیعت سنبھلی تو فرمایا کہ آگے آجاؤ! آپ اپنے سر کا کپڑا لے کر میرے پاؤں پر رکھنے کیلئے جھکنے لگے تو میں دیوار سے جالگا پھر فرمایا کہ آگے آجاؤ! تو کھڑے کھڑے ہاتھ باندھ کر عرض کیا: حضور! ارشاد فرمائیے! آپ پر گریہ طاری تھا، حاضرین دم بخود تھے، فرمایا کہ:

"اپنے سر کا کپڑا فقیر کی طرف سے حضرت خواجہ صاحبؒ کے قدموں پہ رکھ کر دعا کی درخواست کرنا کہ اللہ تعالیٰ خاتمہ بالخیر فرمائے اور فقیر کو بغیر حساب کے جنت میں داخل فرمادے۔ اگر اللہ تعالیٰ حساب لینے پر آئے تو کوئی نہیں بچ سکتا"۔

جب خانقاہ سراجیہ پہنچ کر حضرت دین پوری کا پیغام حضرت خواجہ صاحبؒ کی خدمت میں پہنچایا تو آپ فوراً نشست گاہ سے اٹھ کر گھر تشریف لے گئے۔

حضرت خواجہ صاحبؒ اور مولانا خیر محمد جالندھریؒ:

حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ جامعہ خیر المدارس جالندھر اور ملتان کے بانی ہزاروں علمائے کرام کے استاذ تھے۔ نشتر ہسپتال میں آپ کا آپریشن ہوا، اور خون لگانا تجویز کیا گیا تو حضرت مولانا خون لگوانے سے انکاری تھے، حضرت خواجہ صاحب عیادت کے لئے تشریف لائے اور کیفیت سنی تو فرمایا کہ آپریشن بھی ہونا چاہیے اور خون بھی لگنا چاہیے، کیونکہ اضطراری حالت میں جائز ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ جب حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ کا آپریشن ہوگیا اور آپ ہوش میں آگئے تو سب سے پہلے دریافت کیا کہ خون تو نہیں لگایا؟ تو ڈاکٹروں نے دبے الفاظ میں لگانے کا بتلایا تو

حضرت جالندھریؒ کی طبیعت پر ناگوار گزرا اور انہوں نے حضرت خواجہ صاحبؒ کا بتلایا تو حضرت کا نام سنتے ہی خاموش ہو گئے۔

حضرت مولانا سرفراز خان صفدرؒ کی نظر میں :

امام اہل سنت مولانا سرفراز خان صفدرؒ نے ایک مرتبہ سیالکوٹ میں اثنائے گفتگو فرمایا کہ: "حضرت خواجہ صاحبؒ عمر میں مجھ سے چھوٹے ہیں مگر بزرگی میں وزنی پہاڑ ہیں"۔

حضرت سید نفیس الحسینیؒ کی نظر میں :

حضرت سید نفیس الحسینیؒ کی خدمت میں بارہا درخواست کی گئی کہ وہ مجلس تحفظ ختم نبوت کی نائب امارت قبول فرمالیں تو انکار فرماتے۔ لیکن ایک مجلس میں فرمایا کرنا ہے کہ مجھے حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحبؒ کے حکم پر نائب امیر بنایا گیا تو فرمایا کہ اب انکار کی گنجائش نہیں۔

خاموش شیخ :

حضرت خواجہ صاحبؒ کی نگاہ مسلمانوں کے سیاسی، سماجی، معاشی اور معاشرتی ہر قسم کے حالات پر رہتی۔ اجتماعات سے خطاب آپ کا معمول نہ تھا۔ البتہ اختتامی دعا سادگی سے فرماتے۔ انفرادی زندگی میں بات کرنے کے بجائے سننے کو ترجیح دیتے تھے۔ لوگ آپ کو خاموش شیخ کے نام سے یاد کرتے۔ حضرت خواجہ صاحبؒ فرمایا کرتے: بزرگوں نے ختم نبوت کی ڈیوٹی لگادی ہے ورنہ جی چاہتا ہے کہ سب کچھ چھوڑ کر خانقاہی ذمہ داری میں مصروف رہوں۔

ذوقِ عبادت کا نشہ :

محمد طفیل اویسی جنڈ والہ لکھتے ہیں :

"میرے والد گرامی محمد یٰسین نقشبندی مجددی شروع سے حضرت اقدس کے دستِ مبارک پر بیعت کا شرف حاصل کر چکے تھے اور والد محترم کو اس نسبت پر فخر ہے اور ہونا بھی چاہیے کہ جس کے مرشد کو دنیا اور اہلِ دل شہنشاہِ طریقت مانتے ہوں تو پھر اس نسبت پر رشک کرنا ایک فطری امر محسوس ہوتا ہے: ..... ؎

رہے تمہاری نسبت میرا تو بس اِک آسرا یہی ہے

بندۂ ناچیز اس وقت ایف۔اے کا طالب علم تھا ایک دن جب میں کالج جانے والا ہی تھا میرے والد (محمد یٰسین) نے کہا کہ آج ہمارے پیرومرشد خواجہ خان محمد صاحب تشریف لا رہے ہیں اور تم بھی زیارت کرنا اور اس وقت مجھے خود معلوم نہیں تھا کہ پیرومرشد کیا ہوتا ہے؟ میں نے کہہ دیا کہ ٹھیک ہے۔ جب میں ظہر کی نماز کے بعد مقررہ مدرسہ میں گیا تو معلوم ہوا کہ حضرت اندر کمرے میں تشریف فرما ہیں ،لوگ آ رہے ہیں اور حضرت کی زیارت کر رہے ہیں اس وقت میں ان معاملات سے بے خبر اور لاعلم تھا، پھر میرے والد صاحب نے کہا کہ تم بھی اندر کمرے میں چلے جاؤ، حضرت اب بیعت کرنے والے ہیں تم بھی بیعت ہو جاؤ، میں اندر کمرے میں داخل ہو گیا۔ جب میں نے پہلی مرتبہ حضرت کو دیکھا تو اس وقت دل نے خود گواہی دے دی کہ آج کوئی ولی اگر دنیا میں ہے تو وہ حضرت خواجہ خان محمدؒ صاحب کا وجودِ مسعود ہی ہے۔ جیسا کہ حدیث مبارک میں ہے: ولی وہ ہے جس کے دیکھنے سے اللہ تعالیٰ یاد آ جائے۔ اس

کے بعد حضرت نے بیعت کے کلمات پڑھائے اور اس وقت مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ جیسے یہ شخصیت کوئی بشر نہیں بلکہ کوئی فرشتہ بیٹھا ہوا ہے، یہ تو بعد میں معلوم ہوا کہ یہ تو وہ ہستی ہے کہ جس پر اللہ تعالیٰ کے فرشتے بھی رشک کرتے ہیں۔ اس کے بعد حضرت نے دعا کے لئے دست مبارک بلند کئے۔ بیعت کے کلمات پڑھنے کے بعد میرے اندر ایسا نشہ پیدا ہوا کہ دل خود بخود عبادت کی طرف گامزن ہو گیا، اور پھر وقوف قلبی کی طرف توجہ رہنے لگی اور دل چاہتا کہ ابھی اذان ہو جائے اور مسجد میں چلا جاؤں اور اپنے اللہ کے سامنے سربسجود رہوں، اور کوئی مجھے کچھ نہ کہے، جو کیفیات ان دنوں تھیں وہ الفاظ میں بیان کرنے سے قاصر ہوں کیونکہ یہ تو وہ پاکیزہ نشہ تھا جو کہ چشمہ طریقت سے پلانے والے نے پلا دیا تھا، اس کا مزہ پینے والا جانے یا پھر ساقی سے خانہ جانے، جبکہ یہاں پینے والا کچھ بھی نہیں جانتا، کیونکہ بندہ ناچیز کا علم و عمل تو نہ ہونے کے برابر ہے۔

ان کی محفل میں بیٹھ کے دیکھو :

اس کے بعد مجھے اولیاء کرام کے حالات و واقعات پڑھنے کا ذوق و شوق پیدا ہو گیا اور میں جو بھی کتاب کسی بزرگ کے بارے میں لکھی ہوئی دیکھتا اسے خرید لیتا اور مطالعہ کرتا بندہ ناچیز نے اپنے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے کامل شجرہ شریف پر مشتمل کتاب ''خاندان اولیائے نقشبندیہ مجددیہ'' خانقاہ سراجیہ سے خرید لی۔ اور مطالعہ کیا، اس کے علاوہ نفحات الانس، تذکرۃ الاولیاء، رومی کا نظریہ عشق، کشف المحجوب، مثنوی رومی، ایضاح الطریقہ جیسی معتبر کتب کا مطالعہ کیا تو جہاں بھی حضرت اویس قرنی کا ذکر آتا تو دل میں کچھ جذباتی کیفیات پیدا ہو جاتی تھیں اور پھر یہ نام ''اویس'' مجھے اچھا

لگنے لگا اور میں نے اسے اپنے نام کا حصہ بنالیا۔

اس کے بعد ایک اور مرتبہ حضرت ہمارے شہر (جنڈانوالہ) میں تشریف لائے تھے اور ہم اللہ تعالیٰ کے اس برگزیدہ بندے کے سامنے دو زانو بیٹھے تھے اور اس مجلس کی جو کیفیات تھیں وہی جان سکتا ہے جو حضرت کی مجلس میں کبھی بیٹھا ہو:

ان کی محفل میں بیٹھ کے دیکھو زندگی کتنی حسین ہوتی ہے

یک زمانہ صحبت با اولیاء بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

صحبتِ شیخ کے اثرات کا احساس:

حضرت کی مجلس میں بیٹھنے سے اس کا ادراک عملی طور پر ہوتا تھا۔ بندۂ ناچیز جب پہلی مرتبہ والد محترم کے ساتھ خانقاہ سراجیہ گیا اور جب ہم حضرت کے انتظار میں برآمدے میں کھڑے تھے۔ حضرت سامنے آئے تو سب لوگ کھڑے ہو گئے، بندۂ ناچیز حضرت کے قریب آیا میں نے فرطِ جذبات میں حضرت کے دست مبارک کو بوسہ دیا تو مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میرے قلب پر بھی کسی نے ہاتھ رکھ دیا ہو جس کا احساس مجھے آج تک ہے اس کے بعد یہ حالت کبھی بھی کسی سے ملتے ہوئے محسوس نہیں ہوئی۔

فیض کا خزانہ لٹاتے رہے:

جب بھی کوئی خانقاہ سراجیہ کی حدود میں داخل ہو جاتا تھا اس کے لطائف باطنیہ جاری ہو جاتے تھے، کیونکہ حضرت خواجہ صاحب سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے سالارِ اعظم تھے اور اس کے علاوہ حضرت خواجہ صاحب کی مجلس میں مکمل خاموشی ہوتی تھی اور اس خاموشی سے حضرت باقی باللہ کی مجلس کا نظارہ سامنے آجاتا ہے۔ ایک مرتبہ

ایک عقیدت مند نے حضرت باقی باللہ سے عرض کیا: حضرت! کوئی نصیحت فرمائیں تاکہ باقی لوگوں کو فائدہ ہو، تو حضرت باقی باللہ نے فرمایا کہ جس نے ہماری خاموشی سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا، وہ ہمارے کلام و نصیحت سے بھی فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ اور حضرت کے محافل میں بھی یہی کیفیات ہوتی تھیں کہ بس حضرت ایسے ہی بیٹھے رہیں اور سب حضرت کے گرد پروانہ وار بیٹھے رہیں اور حضرت یونہی بیٹھے بیٹھے فیض کا خزینہ لٹاتے رہیں۔ حضرت کو بہت کم گفتگو کرتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ کم گو تھے، اور مختصر جواب عنایت فرماتے۔ اس کے علاوہ حضرت کی مجلس میں چشتیہ، قادریہ، سہروردیہ اور کئی سلسلے کے وابستگان تشریف لاتے تھے اور اس روحانی مجلس سے فیض اٹھاتے تھے۔

مقامِ خواجہ:

ایک مرتبہ والد محترم محمد یٰسین نقشبندی کو پیر سید نصیر الدین شاہ صاحب جو کہ گولڑہ شریف کے گدی نشین اور اپنے وقت کے امام وقت تھے، خواب میں ان کی زیارت ہوئی تو پیر سید نصیر الدین شاہ صاحب نے فرمایا کہ: "تمہارے مرشد حضرت خواجہ خواجگان خان محمد صاحب اس وقت ولایت کے انتہائی بلند مقام پر فائز ہیں"۔

اس کے علاوہ بھی پیر سید نصیر الدین شاہ صاحب حضرت سے انتہائی محبت وعقیدت رکھتے تھے، جب خانقاہ سراجیہ سے کوئی صاحبزادہ ختم نبوت کے کسی اہم کام کیلئے پیر سید نصیر الدین کے پاس جاتا تو وہ ہمیشہ حضرت کے بارے میں ہی پوچھتے رہتے تھے اور دعاؤں کی درخواست کیا کرتے تھے۔ اس سے بھی حضرت کے روحانی مقام و مرتبہ کا علم ہوتا ہے کہ ایک سید اور پیر مہر علی شاہ کے دربار کے اپنے وقت کے پیر طریقت بھی حضرت کا اتنا ادب و احترام کرتے تھے اور حقیقت یہ ہے کہ حضرت

کے مقام ومرتبہ کو کوئی کامل پیر طریقت ہی سمجھ سکتا تھا ......

آنکھ والا تیرے جوبن کا تماشا دیکھے
دیدۂ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے

اس کے علاوہ پیر سید انور شاہ گیلانی گدی نشین سدرہ شریف والے وہ بھی حضرت کا بڑی عقیدت ومحبت سے ذکر کرتے ہیں اور اکثر حضرت کی صحت یابی کے لئے دعا کرتے تھے اور اپنے سالانہ اجتماع کے موقع پر بھی اختتامیہ دعا میں حضرت کے بارے میں دعائے خیر کی دعا کرتے نظر آتے۔ (ولاک نمبر ص ۲۰)

شیخ اپنے مریدوں میں :

حضرت مولانا عبدالرحیم مدرس خانقاہ سراجیہ اپنے چشم دید مناظر بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں :

"حضرت شیخ ناشتہ کرنے کے بعد ۹،۸ بجے تک اپنے کمرے میں تشریف لے آتے ، متوسلین وزائرین کا جم غفیر پہلے ہی سے موجود ہوتا تھا ، اس وقت حضرت جہاں مریدین کی طرف سے آئے ہوئے خطوط کے جوابات لکھوا رہے ہیں تو وہاں حاضرین کی معروضات بھی سنتے تھے ، پھر کمال یہ کہ مجلس میں مختلف الم‍زاج لوگ تشریف رکھتے تھے ، ان میں جہاں سالکین بیٹھے ہوئے ہیں جو اپنے روحانی سفر کو طے کر رہے ہیں اور شیخ کے پاس ان کے اسباق جاری ہیں یہ اپنی معروضات پیش کر رہے ہیں ، مریض اپنے مرض کا رونا رو رہا ہے ، دم کروانے والے اپنے تیل ، چینی اور پانی دم کروا رہے ہیں ، گھریلو

پریشانیوں والے اپنا دکھڑا سنا رہے ہیں، نوکریوں کے خواہش مند اپنی نوکریوں کے لئے دعائیں کروا رہے ہیں، دنیاوی ڈگریاں حاصل کرنے والے اپنے مقصد کے لئے دعا کروا رہے ہیں اور ادھر ایک حضرت ہیں جو سب کی گزارشات سن کر دعائیں دے رہے ہیں اور دلوں کو جیت رہے ہیں لیکن مجال ہے کہ رخ دلربا پر ملال کے آثار ظاہر ہوں، بلا مبالغہ کہا گیا ہے کہ حضرت ایک سمندر ہیں جو اپنے اندر موافق ومخالف، رطب ویابس، ترش وشیرین کو سمیٹے ہوئے ہے، زیارت کے لئے تشریف لانے والے مختلف حضرات کا بیان ہے کہ حضرت کے رخ دلربا میں اور آپ کی زیارت میں اتنی برکتیں ہیں کہ صرف زیارت سے ہی پریشانیاں دور ہو گئی ہیں، سینکڑوں میلوں کی تھکاوٹیں کافور ہو گئیں ہیں۔ ایک مرتبہ استاد محترم جامع المعقول والمنقول حضرت مولانا شبیر الحق کشمیری دامت برکاتہم استاد الحدیث خیر المدارس ملتان تشریف لائے، سارے دن کا سفر کئے ہوئے تھکے ماندے جب حضرت کی زیارت کر چکے تو فرماتے ہیں کہ میں جب حضرت کی زیارت کر چکا تو طبیعت پرسکون ہو گئی اور سب تھکاوٹیں ختم ہو گئیں۔

بایں ہمہ حضرت والا اپنی مجالس میں خاموش رہتے بلکہ مراقبے کی حالت میں رہتے، ایک مرتبہ ایک آدمی نے مجلس میں کچھ اپنے واردات کو بیان کرنا شروع کر دیا جس سے خود ستائی جھلکتی تھی حضرت نے فرمایا: ''بھائی! اپنے جذبات کو جذب کرو'' اور

پھر خاموش ہو گئے۔ (لولاک نمبر ص ۷۷)

ولی را ولی می شناسد :

حضرت مولانا شعیب فردوسی لکھتے ہیں :

"۱۹۷۲ء میں ہم جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی میں درجہ سابعہ (موقوف علیہ) کے طالب علم تھے، ایک دن صبح حسب معمول اسباق میں مشغول تھے، اعلان ہوا کہ تمام طلبہ مسجد میں جمع ہو جائیں، عالمی مجلس ختم نبوت کے مرکزی امیر حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب تشریف لانے والے ہیں۔ تھوڑی دیر میں حضرت مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ طلبہ کرام سے مخاطب ہوئے کہ: "آج جو بزرگ آپ کے سامنے تشریف لانے والے ہیں اگر ان کے بارے میں یہ کہا جائے کہ یہ اس وقت کے "قطب" ہیں تو مبالغہ نہ ہوگا اور ایک وقت ایسا آئے گا کہ آپ بہت فخریہ انداز میں کہا کریں گے کہ ہم نے حضرت خواجہ خان محمد کی زیارت کی ہے"۔

کسی نے بجا فرمایا ہے کہ "ولی را ولی می شناسد" یعنی اللہ والے کو اللہ والا ہی پہچان سکتا ہے آج جبکہ دونوں بزرگ اس دنیائے فانی سے کوچ کر کے راہی خلد بریں ہو چکے ہیں تو یہ احساس ہوتا ہے کہ ایک بزرگ نے دوسرے بزرگ کے بارے میں جو باتیں ارشاد فرمائی ہیں وہ واقعتاً مبنی برحق تھیں۔ (لولاک نمبر ص ۷۵)

مجذوب فقیر کی گواہی :

حکیم محمد اسلم ساکن گوجرہ راوی ہیں کہ ایک دن مغرب کے بعد ایک مجذوب

جا کر دروازہ بند کر دیا، دونوں بزرگوں کے رفقاء باہر انتظار میں کھڑے رہے، تھوڑی دیر بعد دروازہ کھلا، باہر تشریف لائے، اور آئی معانقہ مصافحہ ہوا اور حضرت خواجہ صاحب قبلہ اگلے سفر پر روانہ ہو گئے۔ ناقل حضرت صاحبزادہ حافظ محمد عابد کے کہنے پر مولانا جمال اللہ صاحب نے حضرت خواجہ صاحب سے عرض کیا کہ حضرت پیر شریف والے آپ کو علیحدہ لے گئے کس خاص امر پر مشاورت تھی؟ پہلے تو حضرت خواجہ صاحب نے خاموشی اختیار کی، مولانا جمال اللہ کے اصرار پر فرمایا کہ حضرت پیر شریف والوں کی محبت ہے مجھے بٹھایا خود میرے سامنے دراز ہوئے قلب مبارک سے کپڑا اٹھایا اور فرمایا کہ نقشبندی طریقے پر میرے قلب کو توجہ دے دیں میں نے حکم کی تعمیل کی انہوں نے اظہار محبت فرمایا اور پھر آ گئے۔ اس سے حضرت پیر شریف والوں کی قدردانی ہے وہ خود پیر طریقت اور شیخ وقت تھے لیکن حضرت خواجہ صاحب کو اس وقت مجددی نقشبندی سلسلے کا امام یقین فرماتے ہوئے اکتساب فیض کیلئے عرض کی۔ حضرت پیر والوں کی بے نفسی اور حضرت خواجہ صاحب کا مقام ان دونوں کو ایک اس واقعہ سے سمجھا جا سکتا ہے۔

گھر سے حضرت خواجہ صاحب کی ملاقات کے لیے چلا تھا:

لیجئے! لگے ہاتھوں ایک اور واقعہ بھی ہو جائے کہ ایک بار حضرت پیر شریف والوں نے حضرت خواجہ سے ملاقات کیلئے سندھ سے سفر کیا۔

خانقاہ سراجیہ تشریف لائے۔ چناب نگر ختم نبوت کانفرنس کے شروع ہونے سے ایک دن قبل حضرت خواجہ صاحب چناب نگر تشریف لائے۔ یاد رہے کہ حضرت خواجہ صاحب اپنی صحت کے زمانے میں چناب نگر ختم نبوت کانفرنس کے شروع ہونے سے ایک دن قبل تشریف لاتے۔ کانفرنس کے اختتام کے بعد مزید بھی ایک رات قیام فرماتے۔ یہ تقریباً آپ کا معمول تھا۔ اب خانقاہ سراجیہ سے حضرت پیر شریف والوں کو پتہ چلا کہ حضرت خواجہ چناب نگر تشریف لے گئے ہیں تو خانقاہ شریف سے چناب نگر صبح آٹھ نو بجے تشریف لائے۔ ہم خدام کی عید ہوگئی۔ گھنٹہ بھر حضرت خواجہ صاحب سے ملاقات رہی اور اجازت چاہی۔ حضرت خواجہ صاحب نے اجازت دے دی۔ حضرت پیر شریف والوں کو جاتا دیکھ کر ہم خدام دوڑے کہ حضرت! کانفرنس چند ساعتوں میں شروع ہونے والی ہے آپ افتتاحی بیان فرمادیں۔ حضرت پیر شریف والے مسکرائے اور فرمایا کہ کانفرنس میں شرکت ہوگئی۔ گھر سے صرف حضرت خواجہ صاحب کی ملاقات کے لئے چلا تھا۔ اس سفر میں حضرت خواجہ صاحب کی ملاقات کے علاوہ اور کسی مصروفیت کی آمیزش پر دل نہیں مانتا۔ ہم دل مسوس کر رہ گئے۔ حضرت خواجہ صاحب بھی مسکرا دیئے اور حضرت پیر شریف والے چل دیئے۔ سچ ہے کہ بڑوں کی باتیں بڑے ہی جانتے ہیں۔ ہم چھوٹوں کو دخل دینا و قیل و قال درمعقولات نہیں

بلکہ سوئے ادب کے زمرے میں آتا ہے۔ (لولاک نمبر ص ۱۱۹)

مولوی خان محمد تو ہمارے خاص آدمی ہیں :

ایک بار حافظ القرآن والحدیث مرد قلندر حضرت مولانا محمد عبید اللہ درخواستیؒ اور حضرت خواجہ خان محمدؒ لاہور میں تشریف فرما تھے۔ حضرت درخواستی نے کسی چغل خور کے کہنے پر حضرت خواجہ صاحب سے ناراضگی کا اظہار فرمایا۔ مجلس کے کچھ دیر بعد حضرت خواجہ صاحب اجازت لے کر واپس اپنی قیام گاہ چلے آئے۔ صبح نماز فجر سے قبل فون آیا کہ مرد قلندر حضرت درخواستی فرمارہے ہیں کہ خواجہ صاحب سے کہیں ناشتہ میرے ساتھ کریں۔ حضرت خواجہ صاحب نماز فجر کے بعد پہنچے تو حضرت درخواستی نے اپنی رات والی ناراضگی پر معذرت چاہی اور اس ضمن میں فرمایا۔ رات رسالت مآب ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ عبداللہ! رات تم نے زیادتی کی ہے، معذرت کرو، مولوی خان محمد تو ہمارے خاص آدمی ہیں۔ (شیخ المشائخ نمبر ص ۲۱۷)

دو بزرگ ہستیاں :

شیخ محمد اکرم نے شیخ التفسیر حضرت مولانا محمد علی کاندھلویؒ سے درخواست کی کہ ہمیں اپنا مرید بنا لیجئے۔ حضرت کاندھلوی نے فرمایا ارے میں تو پیری مریدی کے ابجد کو بھی نہ جانوں کہ وہ کیا ہے؟ بار بار کے اصرار پر فرمایا لو آج آپ کو بتائے دیتا ہوں اگر تو صرف نسبت چاہتے ہو تو جس سے جی چاہے بیعت ہو جائیے گا اگر احسان وسلوک سیکھنا چاہتے ہو تو میری نظروں میں صرف دو بزرگ ہستیاں ہیں، سلسلہ چشتیہ میں حضرت ڈاکٹر عبدالحیؒ اور سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ میں حضرت خواجہ خان محمد

صاحب۔ جس سے تمہی چاہے بیعت کا شرف حاصل کرلو۔ (ش ۱۹ء نمبر ص ۵۹۸)

حضرت خواجہ خان محمد کے خلفاء کے اسمائے گرامی :

1. حضرت حاجی عبدالرشید صاحب رحیم یار خان
2. حضرت مولانا نذر الرحمن رائے ونڈ
3. حضرت مولانا محب اللہ صاحب اورالائی بلوچستان
4. حضرت مولانا عبدالغفور صاحب ٹیکسلا
5. حضرت مولانا گل حبیب صاحب لورالائی بلوچستان
6. حضرت حافظ احمد سعید بھکر
7. حضرت مولانا محبوب الٰہی بیرون روڈ لاہور
8. حضرت ماسٹر شادی خان گوجرانوالہ
9. حضرت مولانا احمد دین بمقام داوڑا کلاں ضلع ساہیوال
10. حضرت مولانا نیاز محمد جھنگ
11. حضرت حافظ قطب الدین ساہیوال
12. حضرت مولانا غلام علی خالق آباد ضلع خوشاب
13. حضرت مولانا احمد رضا بجنوری انڈیا
14. حضرت مولانا مفتی احمد سعید ابن حضرت مدنی مفتی محمد شفیع سرگودھا
15. حضرت مولانا انظر شاہ کشمیری ابن مولانا انور شاہ کشمیری
16. حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی

حضرت خواجہ خان محمد صاحب نے ٹوٹی چٹائی پر بیٹھ کر جو کام کیا وہ تخت وکرسی

والے بھی انجام نہ دے پائے آپ کی زندگی آرام وآسائش عافیت اور اطمینان کی نہیں
بلکہ جدوجہد اور کشمکش کی زندگی تھی ، مساعد فضا، ناسازگار ماحول ، مانوس آب وہوا
اور ناخوشگوار حالات میں دینی وملی فرائض کی انجام دہی آپ ہی کا کام تھا۔ حضرت
خواجہ صاحب کی تبلیغی واصلاحی کوششوں کا کوئی احاطہ نہیں، نہ جانے ان کی مبارک
آنکھوں میں وہ کون سی مقناطیسیت بھری تھی کہ جس جانب اٹھتیں لوگ گرویدہ
ہوجاتے ۔ جنہوں نے ایک بار ان کی حلاوت گفتار کا مزہ چکھا زندگی بھر ان کو شہد کی
مٹھاس یاد نہ آئی ۔ ہزاروں نغموں اور ترانوں میں وہ سرور کہاں جو ان کے بے تکلف
الفاظ میں ہوتا ہزاروں کتابیں وہ کچھ نہ کر پائیں جو ان کے ایک لمحے نے کر دکھایا لاکھ
ہزار افراد ان کے حلقہ ارادت میں شامل ہوئے جن میں اکثریت علماء، قراء، ...
مدرسین اور تعلیم یافتہ افراد کی ہے . . . . . .

ہجوم کیوں ہے زیادہ شراب خانے میں
فقط یہ بات کہ پیر مغاں ہے مرد خلیق

حقیقت یہ ہے کہ حضرت خواجہ صاحب نے سختی اور نرمی، سردی اور گرمی میں
جس جاں سوزی کے ساتھ لوگوں کی تعلیم وتربیت ، اصلاح عقائد ، تزکیہ قلب ونفس کا
اہتمام کیا اس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ ان کی مبارک زندگی ایک پیکار مسلسل
تھی . . . . . .

نہ پوچھو ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہے تو دیکھ ان کو
ید بیضا لئے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

حضرت خواجہ صاحب پیروں اور بزرگوں کی اس جنس سے تعلق نہیں رکھتے

تھے جن کے بارے میں عوام کا خیال ہے کہ وہ خلاف فطرت زندگی گزارتے ہیں عوام سے لاتعلق رہتے ہیں، ذوق لطیف سے عاری ہوتے ہیں، اپنی ذات میں مگن ہوتے ہیں اور انہیں دنیا ومافیہا سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔ تلاش کرنے والوں کو حضرت خواجہ صاحب کی سوانح میں اس قسم کی بزرگی نہیں ملے گی۔ آپ کی بزرگی اتباع شریعت سے شروع ہوتی ہے اور اتباع شریعت پر ختم ہوتی تھی۔ نہ ایک قدم آگے نہ ایک قدم پیچھے، اگر ہم نے حضرت خواجہ صاحب کی زندگی اور حالات وواقعات کو مشعل راہ بنالیا تو ان شاء اللہ یہ ایمان افروز واقعات ہی حضرت خواجہ صاحب کی محفل اور مجلس کا نعم البدل ثابت ہوں گے۔

باب : ۸

مقام ومعیارِ ولایت، کشف وکرامات اور خصوصیات

بالعموم تصوف اور صوفیاء کا ذکر آتے ہی ذہن شب وروز کے اوراد ووظائف، چلوں، مراقبوں، تسبیح گردانی اور "حق" "ہو" کی ضرب کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ صوفیا انہیں سمجھا جاتا ہے جن کے ہاتھوں سے دن رات خوارق عادات واقعات کا ظہور ہوتا رہتا ہے۔ انکشافات کا دور دورہ ہوتا ہے، یہ لوگ کبھی سمندر میں مصلے سے کشتی کا کام لیتے ہیں، کبھی ذرا جنبش کی تو فضاؤں میں اڑنا شروع کر دیتے ہیں، یہ ذہن بھی عام ہے کہ اہل تصوف صرف وہ لوگ ہو سکتے ہیں جو مہینوں غسل نہ کرتے ہوں، ڈھنگ کا لباس نہ پہنتے ہوں، ننگ دھڑنگ آلتی پالتی مارے دھواں سلگا کر بیٹھے ہوں، ایک اہل نظر جو سالہا سال تک قریہ قریہ، گلی گلی، کوچہ کوچہ، گاؤں گاؤں، قصبہ قصبہ اور شہر شہر گھوم پھر کر مرحوم اولیاء کرام کے حالات ان کے مریدین سے جمع کرنے کی کاوش میں مصروف تھے بالآخر تنگ آ کر لکھا، میں بزرگوں کے مریدوں اور متعلقین سے ان کے مبالغہ آمیز واقعات سن کر اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ان کی ساری زندگی فطرت سے جنگ کرتے گزری، مہینوں غسل نہ کرنا، میلا کچیلا لباس زیب تن کرنا،

ضبطِ رقم کے باوجود رقم نکلوالی:

حضرت خواجہ صاحب کے صاحبزادے خواجہ [illegible] لکھتے ہیں:

"ایک دفعہ لندن میں بینک اکاؤنٹ میں نے کھلوایا۔ لندن میں ہمارے دوست گوہر صاحب ہیں انہوں نے ایک ہی دفعہ میں بہت بڑی رقم میرے اکاؤنٹ میں ڈال دی۔ اسی دوران ۹/۱۱ کا واقعہ ہو چکا تھا، مسلمانوں پر بہت سختی تھی، میں لندن میں ایک مسافر تھا، چند دن کے لئے آیا تھا۔ جب اتنی بڑی رقم میرے اکاؤنٹ میں جمع ہوئی تو مجھے بینک کی طرف سے ایک نوٹس آیا کہ آپ کی رقم ضبط کر لی ہے، جب تک اس رقم کا پتہ نہیں چلتا کہ یہ کہاں سے آئی ہے۔ حکومت برطانیہ کے پاس رہے گی۔ آپ کا اکاؤنٹ بند کر دیا گیا۔ میں نے حضرت خواجہ صاحب سے دعا کی درخواست کی۔ حضرت خواجہ صاحب نے متوجہ ہو کر دعا کی، میں بینک چلا گیا، خیال آیا کہ مجھے بند کرنے سے پہلے میں کاؤنٹر پر جا کر چیک دوں اور پیسے نکلوا لوں، خواجہ صاحب نے دعا کی ہے سب ٹھیک ہو جائے گا۔ میں کاؤنٹر پر گیا، چیک دیا اس نے مجھے ساری رقم جو بینک میں پڑی تھی دے دی، رقم لے کر منیجر کے پاس گیا اس کو میں نے بتایا کہ رقم میں نے کیش کروالی ہے۔ منیجر نے مجھے کہا کہ آپ کی رقم حکومت نے ضبط کر لی ہے۔ آپ اس کا ثبوت دیں گے تو رقم ملے گی میں نے منیجر کو کہا کہ میں نے رقم نکلوالی ہے۔ منیجر نے کہا یہ ممکن

نہیں۔ اسی طرح نہیں ہو سکتا، میں نے کہا میں سچ بول رہا ہوں۔ منیجر نے کیشئر کو بلایا اور پوچھا کہ واقعی تم نے ان کو رقم دے دی ہے۔ اس نے میری بات کی تصدیق کی۔ منیجر حیران ہو گیا اس نے کہا یہ عجیب غریب واقعہ ہے اب آپ خاموشی سے چلے جائیں۔ اب ہماری نوکری کو خطرہ ہے۔ میں نے خواجہ صاحب کو آ کر بتایا تو مسکرا دیے۔"

کتے قریب نہ آئے:

۲۰۰۲ء کو لندن کانفرنس کے لیے روانگی ہوئی۔ لالہ سعید اور لالہ رشید احمد ساتھ تھے جب جہاز ہیتھرو ائرپورٹ پر اترا تو ائیرپورٹ پر بہت سخت سیکورٹی تھی۔ پولیس والے کتے لے کر چیکنگ کر رہے تھے۔ میرے ایک ہاتھ میں خواجہ صاحب کے وضو والا بیگ تھا اور دوسرے ہاتھ میں خواجہ صاحب کا ہاتھ مبارک۔ مجھے ڈر تھا کہ یہ کتے اب بیگ کو بھی سونگھیں گے اور کپڑوں کو بھی، کتے نے سارے جہاز کے لوگوں کے کپڑوں اور بیگ کو سونگھا، لیکن نہ خواجہ صاحبؒ کے قریب آئے اور نہ میرے قریب آئے۔ بیگ کو بھی نہ سونگھا۔

کینسر ختم ہو گیا:

لاہور میں میاں اویس صاحب ہیں ان کی اہلیہ کو شوکت خانم کے ڈاکٹرز نے کینسر کی بیماری بتلائی۔ ان کی اہلیہ خواجہ صاحب کے پاس آئی دعا اور دم کرایا۔ ایک ہفتہ بعد شوکت خانم ہسپتال گئی اور کینسر کا ٹیسٹ کرایا، ٹیسٹ بالکل ٹھیک آیا کینسر کا نام ونشان نہیں تھا۔ ڈاکٹرز حیران رہ گئے۔ (لولاک نمبر ص ۵۷)

کیمرہ کی آنکھ بند اور کیمرہ مین کی آنکھیں کھل گئیں:

ملک ظفر اقبال مدظلہٗ ساکن واہ کینٹ بیان کرتے ہیں کہ پشاور کی ختم نبوت کانفرنس میں ایک صاحب نے نکاح مسنونہ میں حضرت خواجہ صاحبؒ کو شمولیت کی دعوت دی جس کو آپ نے قبول فرمایا، صاحب خانہ کے ہاں نکاح پڑھا کر آپ نے چھوہارے بارات پر پھینکے تو ارشاد فرمایا: یہ بھی مسنون ہے جونہی آپ کی نظر مووی کیمرہ والوں پر پڑی تو گردن مبارک ہلاتے ہوئے اشارہ سے منع فرمایا تو دنیا کی لالچ میں مووی والوں نے سنی ان سنی کر دی تھوڑی دیر میں مووی بند ہو گئی، بہت کوشش کی گئی مگر تمام کوششیں اکارت ہو گئیں، جب آپ روانہ ہونے لگے تو مووی والا روتے ہوئے آپ کے قدموں میں گر پڑا کہ میں تو غریب آدمی ہوں یہ ساز و سامان تو میرے دوست کا ہے جو کہ میں ان سے مستعار لایا ہوں پھر اس نے گاڑی میں آپ کے پاؤں پر ہاتھ رکھ کر معذرت چاہی کہ آئندہ ایسا کام نہیں کروں گا، روانگی کے بعد جونہی اس نے مووی چلائی تو درست پا کر دوست کی امانت واپس کی اور تیس ہزار روپیہ کے جرمانہ اور رسوائی سے نجات پائی۔ آپ کی توجہ عالی سے توبہ کی توفیق باذن اللہ مفت میں ہاتھ آئی اللہ اللہ! کیمرہ کی آنکھیں بند اور ان کی ایک نظر کریمانہ سے بند آنکھیں کھل گئیں۔ (لولاک نمبر ص ۱۰۱)

مجذوب سے خطاب:

مولانا صاحبزادہ عزیز احمد فرماتے ہیں کہ:

مشرقی پاکستان کے سقوط سے قبل خانقاہ شریف میں ایک مجذوب کا آنا جانا شروع ہوا، جب حضرت قبلہؒ سے سامنا ہوتا تو عرض کرتا، بہت خون ہوگا، بہت نقصان ہوگا، اس کو روکیں، حضرت قبلہ سن کر خاموش رہتے، وہ خانقاہ شریف میں پھرتا رہتا

جب حضرت قبلہؒ سے ملتا یہی عرض کرتا، باقی کسی سے کلام نہ کرتا، دو چار روز رہ کر پھر چلا جاتا، دس بارہ روز کے بعد پھر آ جاتا، وہی عرض کرتا، چار روز رہ کر پھر چلا جاتا، دس بارہ روز کے بعد پھر واپس آ جاتا، وہی عرض کرتا چار روز کو پھر چلا جاتا۔ مشرقی پاکستان کے سقوط سے چند ہفتے پہلے آیا اور خلاف معمول حضرت قبلہ کے پاؤں دبانے لگ گیا اور ساتھ ساتھ عرض کرتا جاتا: "اپنی کری جاندی او..... ساڈی وی تے من لیا کرو" یعنی اپنی مرضی کرتے ہیں کبھی ہماری بھی تو مان لیں۔ یہ سن کر پہلی بار حضرت قبلہ نے اسے فرمایا کہ "فیصلے نہیں بدلا کرتے" اس پر اس نے جھرجھری بھری اور اٹھ کر یہ کہتا ہوا چلا گیا: "ساڈا کی اے..... ہوندا تے ہو جائے" یعنی ہمارا کیا ہے ہونا ہے تو ہو جائے۔ ہم نے اپنی ڈیوٹی پوری کی اس کے بعد پھر وہ کبھی نہیں آیا اور اس کے جانے کے چند ہفتوں بعد سقوط ڈھاکہ ہو گیا۔ (لولاک نمبر ص ۹۱)

درد بھی جاتا رہا اور نماز کا ناغہ بھی:

فیصل آباد میں الحاج خلیل احمد لدھیانوی اور ان کے بھائی الحاج جناب حنیف رضا ہوتے تھے جناب حنیف رضا کے صاحبزادے الحاج جناب خالد عمران کا حضرت خواجہ صاحبؒ سے بیعت کا تعلق ہے، پہلے یہ سپاہ کے بہادر رہنما تھے آج کل اپنے والد گرامی کی قلم کی آبرو کے پاسبان ہیں۔ روزنامہ سلام کے ادارتی ذمہ دار حضرات میں سے ہیں، ان کی روایت ہے کہ رات گئے کام کرنے کے باعث صبح کی نماز کیلئے اٹھنا میرے لئے بہت مشکل تھا، حضرت خواجہ صاحبؒ سے عرض کیا، آپ مسکرائے اور فرمایا کہ: اللہ تعالیٰ بھلی فرمائیں گے، اگلے روز فجر کی اذانوں کے قریب میری کمر میں شدید درد شروع ہو گیا، اٹھا وضو کیا، اتنے میں اذانیں ہو گئیں، نماز پڑھی،

درد جاتا رہا، اگلے روز پھر اسی طرح کہ اچانک نماز کے قریب درد کا دورہ ہوگیا وضو کیا، درد ختم، متواتر کئی روز ایسے ہوا تو صبح اٹھنے کی عادت پڑ گئی، اب اللہ تعالیٰ نے کرم فرمایا کہ درد بھی جاتا رہا اور نماز کا ناغہ بھی نہیں ہوتا۔

ابھی تو میں زندہ ہوں :

معروف مبلغ ختم نبوت حضرت مولانا محمد اکرم طوفانی صاحب مدظلہ سرگودھوی نے سنایا کہ میری گاڑی کا ایکسیڈنٹ ایسا خطرناک ہوا جس سے گاڑی تباہ ہوگئی دیکھنے والوں کو میری موت کا یقین کامل تھا جب کار میں سے نعش مجھے کھینچنے لگے تو میں نے کہا: "ابھی تو میں زندہ ہوں" آنکھ میں شیشہ لگا ڈاکٹروں نے کہا: "مولوی صاحب! ہمیں سو فیصد یقین ہے کہ تمہاری آنکھ نہ بچے گی صرف پانچ فیصد چانس آنکھ بچنے کے ہیں"۔ حضرت خواجہ صاحبؒ تیمارداری کے لئے ہسپتال تشریف لائے تو میں نے عرض کیا: "آنکھ کے ضائع ہونے سے مرزائی خوش ہوں گے اور کہیں گے یہ ہر وقت مرزا غلام احمد قادیانی کو کانا دجال کہتا اور اس کی نقلیں اتارتا تھا اس لئے مولوی کانا ہوگیا اور یہ کرامت مرزا ہے"۔ (العیاذ باللہ تعالیٰ منھم) ارشاد فرمایا: "اللہ تعالیٰ خیر کری فکر نہ کر" (اللہ تعالیٰ خیر فرمائیں گے فکر نہ کر) پھر آنکھ پر دم فرمایا اور آنکھ میں لعاب دہن ڈالا، دعائیں دیتے ہوئے سفر پر روانہ ہوگئے۔ آنکھ کے آپریشن کے بعد ڈاکٹروں نے مجھے مبارک باد دی اور کہا تمہاری آنکھ کا آپریشن کامیاب رہا ہے میں نے کہا: یہ اللہ تعالیٰ کا فضل خاص میرے پیر و مرشد حضرت خواجہ صاحبؒ کی زندہ کرامت اور نبی کریم ﷺ کا معجزہ ہے۔ مولانا نے فرمایا کہ آپ کا ارشاد سنتے ہی میں تو علم الیقین سے ترقی کرکے حق الیقین کی بلندیوں پر فائز ہوگیا۔

آنکھ کے ضائع ہونے کے خدشہ اور اپنوں اور بیگانوں کے دل خراش جملوں سے اسی وقت محفوظ ہو گیا تھا جب حضور والا نے دم کیا اور دعا فرمائی۔ (لولاک نمبر ص ۲۸۲)

کیویں مہربانی فرمائی اے :

حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب راوی ہیں :

"پرویز مشرف کے زمانہ اقتدار میں "مشین ریڈایبل پاسپورٹ" تیار ہوا اس کی ڈیزائننگ کرتے ہوئے خانہ مذہب کو حذف کر دیا گیا۔ حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب سے ہم نے درخواست کی۔ آپ کی منظوری اور رہنمائی اور تقسیم کار سے عالمی مجلس نے اپنا کام شروع کر دیا بہت لمبی محنت کرنی پڑی، کئی ماہ اس جدوجہد پر لگ گئے، لیکن اللہ تعالیٰ نے کرم کیا۔ پرویز مشرف کی گردن کا سریا تیڑھا ہوا، کفر ہار گیا۔ اسلام والے جیت گئے پاسپورٹ میں خانہ مذہب بحال ہو گیا (اے کاش کوئی اللہ کا بندہ اس پوری تحریک کی کارروائی قلم بند کرے) انہیں دنوں ملک بھر میں جلسہ جلسے جلسے ہو رہے تھے کہ ...

رحمن پور میں مولانا محمد یوسف نقشبندی مبلغ ہیں، انہوں نے جلسہ رکھا، فقیر کا کوئی اور اہم سفر درپیش تھا۔ حضرت مولانا محمد اکرم طوفانی مرکز سے حکم ملا۔ بارشوں کا موسم تھا آپ نے گاڑی ثناء، جناب محمد اسلام، جناب محمد اسمٰعیل کے ہمراہ سرگودھا سے ملتان، وہاں سے ڈیرہ غازیخان، آگے ڈیرہ غازیخان سے پوری سڑک کا ستیاناس نہیں بلکہ سوا ستیاناس۔ پوری اُدھیڑ کرنئی بنا رہے تھے۔ جیسے کیسے طوفانی صاحب رحمن پور پہنچے آگے جلسہ میں صرف پچاس آدمی، طبیعت پر جبر کر کے رہ گئے، واپسی پر بجائے ملتان جانے کے ڈیرہ غازیخان سے ڈیرہ اسماعیل خان کے راستہ خانقاہ شریف جانے

کا فیصلہ کرلیا، تونسہ کے قریب مین روڈ پر ایک نہر کا پل ٹوٹا ہوا تھا، پر دوسری سمت گاڑی چلا دی۔ دس کلومیٹر کے بعد دوسری پل سے نہر عبور کر کے لنک روڈ سے مین روڈ کی طرف سفر شروع کیا تو لنک روڈ پر موٹا موٹا روڑہ، گاڑی کی کمانی ٹوٹ گئی۔

اس حالت میں گاڑی بانچ کا بجا مین روڈ پر پہنچی، ویلڈ کرائی، سفر شروع۔ آگے ڈیرہ اسماعیل خان سے چشمہ بیراج کے بجائے بھول کر بھکر روڈ پکڑ لیا، اب بھکر سے خانقاہ سراجیہ آئے تو عشاء کی نماز ہو چکی تھی، پورا دن سفر کی نذر ہو گیا۔ خیال ہوا کہ حضرت خواجہ صاحب گھر تشریف لے گئے تو ملاقات صبح ہوگی، خیر، گئے تو ابھی عشاء کے بعد حضرت خواجہ صاحب اپنے کمرہ میں تشریف فرما تھے۔ حضرت طوفانی دو دن سے روڈ پر دھکے کھا رہے تھے۔ طبیعت سخت نڈھال تھی۔ حضرت خواجہ صاحب نے دیکھ کر فرمایا (کیویں مہربانی فرمائی اے) کیسے تشریف آوری ہوئی، طوفانی صاحب نے عرض کیا حضرت! تھک گئے ہیں، جان نکل گئی، مردود مشرف حکومت پاسپورٹ میں خانہ مذہب بحال نہیں کر رہی، آپ دعا فرمادیں، حضرت خواجہ صاحب نے ہاتھ مبارک اٹھائے اور دیر تک دعا کرائی۔ مولانا طوفانی کا کہنا ہے کہ مجھے مجلس کے اثرات سے لگا کہ کام ہو گیا ہے، حضرت طوفانی صاحب فرماتے ہیں کہ اگلے دن شام مولانا اللہ وسایا نے فون کیا کہ خانہ بحال ہو گیا، طوفانی صاحب نے فرمایا کہ میرے حضرت خواجہؒ صاحب کی دعا کو اللہ تعالیٰ نے قبول فرمایا۔ فالحمدللہ! یوں کئی ماہ کی محنت رنگ لائی اور مسئلہ حل ہو گیا۔ (لولاک نمبر ص ۹۸)

کھجور کے تازہ ڈوڈے:

مجذوب بزرگ حضرت رانا بندو خان ساکن کلور کوٹ خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ

مجددیہ کندیاں شریف کے مشرقی سمت درختوں کے جھنڈ میں بیٹھے چھابڑی والے سے دو کے (کھجور کے تازہ نیم پکے پھل) خریدنے کے بعد کاغذ میں چیٹ کر سنبھال رہے تھے، میں نے عرض کیا باباجی! اس عمر میں سنبھال کر کیا کرو گے؟ کہنے لگے: "حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ سے دم کروا کر اپنے وسیب لے جاؤں گا وہاں جا کر بیماروں، بے دینوں اور بے نمازیوں کو کھلاؤں گا تا کہ وہ صحت مند، دیندار اور ایماندار بن جائیں"۔

میں نے پوچھا: باباجی! پہلے بھی کبھی ایسا تجربہ ہوا، بڑی بے نیازی سے فرمانے لگے:

"الحمد للہ! بڑی بار تجربہ اور مشاہدہ ہوا ہے! میرا جب بھی خانقاہ شریف آنا ہوتا ہے تو کوئی نہ کوئی چیز دم کروا کر ضرور لے جاتا ہوں اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے جتنے بھی جسمانی اور روحانی بیمار کھاتے ہیں ٹھیک ہو جاتے ہیں، ہاں جس کی قسمت پھوٹ گئی ہو تو چارہ نہیں۔

حسن نام رکھنا:

سرور صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت خواجہ صاحب سے عرض کیا کہ حضرت! میری نرینہ اولاد نہیں ہے۔ آپ دعا فرمادیں آپ نے تھوڑی دیر بعد سر مبارک اٹھایا فرمایا کہ آپ اپنے بیٹے کا نام کیا رکھیں گے؟ میں نے عرض کیا کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسوں میں سے حسنؓ یا حسینؓ نام رکھوں گا آپ نے فرمایا کہ حسن نام رکھنا، اگلے سال حضرت تشریف لائے تو میں نے چھوٹے سے حسن کو آپ کی گود میں رکھا، آپ نے بہت دعائیں دیں، اس وقت وہ دین کی تعلیم حاصل کر رہا ہے۔

حضرت خواجہ صاحب کی دعا کا اثر:

جناب سرور کلیم اللہ جو ڈنگا سٹی برطانیہ میں رہتے ہیں، بیان فرماتے ہیں کہ حضرت

سے ماسٹر منظور احمد کے نواسے ہیں۔ ماسٹر صاحب حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری کے خلیفہ مجاز تھے، یہ دونوں روایت کرتے ہیں کہ حضرت خواجہ صاحب ٹوجرہ میں حضرت ماسٹر صاحب کے ہاں تشریف لائے ہوئے تھے اس زمانے میں ٹوجرہ کی آبادی کا وہ حصہ جس میں ہماری رہائشیں تھیں وہ چونکہ منظور شدہ کالونی نہ تھی۔ حکومت نے نوٹس دے دیا کہ پوری کالونی خالی کردی جائے، دو ماہ کے بعد اس کالونی کو مکمل گرادیا جائے گا۔ اس سے ہم بہت پریشان تھے، حضرت خواجہ صاحب سے دعا کیلئے عرض کیا، اس دن خلاف معمول بڑے جلال سے فرمایا کہ اس آبادی کو کسی کا باپ بھی نہیں گراسکتا اللہ تعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ چند ماہ بعد اس کالونی کی پوری آبادی کو بجائے گرانے کے مالکانہ حقوق مل گئے۔ (ماہنامہ نقیب ختم نبوت ص ۵۵)

مٹھی بند کر لی:

حضرت مولانا شیخ رشید الحق خان عابد تحریر فرماتے ہیں:

"خانقاہ شریف میں گرمیوں میں عصر کی مجلس میں بندہ بھی حاضر تھا، حضرت کے حجرہ شریف اور مسجد کے صحن کے درمیان کھلی فضا میں مجلس ہوتی تھی، حضرت چارپائی پر تشریف فرما تھے، بندہ بھی آہستہ آہستہ قریب پہنچا، دبانے والے ساتھی نے حضرت کا بازو اس انداز سے تھام رکھا تھا کہ دست مبارک مجھے نظر آرہا تھا، بندہ چونکہ پامسٹری کا شوق بھی رکھتا تھا خیال ہوا کہ حضرت کے دست مبارک میں کونسی ایسی لکیر ہے جو حضرت کے امام وقت ہونے پر دال ہے، دیکھنا چاہیے، بندہ وتے غیر محسوس طریقے سے مزید قریب ہونے کی کوشش

کی حضرت سے مکشوف ہونے پر فوراً لطیف حیلے سے دست مبارک
کا رخ اپنی طرف فرما کر مٹھی بند کر لی اور دو تین بار بندہ کی طرف
خاص نظروں سے دیکھا اور آخر تک مٹھی بند ہی رکھی۔"

روشن ضمیر ہونے کی دلیل :

حضرت خواجہ صاحب اپنی افتاد طبع اور خاموشی کی بناء پر بوقت ملاقات عام طور پر رسمی علیک سلیک پر ہی اکتفا فرماتے تھے۔ بہت ہی اخص الخواص حضرات سے معمول سے زائد انبساط بھی کبھی فرمایا کرتے تھے۔ حضرت اسلام آباد تشریف لائے ہوئے تھے، بندہ حاضر ہوا، گھر کے کسی بچے نے بتایا کہ حضرت کھانا تناول فرما رہے ہیں۔ چنانچہ بندہ نے باہر گلی میں ہی چہل قدمی میں بہتری سمجھی۔ خیال ہوا کہ اندر مجمع بھی ہوگا، سرسری سی ملاقات ہو سکے گی۔ کاش کہ حضرت خود ہی خلاف معمول کافی انبساط وشفقت فرمائیں! چنانچہ حضرت کے فارغ ہونے پر بندہ حاضر ہوا۔ حضرت نے بوقت سلام خلاف معمول بندہ کا ہاتھ کافی دیر تھامے رکھا اور حال احوال پوچھتے رہے۔ بالآخر بندہ اپنے خیال اور خواہش پہ مسکرا دیا۔ حضرت بھی مجھے دیکھ کر مسکرائے اور پھر ہاتھ چھوڑ دیا۔ اسی طرح میرے علاوہ ہزاروں معتقدین کیساتھ ایسے واقعات بارہا پیش آئے ہوں گے جو کہ حضرت کے انتہائی روشن ضمیر ہونے پر دال ہیں۔ (خوانِ خلیل ص ۲۰۵)

قبضے کو مزاحمت نہ ہوگی :

حضرت مولانا محمد صدیق صاحب راوی ہیں :

مجلس تحفظ ختم نبوت کا نیا دفتر جب ملتان میں بنا تو تعمیر دار حساب کتاب کا الجھاؤ ڈال کر قبضہ نہیں دینا چاہتا تھا، اور باوجود مذاکرات کی کثرت کے جب وہ نہیں

مانا تو ایک مرتبہ حضرت نے جلال میں آ کر فرمایا: قبضہ لے لو کوئی مزاحمت نہیں ہو گی۔
چنانچہ جب ختم نبوت کے رضا کار قبضہ کرنے گئے تو بلا مزاحمت قبضہ لے لیا اور کوئی
ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔ بندہ نے سنا ہے کہ جب اس سلسلے کے حضرات کوئی ارادہ
فرما لیتے ہیں تو مزاحمت نہیں ہوتی۔ (لولاک نمبر ص ۳۱)

حضرت خواجہ خان محمدؒ صاحب کی بے شمار کرامات عوام الناس کی نظر سے
گزریں لیکن سب سے بڑی کرامت ان کی دینی استقامت تھی۔ جس پر لاکھوں
کرامتیں قربان کرنے کو جی چاہتا ہے۔ حضرت خواجہ صاحبؒ مجسمہ علم و اخلاص تھے،
وہ پیکر فضل و کمال، ایمان و معرفت اور زہد و ورع تھے بچپن سے لے کر زندگی کے آخری
سانس تک ان کی زندگی جس پاکیزگی و طہارت، پابندی شریعت کا نمونہ رہی۔ وہ یقیناً
اللہ تعالیٰ کی خاص توفیق کا ثمرہ تھی۔ ہمارے حضرت خواجہ صاحب معصوم نہ تھے لیکن
پارسائی کا کامل نمونہ ضرور تھے۔ ارشاد و ہدایت، پند و نصیحت، تلقین، ذکر و شغل ان کے
عمر بھر کے مشاغل رہے۔ جود و سخا، تواضع و انکسار، ایثار و قربانی، شکر و احسان، احترام
معاصرین، محبت علماء و صلحاء ان کا شعار تھا، شعائر اسلامی کی عظمت و بقا کی فکر، دینی
تصلب و حمیت ان کی قوت خلق کا امتیازی نشان تھا۔ حضرت خواجہ صاحب کی سیرت
و کردار کے اجلے نقوش سے ہدایت و رہنمائی کا کام لیا جاتا رہے گا اور ان کی کرامات
کے تذکرے ہمیشہ یہ ثابت کرتے رہیں گے کہ ......

مصرع نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اخفائے حال، وقت کی پابندی اور حسن خط :

شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان مدظلہ العالی رقمطراز ہیں :

حضرت مولانا خان محمد صاحبؒ "دارالعلوم دیوبند" کے فاضل تھے، اور امام اہل سنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدرؒ وہ بھی "دارالعلوم دیوبند" کے فاضل تھے۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کی کرامت کا فیض ایسا مبارک کیا کہ ایک طرف حضرت مولانا خان محمد صاحبؒ کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اسلام کی خدمت کرنے کے لئے اور عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے جو توفیق مرحمت فرمائی، وہ اپنی جگہ پر معروف ہے، معلوم ہے۔ حضرت مولانا سرفراز خان صفدرؒ کو بھی اہل السنت والجماعت کے معتدل مسلک جس کو "مسلک علمائے دیوبند" بھی کہا جاتا ہے اس کی خدمت کی بہترین اور اعلیٰ درجے میں توفیق عطا فرمائی۔ حضرت خواجہ خان محمد صاحب سے احقر کا تعلق قدیم زمانے سے چلا آرہا ہے، حضرت کے خطوط بھی میرے پاس آتے رہے ہیں، کئی مرتبہ حضرت والا کی خدمت میں حاضری کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔ حضرت مولانا (خواجہ خان محمد صاحبؒ) کا ایک خاص امتیاز تھا "اخفائے حال" کا۔ وہ جس مرتبے پر فائز تھے، اللہ تبارک وتعالیٰ نے جو مقام بلند ان کو عطا فرمایا تھا، اس کے بعد اخفاء میں انہوں نے اتنی کوشش کی، اتنی کوشش کی، آپ یوں سمجھئے کہ گفتگو کرنی ہی ختم کردیا، وہ نہ کوئی بات فرماتے تھے، نہ کبھی تقریر کرتے تھے، نہ کہیں مضمون کی اشاعت کرتے تھے، خاموش رہتے تھے، بالکل خاموش۔ ان کی بارگاہ میں حاضری دینے والوں کی جماعت سینکڑوں اور ہزاروں کی تعداد میں ہوتی تھی اور وہ سب کے لئے دعائے خیر فرماتے تھے۔ تو گویا ان کا نمایاں امتیاز "اخفائے حال" کا تھا۔ لوگ اپنے آپ کو ظاہر کرنے کے لئے کیا کیا جتن کرتے ہیں اور کیا کیا طریقے اختیار کرتے ہیں، لیکن وہاں ان طریقوں کو یکسر نظر انداز کرکے وہ "اخفاء" کا اہتمام کرتے تھے۔

دوسرا ایک امتیاز جو میں نے محسوس کیا وہ یہ کہ وہ اپنے اوقات کے بہت سختی

سے پابند تھے، ان کے ہاں یہ نہیں ہوتا تھا کہ کسی کام کے لئے کوئی وقت مقرر کیا گیا ہو، اور پھر اس میں آدھے گھنٹے کی تاخیر ہو رہی ہو، یا ایک گھنٹے کی تاخیر۔ وہ وقت کی پابندی بہت اہتمام سے فرماتے تھے۔

اس کے علاوہ تیسری ایک بات میں نے یہ محسوس کی کہ وہ بہت حاضر دماغ انسان تھے، ان کا دماغ بہت متیقظ تھا اور وہ غفلت کا شکار کبھی نہیں ہوتے تھے۔ یہاں چونکہ مجھے کوئی تفصیلی گفتگو ان کے حوالے سے نہیں کرنی ہے، اس لئے اپنے چند تاثرات کا میں نے آپ کے سامنے ذکر کیا۔ (۱) ''اخفاء حال'' کا بہت زیادہ اہتمام تھا۔ (۲) ''وقت کی پابندی'' بہت اہتمام سے فرمایا کرتے تھے۔ (۳) اس کے علاوہ حالاتِ حاضرہ سے بے خبر نہیں رہتے تھے، حالات کا علم ان کو ہوتا تھا۔

تحقیق کے بعد بھی علماءِ دیوبند کی تقلید :

اس موقع پر صدر وفاق المدارس شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدرؒ کا بھی تذکرہ فرمایا۔ افادۂ عام کے لئے وہ بھی شریکِ باب ہے :

وہ امام اہل سنت کے مقام پر فائز ہوئے، اللہ نے ان کو جس اسلام کی خدمت کی توفیق عطا فرمائی۔ وہ آپ حضرات کے علم میں ہے۔ مولانا سرفراز خان صفدرؒ علمائے دیوبند کے ساتھ اپنی وابستگی کا جس قوت کے ساتھ اظہار فرماتے تھے، اس کا ان کے ایک ارشاد سے اندازہ ہوتا ہے فرماتے ہیں :

> ''میں اگر کسی مسئلے میں تحقیق کروں اور تحقیق بلیغ کے بعد کسی ایک نکتۂ نظر اور کسی ایک رائے پر میں پہنچ جاؤں، تحقیق بھی خوب کی اور تحقیق خوب کرنے کے بعد پھر ایک رائے بھی میری بن گئی اور اس

رائے کے بعد پھر میں نے یہ دیکھا کہ علمائے دیوبند کی رائے سے میری رائے میں ذرا سا اختلاف اور ذرا سا تضاد ہے تو میں..... اپنی رائے کے کاغذ کو پھاڑ کر پھینک دوں گا اور علمائے دیوبند نے جو رائے دی ہے اس کو اختیار کروں گا.....“۔

کتنی قوت کے ساتھ انہوں نے یہ بات کہی۔ آپ کو معلوم نہیں ہے کہ ان کی تحقیق کا عالم یہ تھا کہ وہ کوئی بات بغیر حوالہ کے نہیں کرتے اور حوالے کے لئے بعض اوقات ساری ساری رات گزر جاتی تھی حوالہ تلاش کرنے میں، اور جب تک وہ حوالہ نہیں مل جاتا تھا ان کو تسلی اور اطمینان نہیں ہوتا تھا۔

اور ایسا محقق جب ایک رائے قائم کرتا ہے اس رائے کے اوپر اس کو اعتماد بھی ہوتا ہے، لیکن وہ کہتے ہیں کہ ”اگر میری رائے علمائے دیوبند کی رائے سے مختلف ہوئی تو میں اپنی رائے کا کاغذ پھاڑ کر پھینک دوں گا اور علمائے دیوبند نے جو فیصلہ کیا ہے اسی کو اختیار کروں گا“۔

حضرت مولانا سرفراز خان صفدرؒ کا قرآن کریم کے ساتھ جو شغف تھا اس کا بھی آپ کو علم ہوگا۔ اپنی مسجد کے اندر بھی درس دیتے تھے، اسی طرح ”دارالحدیث“ میں آکر حدیث کا سبق شروع کرنے سے پہلے قرآن کریم کا درس دیتے تھے اور سالانہ بھی ان کے ہاں درس کا اہتمام ہوتا تھا۔ اللہ نے ان سے بڑی خدمت لی ہے۔ (اقتباس از بیان بر موقع ختم بخاری شریف، جامعہ فاروقیہ کراچی)

(ماہنامہ ”صفدر“ شمارہ نمبر 6)

☆ ☆ ☆

باب : ۹

ارشادات، افادات اور ملفوظات

خاموشی کیا ہے؟ خاموشی ایک زبان ہے جسے ہر کوئی اپنے ڈھنگ سے بولتا ہے، خاموشی بولتی ہی نہیں چیختی بھی ہے، پکارتی اور للکارتی بھی ہے، خاموشی سکہ رائج الوقت ہے جب بھی رائج ہو جاتی ہے۔ یہ تو کسی کو خرید لیتی ہے یا کسی کو بیچ دیتی ہے، یہ ہمیشہ رائج نہیں رہتی خاص موقع اور خاص وقت پر استعمال کی جاتی ہے اس لئے کم بولنے اور زیادہ سننے والوں کو عقل مند کہا جاتا ہے۔ گفتگو اگر حکمت سے لبریز، مٹھاس سے معمور اور حسن بیان سے بھرپور ہو تو ایک ایک حرف اچھا اثر چھوڑتا ہے۔ صحابہ کرامؓ کی کردار سازی میں جہاں محمد عربی ﷺ کے جمال ایمان افروز کا اثر تھا وہاں آپ کے بیان فیض ترجمان کی تاثیر کا بھی خاصہ حصہ تھا۔ ہمارے حضرت خواجہ بھی اکثر خاموش رہتے، جب بولتے تو چھوٹی چھوٹی مگر حکمت و موعظت سے لبریز باتیں ارشاد فرماتے آپؒ کی گفتگو، تاثیر، کشش اور کیف میں رچے بسے جملے، معارف و حقائق کے خزینے دامن میں لئے ہوئے مختصر اقوال بلاشبہ مریدوں کی سیرتوں پر بے پناہ اثرات مرتب کرتے تھے، ان سے جہاں ایمان تازہ ہوتا وہاں عرفان کو بھی غذا ملتی۔ جب ہم حضرت خواجہ صاحب کی مجالس و محافل کے بارے میں سنتے اور ان کے ملفوظات کا مطالعہ کرتے ہیں تو ان کی محفل و مجلس ایسا چمنستان نظر آتی ہے جس میں ہر گل اپنا رنگ اور اپنی مہک

رکھتا ہے، جس کا رنگ آنکھوں کو سرور بخشتا اور خوشبو مشام جان کو معطر رکھتی ہے۔

جب حضرت خواجہ صاحب کی محفل عروج پر پہنچتی تو دل کش مثالوں اور دلچسپ حکایتوں کے ساتھ زندگی کے عمیق ترین حقائق چٹکیوں میں حل ہوتے جاتے۔ محفل پر کبھی جذب وجنون جاری ہوتا تو کبھی عقل وخرد کی جلوہ آرائی۔ محفل میں رحمت وشفقت حق کا ذکر آتا تو چہرے تمتما اٹھتے عذاب وعتاب کی بات چلتی تو آنسوؤں کی جھڑیاں لگ جاتیں۔ احترام انسانیت کا موضوع چھڑتا تو موتی لٹتے، تعلیم آدمیت کا مسئلہ آتا تو دریا بہتے۔ حضرت کی مجلس میں اپنوں اور غیروں کی یکجائی کا عجب سماں نظر آتا، نہ کسی پر تنقید، نہ کسی پر تعریض، گفتگو میں نہ مناظرانہ پن اور نہ کسی کی دل آزاری کا شائبہ، آپ کی باتیں ایجاز واختصار کا بہترین مرقع ہوتی تھیں قطرے میں دریا اور ذرے میں صحرا کو انھوں نے سمو کر رکھ دیا۔

حضرت خواجہ صاحب کس دلنشین انداز میں اپنے متعلقین اور عامۃ الناس کی اصلاح وتربیت کرتے تھے ایسی ہی چند مثال کی جھلکیاں ملاحظہ ہوں:

حال کی فکر کرو:

حضرت خواجہ فرمایا کرتے تھے کہ صوفیا حضرات فرماتے ہیں: ”الماضی لایذکر والمستقبل لایفکر والحال تعتبر“ جو گزر چکا ہے اس کو یاد مت کرو، اور مستقبل کی فکر مت کرو بس حال کی فکر کرو کہ یہ لمحہ غفلت میں نہ گزر جائے۔ جو آدمی ہر وقت موجودہ لمحے کی فکر کرے، اس کی آئندہ زندگی سنور جائے گی، اس فارمولے کو یاد الٰہی کے علاوہ بھی تمام امور پر لاگو کر سکتے ہیں، ان شاء اللہ کامیابی قدم چومے گی۔

اللہ تعالیٰ سے مانگنے کا طریقہ:

اللہ تعالیٰ سے مانگنے کا طریقہ حضرت خواجہ صاحبؒ نے فرمایا کہ آج بی بی کلثوم (حضرت کی صاحبزادی) میرے پاس آئیں اور کہنے لگیں کہ باباجی گرمی بہت زیادہ ہے، میرے کمرے میں اے سی لگوادیں، پھر چلی گئیں اور واپس آکر کہنے لگیں: باباجی گرمی بہت زیادہ ہے، میرے کمرے میں اے سی لگوادیں، کئی بار میرے پاس آئیں اور مجھے آمادہ کر کے چھوڑا۔ بس یہی طریقہ دعا مانگنے کا ہے کہ اللہ کریم کی بارگاہ میں لجاجت سے اپنی حاجت پیش کریں، پھر پیش کریں، پھر پیش کریں حتیٰ کہ وہ کریم ذات جل شانہ آمادہ ہو جائے اور بندے کی دعا کو قبولیت عنایت فرمائے ...

جو مانگنے کا طریقہ ہے اس طرح مانگو   در کریم سے بندے کو کیا نہیں ملتا

آدابِ اسلامی کا خیال:

حضرت آدابِ اسلامی کا بہت خیال رکھتے، آپ نے فرمایا کہ حضرت خواجہ عبید اللہ احرار نے کسی بزرگ کی شہرت سنی تو ایک ساتھی کو لے کر ان کی ملاقات کیلئے گئے، جب ان کے مقام پر پہنچے تو دیکھا کہ وہ قبلہ رخ ناک صاف کر رہے ہیں، حضرت خواجہ صاحبؒ احرار واپس لوٹ آئے اور فرمایا: "جو آدمی اتنے آداب کا خیال نہیں رکھتا، وہ اسرار الٰہی کو کس طرح اپنے سینے میں محفوظ رکھ سکتا ہے۔

پیدل واپس کرایہ:

حضرت خواجہ صاحبؒ نے ایک بزرگ کا واقعہ سنایا (جو بعد میں پتا چلا کہ آپ کے والد صاحب تھے) کہ وہ لاہور میں کسی تاریخ کیلئے تشریف لے گئے، جب تاریخ سے فارغ ہوئے تو سوچا کہ آدھا سفر ہو چکا ہے کیوں نہ سرہند شریف چلا جاؤں۔ فکمث

لیا اور سرہند شریف چلے گئے، جب واپس ہوئے تو ریل میں سوار ہوتے ہوئے راستے میں نیند آ گئی خواب میں دیکھا کہ حضرت مجدد الف ثانی کی زیارت ہوئی، آپ فرما رہے تھے کہ لاہور اپنا کام لے کر آئے تھے اور ہمارے اوپر احسان کر چلے ہو ہمیں یہ آنا قبول نہیں، یہ لو اپنا کرایہ۔ جب آنکھ کھلی تو دیکھا جتنا آنے جانے کا کرایہ تھا وہ سرہانے پڑا ہوا تھا۔

اچھی بیوی کی خصوصیات :

ایک مرتبہ حضرت خواجہؒ سے عرض کیا کہ بچیوں کی تعلیم وتربیت کیا ہونی چاہیے؟ قرآن مجید حفظ کرایا جائے یا عالمہ بنایا جائے؟ حضرت نے فرمایا: "عورت کی خصوصیت زنانہ امور خوش اسلوبی سے ادا کرنا ہے، ضروری نہیں کہ حافظہ یا عالمہ اچھی بیوی بھی ہو، حضرت کی یہ نصیحت رہ رہ کر یاد آتی ہے کہ بیوی کی خصوصیت اپنے خاوند اور سسرال سے محبت اور خدمت کرنا ہے، مہمانوں کی خدمت کرنا، گھر کی صفائی ستھرائی، بچوں کی پرورش، لباس کی سلائی دھلائی، کھانے کی عمدہ پکوائی ہے، یہ وہ امور ہیں کہ دس بارہ گھنٹے روزانہ سخت محنت کر کے ایک خاتون اپنی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہوتی ہے۔ خود حضرت خواجہ کی پہلی اہلیہ محترمہ کا انتقال ہو گیا تو رشتہ داروں نے دوسری عزیزہ سے نکاح کا اصرار کیا اس وقت بھی حضرت کا یہی تقاضا تھا کہ ایسی بیوی سے شادی کروں گا جو میرے مہمانوں کی خدمت میں کسر نہ اٹھائے، دوسری اہلیہ محترمہ صاحبزادگان نجیب احمد اور سعید احمد مدظلہما کی والدہ محترمہ تھیں، ان کی پوری زندگی میں مہمانوں کے بستر صاف ستھرے اور کھانے حسب توفیق نہایت عمدگی سے تیار ہوتے تھے۔ بعض ساتھی دور دراز سے سفر کر کے رات کے وقت خانقاہ شریف میں پہنچتے تھے، ان کے لئے سالن موجود نہ ہوتا تو لنگر والے کے پاس روٹیاں اور اچار رکھوا دیتیں تاکہ میرے بیٹے بھوکے نہ سو جائیں۔ رحمۃ اللہ علیہا رحمۃ واسعۃ۔

ہائے دنیا ہائے دنیا :

حضرتؒ نے ایک تاجر کے بیٹے کا واقعہ سنایا کہ تاجر نے اسے قاری صاحب کے پاس قرآن مجید حفظ کرنے کے لئے بٹھایا۔ قاری صاحب نے بچے کو سبق دیا کہ پڑھو: ''ہائے دنیا، ہائے دنیا، بچہ ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو گیا اور پڑھنے لگ گیا'' ہائے دنیا، ہائے دنیا، ہائے دنیا۔۔۔۔ اگلے ہفتے بچہ گھر گیا اور والد صاحب نے فرمائش کی کہ ہمیں جو کچھ قرآن مجید پڑھا ہے سناؤ۔ تو بچہ ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو گیا اور پڑھنے لگا: '''' ہائے دنیا، ہائے دنیا، ہائے دنیا۔۔۔۔ بچے کے والد صاحب قاری صاحب سے ملے اور ''ہائے دنیا '' والے سبق کی شکایت کی کہ ہم نے تو بچے کو قرآن مجید پڑھنے کے لئے بھیجا تھا یہ کیا یاد کر رہا ہے؟ قاری صاحب نے فرمایا کہ میں ایڑی چوٹی کا زور لگا کر آپ کے بچے کو قرآن پڑھاؤں اور جب وہ ماہر حافظ بن جائے تو آپ اسے دوکان پر بٹھا دیں گے اس لئے میں نے شروع ہی سے وہی سبق دیا ہے جو تین سال بعد آپ نے دینا ہے۔ حضرت خواجہ صاحب کا مقصود یہ تھا کہ بچے کو قرآن مجید یاد کرانے کے بعد روزی کمانے کے پیشوں پر نہیں لگانا چاہیے۔

صفائے باطن کا اہتمام :

حضرت خواجہ صاحبؒ ہمیشہ شکوہ فرماتے تھے کہ ہمارے صوفی محنت نہیں کرتے، ہم سوتر (زیادہ سونے والے) لوگ ہیں، ہمیں محنت کر کے ترقی کرنی چاہیے فرمایا: مختلف مذاہب میں باطنی صفائی کرنے والے لوگ ہوتے ہیں جس طرح مسلمان اپنے طریقے سے باطنی صفائی کرتے ہیں عیسائی، ہندو وغیرہ اپنے اپنے طریقے سے باطنی صفائی کرتے ہیں، ہندو مذہب میں ایسے لوگ ''سادھو'' کہلاتے

ہیں۔ ایک سادھو کا واقعہ سنایا کہ وہ سخت گرمی کے موسم میں ایک سایہ دار درخت کے پاس پہنچا تاکہ سایہ میں آرام کرے وہاں ایک مسلمان لیٹا ہوا تھا، اب سادھو اس سایہ میں جانا نہیں چاہتا جہاں مسلمان بیٹھا ہے یا سویا ہوا ہے، مسلمان کہتا ہے کہ دھوپ میں کیوں جل رہے ہو سائے میں آجاؤ تو سادھو نے کہا: میرا مذہب اجازت نہیں دیتا لیکن ایک بات بتاؤ کہ تمہارے دل میں اتنا سکون اور اطمینان دیکھ رہا ہوں، یہ کہاں سے حاصل کیا ہے، مسلمان نے جواب دیا کوئی خاص بات نہیں میں تو سیدھا سادا انسان ہوں اتنی محنت ومشقت والا آدمی نہیں ہوں۔ سادھو نے کہا: بالآخر یہ اطمینان اور سکون یونہی تو نہیں آگیا کیا کسی بڑے آدمی سے یہ بات حاصل کی ہے؟ مسلمان نے جواب دیا ایک بزرگ نے میرے دل پہ انگلی رکھ کر اللہ اللہ کیا تھا جس کا جو اثر آپ محسوس کر رہے ہیں یہ اسی کی وجہ سے ہے تو سادھو نے کہا: آپ ٹھیک کہتے ہیں۔ ہمارے بزرگان اپنے مریدوں کو لطائف پر انگلی رکھ کر اللہ اللہ سکھاتے ہیں جس سے قلوب کا تزکیہ ہوتا ہے، اب مرید کا کام ہے کہ محنت کرکے ترقی حاصل کرے۔ یہ جو قرآن مجید میں اطمینان قلوب کا ذکر ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے پاک ذکر کی طرف اشارہ ہے ہمارے مسلمان اس کی قدر نہیں کرتے مگر ہندو سادھو اس کو محسوس کر رہا تھا۔

دعا ذرا تاخیر سے قبولیت کا شرف حاصل کرتی:

حضرت خواجہ صاحب عموماً جو دعا فرماتے وہ ذرا تاخیر سے قبولیت کا شرف حاصل کرتی تاکہ لوگ یہ نہ سمجھیں کہ حضرت ہی سب کچھ کرنے والے ہیں۔ ایک مرتبہ ایک مجذوب کا واقعہ سنایا کہ لوگوں نے ان سے بارش کے لئے دعا کرنے کی درخواست کی۔ مجذوب نے کہا: آج کل اللہ تعالیٰ مجھ سے ناراض ہے، کسی اور سے دعا کراؤ۔

لیکن غرض مند تو دیوانے ہوتے ہیں وہ برابر اصرار کرتے رہے کہ حضرت! دعا فرمائیں، مجذوب نے کہا کہ میری ٹوپی دھو کر دھوپ پر سوکھنے کیلئے ڈالو جونہی ٹوپی دھو کر دھوپ میں ڈالی گئی آنا فانا بادل چھا گئے اور بارش شروع ہوگئی۔ مجذوب نے کہا: میں نے تمہیں بتایا کہ آج کل اللہ تعالیٰ میرے ساتھ ناراض ہے، لو دیکھو میں نے ٹوپی سوکھنے کیلئے دھوپ میں ڈلوائی ہے تو اللہ تعالیٰ نے اسے سوکھنے نہیں دیا۔ لوگوں کو بارش بھی مل گئی اور اپنی طرف بات بھی نہیں آنے دی۔ کہ لوگ گمراہ نہ ہو جائیں کہ مجذوب کو خدا سمجھ بیٹھیں یہی کیفیت ہمارے حضرت خواجہ صاحب کی تھی (رحمۃ اللہ رحمۃ واسعۃ)

عامۃ المسلمین کے لئے راہ نما اصول :

فرمایا: حضرت امام ابو حنیفہ حج پر تشریف لے گئے، اور حضرت امام جعفر صادق سے ملاقات ہوئی، تعارف شروع ہوا کہ آپ کا نام کیا ہے؟ فرمایا: نعمان بن ثابت کوفہ سے۔ پوچھا: آپ وہی نعمان بن ثابت ہیں جنہوں نے میرے نانا کے دین میں اپنی مرضی سے تبدیلی کی ہے؟ عرض کیا: معاذ اللہ! میں کون ہوں جو دین میں اپنی رائے کو دخل دوں، پھر وضاحت کی کہ پیشاب منی سے زیادہ ناپاک ہے، آپ کے نانا ﷺ نے منی نکلنے پر غسل فرض قرار دیا ہے اگر میں عقل سے بات کرتا تو زیادہ ناپاک چیز (پیشاب) کے نکلنے پر غسل فرض قرار دیتا۔ پھر عرض کیا کہ روزہ سال میں ایک مہینہ فرض ہے اور نماز دن میں پانچ مرتبہ فرض ہے۔ آپ کے نانا محترم ﷺ نے ناپاکی کے ایام میں عورتوں پر رمضان کے روزوں کے چھوٹ جانے پر قضا کا حکم دیا ہے، اگر میں عقل کے ساتھ فیصلہ کرتا تو نماز کے چھوٹنے پر قضاء کا حکم دیتا کیونکہ نماز، روزے کی نسبت اہم فریضہ ہے۔ پھر عرض کیا کہ آپ کے نانا ﷺ نے سفر کے دوران

آنے والے روزوں کو قصر کرنے کا حکم نہیں دیا جبکہ نماز کو قصر کرنے کا حکم دیا ہے اگر میں عقل سے فیصلہ کرتا تو روزوں کو قصر کرنے کا حکم دیتا کیونکہ یہ نماز کے مقابلے میں کم اہمیت رکھتے ہیں اس لئے میں نے دین کے مسئلے میں عقل کو دخل نہیں دیا۔ حضرت امام جعفر صادق ان دلائل پر خوش ہوئے تو فرمایا: کیا میں آپ کا امتحان لے سکتا ہوں؟ عرض کیا: جی ہاں! پوچھا کہ: مسلمان کی کیا تعریف ہے؟؟ عرض کیا کہ: جو خیر اور شر میں تمیز کرے۔ فرمایا: جواب درست ہے لیکن تھوڑا سا اضافہ کریں کہ جو آدمی دو خیروں اور دو شروں میں تمیز کرلے، وہ مسلمان ہے دو خیریں پیش آجائیں تو بڑی خیر کو اختیار کرے اور دو شروں سے واسطہ پڑ جائے تو ہلکے شر کو قبول کرے، ہمارے حضرت نے دو عظیم شخصیات کے تعارف کو عامۃ المسلمین کے لئے رہنما اصول بنا کر پیش فرمایا۔

قرآن، ذوق وشوق اور لگن سے پڑھنا چاہیے:

آپ محنتی آدمی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور بڑے آدمیوں کی مثالیں دے کر محنت کے ثمر کا اظہار فرماتے۔ ۱۹۵۳ء میں ختم نبوت تحریک کے سلسلے میں جب جیل جانا پڑا تو آپ کیساتھ حضرت قاری رحیم بخش صاحب پانی پتی بھی تھے اور ان کے اکرام اور خدمت کیلئے دو شاگرد بھی تھے۔ قاری صاحب دونوں شاگردوں سے پندرہ پارے ہر روز سنتے تھے۔

حضرت خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ میں نے قاری صاحب کو کہا کہ ایک تو جیل کی سختی ہے اور دوسرے آپ ان بچوں سے روزانہ پندرہ پندرہ پارے سنتے ہیں (اس میں نرمی کریں) تو قاری صاحب نے جواب دیا کہ جب میں نے حضرت قاری فتح محمد صاحب پانی پتی سے قرآن مجید ختم کیا تو قاری فتح محمد صاحب نے فرمایا کہ کل

ایک پارہ تیار کر کے سناتا، میں خوش ہو گیا اور اگلے دن ایک پارہ سنایا تو حضرت قاری صاحب نے فرمایا: کل تیس پارے سناتا، میں نے اگلے روز تیس پارے سنائے، اب میں سوچ رہا تھا کہ شاید اگلے دن حضرت ایک ایک پارہ مقرر کر دیں گے مگر ایسا نہ ہوا جب تیس پارے سنا دیئے تو حضرت قاری صاحب نے فرمایا: "کل تیس پارے سناتا" میں اب ہر روز یہی فرماتے کہ کل تیس پارے سنانا ہیں۔ میں ایک سال تک روزانہ تیس پارے سناتا رہا۔ جب سال ختم ہوا تو حضرت قاری صاحب نے فرمایا اوقاری صاحب اب تم فارغ ہو اب قرآن شریف کو بھلانا بھی چاہو گے تو نہیں بھلا سکو گے۔ حضرت خواجہ صاحب نے فرمایا کہ قاری رحیم بخش صاحب الٹا قرآن مجید روانی سے پڑھ سکتے تھے۔ مثلاً آخری آیت پڑھی پھر اس سے پہلی، پھر اس سے پہلی اور پڑھتے چلے جاتے۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی آپ کے سینکڑوں شاگرد ہوئے اور کرتے ہیں۔ ہمارے حفاظ کو قرآن مجید اسی ذوق شوق اور لگن و محنت سے پڑھنا چاہیے تا کہ کل اس کی خدمت کر سکیں۔

انسان اپنے طور پر کچھ بھی نہیں :

ایک مرتبہ نفی اثبات کے بارے میں فرمایا کہ جب آدمی کلمہ طیبہ کی "نفی" کرتا ہے تو اس سے اپنی نفی کرنی چاہیے کہ میں کچھ بھی نہیں اس کے بعد باقی موجودات کی نفی کی باری آتی ہے جب تک آدمی اپنی نفی کا اقرار نہیں کرتا اس وقت تک اللہ تعالیٰ کے اثبات کا اقرار نہیں ہو سکتا جب انسان پیدا نہیں ہوا تھا اس وقت بھی اس کا وجود نہیں تھا اور جب مر جائے گا تو اس وقت بھی اس کا وجود نہیں رہے گا۔ دنیا میں چلتا پھرتا انسان اپنی مرضی سے زندہ نہیں رہتا مرنے والا اپنی مرضی سے نہیں مرتا موت تو در کنار انسان کو بیماری بھی اپنی مرضی سے نہیں آتی۔ اگر بیماری آ جائے تو شفا اس کی اپنی مرضی

سے نہیں آتی۔ جسم کے اندر جتنے اعضائے رئیسہ کام کر رہے ہیں ان کے عمل میں انسان کو دخل نہیں ہے۔ کئی مرتبہ دیکھا گیا ہے کہ آنکھ ہوتی ہے مگر دیکھ نہیں سکتی، کان ہوتے ہیں مگر سن نہیں سکتے، زبان ہوتی ہے مگر بول نہیں سکتی، پورے کا پورا انسان اللہ تعالیٰ کے رحم و کرم پر چل رہا ہے اور اپنے طور پر کچھ بھی نہیں۔ یعنی "لا" ہے۔

اللہ تعالیٰ رحم و کرم فرمائے گا:

حضرت خواجہ صاحب دونا ساتھی کی بات سن کر فرماتے: "اللہ تعالیٰ رحم و کرم فرمائے!" وہ ساتھی کہتا "حضرت دعا فرمائیں" حضرت پھر یہی فرماتے "اللہ تعالیٰ رحم و کرم فرمائے!" وہ ساتھی پھر زور دے کر عرض کرتا کہ حضرت! میری پریشانی کو دیکھیں، آپ سے خصوصی دعا کی التجا ہے حضرت پھر یہی فرماتے: "اللہ تعالیٰ رحم و کرم فرمائے" بالآخر ساتھی بول پڑتا کہ: حضرت! میں دعا کی التجا کر رہا ہوں اور آپ بس یہی فرما دیتے ہیں اللہ تعالیٰ رحم فرمائے، کوئی خصوصی دعا فرمائیں۔ تب جا کر ساتھی کو سمجھ آتی کہ "اللہ تعالیٰ رحم و کرم فرمائے" یہی دعا ہے۔

مجھ کو تو ناز ہے جنت پہ اے رضوان!

ایک مرتبہ حضرت خواجہ صاحب نے جناب نبی کریم ﷺ کا تذکرہ کیا اور فرمایا کہ آپ رحمۃ للعالمین تھے۔ صرف مسلمانوں کے لئے نہیں بلکہ تمام مخلوقات اور تمام غیر مسلموں کے لئے بھی رحمت ہیں۔ ایک ہندو شاعر (شاید بھیم داس نرائن) حج کے موسم میں ایک حاجی کے پاس کسی کی مدد سے پہنچا کیونکہ وہ نابینا ہو چکا تھا، حاجی کو بتایا کہ میں ہندو ہوں لیکن نبی کریم ﷺ رحمۃ للعالمین ہیں، مجھے امید ہے اللہ تعالیٰ مجھے اس رحمت سے محروم نہیں رکھیں گے۔ لہٰذا میں ایک نعت لکھ کر لایا ہوں یہ حضور

اقدس ﷺ کے روضۂ اطہر پر پڑھتا، میں آپ کا ممنون ہوں گا۔ کافی دنوں بعد یہ ہندو اپنی مجلس میں بیٹھا تھا کہ اچانک کہنے لگا کہ آج میری نعت روضۂ اطہر پر پڑھی جا رہی ہے۔ لوگوں نے پوچھا: کیسے محسوس ہوا؟ ہندو نے جواب دیا کہ میری نظر واپس آ رہی ہے، جب نعت پوری ہوئی تو نظر بھی پوری واپس آ گئی۔ اس نعت کا ایک شعر یہ ہے:

تجھ کو ناز ہے جنت پا کے رضوان! کیا چیز ہے وہ روضۂ اطہر کے سامنے

کریم کے دروازے کو کھٹکھٹاتے رہو:

ایک مرتبہ مدینہ منورہ سے تشریف لائے مولانا الیاس فیصل مدظلہ نے سامنے آٹوگراف بک رکھی تو موصوف نے لکھا: ”دنیا میں تو جیت شرط ہے اور دین میں قبولیت!“

معیارِ قابلیت کا فیصلہ اہل دنیا کرتے ہیں اسلئے قابلیت میں ہر ایک مقدر کا سکندر نہیں بن پاتا۔ قبولیت تو بارگاہِ الٰہی میں ہوتی ہے اور بقول حضرت مدنیؒ: تمہارا کام یہ ہے کہ اس کریم کے دروازے کو کھٹکھٹاتے رہو، کیونکہ جو دروازے پہ دستک دیتا رہتا ہے بالآخر کھول دیا جاتا ہے۔“

حضرت نفیس الحسینیؒ کیا خوب فرماتے: ”لوگ بڑوں کی زندگی کے آخری حالات پر رشک تو کرتے ہیں لیکن ان کی زندگی کے آغاز و ابتداء سے سبق نہیں سیکھتے“۔

وتروں میں دعائے قنوت:

آپ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت ثانیؒ وتروں میں دعائے قنوت:

”اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ

مَنْ یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ"۔

پڑھنے کے بعد:

"اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ اِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ اِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ نَسْتَغْفِرُکَ وَنَتُوْبُ اِلَیْکَ"

پڑھا کرتے تھے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ اہل اللہ کے اقوال، ملفوظات اور ان کے فوائد و منافع لوگوں کی تربیت اور اصلاح کے لئے بہت اہمیت کے حامل ہوا کرتے ہیں۔

ہمارے حضرت نواب صاحب بہت کم گو تھے، جو کچھ کہتے ایک ایک حرف تلا ہوتا اور ترکش کے تیروں کی طرح نشانے پر بیٹھتا چلا جاتا تھا۔ ان کی زبان سے بعض تاریخی جملے ادا ہو جاتے تھے، وہ صاحب کشف و کرامات تھے، ان کی مجلس میں بیٹھنے والوں نے ان سے کئی ملاقاتوں میں ایسے ایسے فقرات، جملے اور باتیں سنیں جو اس وقت عجیب سے نظر آتے تھے مگر بعد کے واقعات نے ان کی نہ صرف توثیق کی بلکہ ہوبہو واقعات و حالات کا وہی سانچا بنتا چلا گیا جو اس فقیر درویش صفت کی نگاہ نے برسوں پہلے دیکھا تھا آج ان کا اٹھ جانا دین و فقر کی فضا میں ایک ایسا خلا پیدا کر گیا ہے کہ بے اختیار اپنی خانہ ویرانی کا ماتم کرنے کو جی چاہتا ہے۔

باب : ۱۰

اوراد، وظائف اور مسنون دُعائیں

شیخ صفوری نے ایک جگہ لکھا ہے اس بحث سے قطع نظر کہ یہ روایت کس قدر مستند ہے؟ اس کا راوی کون ہے؟ کس کتاب میں منقول ہے اور اس کی صحت کا کیا عالم ہے؟ بہرحال بات یہ ہے کہ ایک بت پرست کو حاجت آ پڑی اور وہ اپنے بت کے سامنے ہاتھ باندھ کر بیٹھ گیا اور "یاصنم یاصنم" کا ورد الاپنے لگا۔ مٹی کے مادھو نے کیا جواب دینا تھا۔ سبقت لسانی میں اس بت پرست کے منہ سے یاصنم یاصنم کے بجائے دوچار مرتبہ یَا صَمَدْ ، یَا صَمَدْ کا جملہ نکل پڑا۔ ربّ ذوالجلال نے فوراً جواب عطا فرمایا "لَبَّیْکَ یَا عَبْدِیْ" جی میرے بندے کیا کہنا ہے میں حاضر ہوں۔ فرشتوں نے عرض کیا اے بار الٰہا! وہ تو اپنے بت کو پکار رہا ہے بے خیالی میں تیرا نام اس کی زبان پر آ گیا ہے۔ اس پر ربّ ذوالجلال نے فرمایا وہ ایک مدت تک بت کو پکارتا رہا مگر اس کو جواب نہ ملا اب اس نے بے دھیانی میں ہی مجھے پکارا ہے اگر میں بھی جواب نہ دوں تو پھر صنم اور صمد میں کیا فرق رہ جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ان ہاتھوں کا بہت اکرام فرماتا ہے جو دعا کے لئے اٹھے ہوئے ہوں۔ اس زبان پر رب کو پیار آتا ہے جو اس کا نام لے کر پکارتی ہے جو خود کو رب کے سامنے فقیر محتاج اور منگتا بنا کر پیش کرتا ہے۔ اللہ اسے ہر ایک سے غنی کر دیتا ہے جو جتنی لمبی جھولی پھیلاتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے اتنا ہی زیادہ پیار کرتا ہے ......

آتا ہے فقیروں پہ اسے پیار کچھ ایسا
خود بھیک دے اور خود کہے منگتے کا بھلا ہو

محمد عربی ﷺ نے فرمایا: اللہ اس بندے سے ناراض ہوتا ہے جو اس سے نہ مانگے۔ لوگ مانگنے پر منہ بناتے ہیں جبکہ رب مانگنے پر خوش اور دست سوال دراز کرنے پر مسرور اور دعا کے لئے ہاتھ اٹھانے پر راضی ہوتا ہے۔

دعا بظاہر ایک دینی اصطلاح ہے اور اہل دنیا اسے پیروں، فقیروں، صوفیوں اور مولویوں کا وظیفہ گردانتے ہیں یا زیادہ سے زیادہ غریب، محتاج، سائل اور کمزور لوگوں کا نفسیاتی سہارا۔ بلاشبہ پاکباز لوگوں اور صوفیوں کا وظیفہ ہے اور محتاج لوگوں کی روحانی ڈھارس۔

دعا وہ وظیفہ ہے جو بندے کو احساس بندگی دلاتا ہے اور رحمت حق کو مہمیز دیتا ہے۔ دعا وہ نقطۂ اتصال ہے جو بندے کی تمنا اور اللہ کی عطا کو ایک جگہ جمع کر دیتا ہے۔ انسان جس قدر بے بسی سے ہاتھ پھیلاتا ہے رب ذوالجلال بڑی تیزی سے اس کو شرف قبولیت بخشتا ہے۔ دعا بندے کے لئے کیف پرور اور روح افزا بھی ہوتا ہے کسی نے کیا خوب ترجمانی کی ہے:

کیسے مزے کے دن تھے کہ راتوں کو صبح تک
میں تھا تیری جناب تھی دست سوال تھا

انسان خواہ سیہ کار ہو یا نیک کار، تہجد گزار ہو یا بدکار، پرہیزگار ہو یا گناہ گار، خوش اطوار ہو یا بدکردار، دینے والا منہ پھیر کر نہیں دیتا اپنی شان کرم دیکھتا ہے۔ دعا مانگنا کمیت نہیں کیفیت ہے مانگنے کیلئے ضروری نہیں کہ کوئی عربی ادب کا ماہر ہو اردو ادب کا غالب واقبال کلام ہو، گونگا بھی اپنے انداز میں مانگ سکتا ہے اور ہکلانے والا شخص

بھی اپنا دل کھول کر رکھ سکتا ہے، رب کی رحمت سب کے لئے ہے۔ رحمت رب تو بہانہ ڈھونڈتی ہے، بس ایک حیلہ مطلوب ہوتا ہے، رب چاہتا ہے بندہ مانگے تو اس حال میں کہ دل کی دھڑکن تیز ہو، جسم پر کپکپی ہو، روح بے قرار ہو، آنکھیں اشکبار ہوں، ہاتھوں میں گدایانہ ارتعاش ہو، لہجے کا اضطراب ہو، گناہوں کا اعتراف ہو تو کوئی بھی قبولیت دعا کا زینہ بن جاتا ہے۔

ہمارے حضرت خواجہ صاحب ساری زندگی اپنے متعلقین اور مریدین کو دعاؤں کا سلیقہ سکھاتے رہے۔ وہ فرمایا کرتے تھے دعا جب تک کیفیت نہ بنے، الفاظ کے سانچے میں نہ بیٹھے اور تمنا کے پیکر میں نہ ڈھلے پھر وہ دعا اور وظیفہ نہیں محض مشق بن جاتا ہے اور وہ بھی بے رنگ اور بے کیف۔ فرمایا کرتے تم اپنے ہاتھوں کو مجسم سوال بناؤ، دامن کو کشکول میں بدل دو تو پھر ایک آہ سرد اور ایک قطرہ اشک دعا کی قبولیت کے ضامن بن جاتے ہیں وظیفہ اور دعا لفظوں کے تکرار کا نہیں بندگی کے اظہار کا نام ہے۔ اور خانقاہ سراجیہ کے بعض اکابر اور حضرت خواجہ صاحبؒ نے اپنی زندگی میں بعض دعائیں وظائف اور اوراد اپنے مریدین کو بتائے سکھائے۔ ذیل میں وہ وجد انگیز وظیفے ذوق آفریں اوراد اور روح پرور دعائیں افادۂ عام کیلئے پیش کی جا رہی ہیں:

برائے دفع شیاطین و حوادث دیگر:

حضرت شاہ احمد سعید صاحب دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ایک بار صبح کی نماز کے بعد اور ایک بار مغرب کی نماز کے بعد یہ تینتیس (۳۳) آیات پڑھے گا وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت و امان میں رہے گا۔ بحکم الٰہی اس پر زہر اور بددعا کا اثر نہیں ہوگا۔ شیاطین اور دشمنوں کے شر سے محفوظ و مامون رہے گا۔ (اعمالِ قرآنی شریف)

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ یہ تینتیس آیتیں

مع سورۃ فاتحہ و چہار قل ردِ سحر میں بے حد نفع بخش ہیں۔ شیاطین، چوروں اور درندوں سے پناہ ہو جاتی ہے۔ (القول الجمیل) دفع امراض و سحر کے لئے پانی پر دم کر کے پئیں۔

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

